# کشمیر عظمیٰ

روزنامہ

جمعرات

13 جولائی 2023ء

24ذی الحجۃ 1444ھ

City Edition | Srinagar-Jammu

www.kashmiruzma.net
www.kashmiruzma.news | Owned by GK Communications Pvt Ltd | Postal Registration No JK NP 41/SKGPO - 2012-2014 | قیمت5 روپے | صفحات 12 | شمارہ نمبر190 | جلد21 | Vol: 21 | No: 190 | 24th Zil Haj 1444 | Thursday | July 13th, 2023



11

قرآن کی بے حرمتی کیخلاف انسانی حقوق کونسل میں قرارداد منظور



12

دوقدم دور




جموں وکشمیر ہائر ایجوکیشن کونسل کی میٹنگ

## تعلیم کا دیرینہ نظام بدل گیا

### کلاس روم مضامین پڑھانا آج کے تناظر میں غیر متعلق: لیفٹیننٹ گورنر



عظمیٰ نیوزسروس

سرینگر//لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے بدھ کو راج بھون میں جموں وکشمیر ہائیر ایجوکیشن کونسل میٹنگ کی صدارت کی۔میٹنگ میں متعدد موضوعات کثیر الضابطہ تعلیم، تحقیق اور اختراع کے لئے ماحولیاتی نظام، ہندوستانی فلسفہ اور زبانیں اور پروجیکٹ پر مبنی سیکھنے کا طریقہ جو معاشرے کی ضروریات اور چیلنجوں پر غور وخوض کیا گیا۔جموں یونیورسٹی کی طرف سے شروع کئے جانے والے ایک اختراعی پروگرام "ڈیزائن یور ڈگری" کے بارے میں تجاویز بھی شیئر کی گئیں۔لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ'ڈیزائن یور ڈگری' قومی تعلیمی پالیسی 2020 کے بنیادوں میں سے ایک ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ یہ 21ویں صدی کی ضروریات کے مطابق قابل اطلاق سیکھنے، مہارت میں اضافہ کو فروغ دے گا اور طلباء کو اپنے نصاب کی تشکیل کا منفرد موقعہ فراہم کرے گا۔انہوں نے کہا کہ جموں وکشمیر یوٹی میں تعلیمی شعبے کے جاری تبدیلی کے سفر کا اشتراک کرتے ہوئے تعلیم اور دیگر شعبوں میں تیز رفتار ترقی اور معاشرے کی اُبھرتی ہوئی ضروریات اور خواہشات کے لئے کلاس روموں میں تبدیلیوں اور نئے حل میں سیکھنے کے تعاون کی ضرورت ہے۔لیفٹیننٹ گورنر نے کہا،" ہمارے امرت کال کا سفر صرف ڈگری کے بارے میں نہیں بلکہ مہارتوں اور اقدارا کے بارے میں بھی ہوگا۔"انہوں نے روزگار کے نئے شعبوں کی نشاندہی کرنے اور سرکردہ ماہرین تعلیم کے ساتھ روابط بڑھانے پر زور دیا۔لیفٹیننٹ گورنر نے کہا "پانچ سیز مستقبل کی حکمت عملی کے لئے تنقیدی تشخیص ضروری ہے۔تنقیدی، سوچ، مواصلات، تعاون اور تخلیقی صلاحیتوں، جس سے مساوی اور متحرک علمی معاشرے کی تعمیر ہوگی۔"انہوں نے یونیورسٹیوں پر تنقیدی جائزہ لینے اور طاقت اور کمزوری کی نشاندہی کرنے پر زور دیا۔انہوں نے مزید کہا کہ اس سے مستقبل کے اہداف کے حصول (بقیہ صفحہ 8 پر،تعلیم کا دیرینہ)

گلمرگ صحت افزاء مقام یا 'ڈسٹ بن'

## سینکڑوں ٹن کچرا، پالی تھین و پلاسٹک بابا ریشی روڑ پر کھلے عام موجود

### ماحولیاتی تحفظ قانون اور جنگلی حیات ایکٹ کے تحت متعلقہ حکام کو قانونی نوٹس جاری



تصویر: مشتاق الحسن

اشفاق سعید

سرینگر//سیاحتی مقام گلمرگ کو صاف رکھنا حکومت کا اولین فرض ہے،لیکن بدقسمتی سے ڈیولپمنٹ اتھارٹی کی بدترین لاپرواہی سے دنیا کی اس خوبصورت جگہ کا حلیہ بگاڑ دیا گیا ہے۔یہاں کے ہوٹلوں اور دیگر کاروباری اداروں سے نکلنے والے ٹھوس فضلہ اور کچرا نے یہاں کے نازک ماحولیات کیلئے خطرے کی گھنٹی بجادی ہے، کیونکہ سینکڑوں ٹن فضلہ جس میں پالی تھین اور پلاسٹک بھی شامل ہیں، سرراہ پھینکنے سے گلمرگ کے ماحولیاتی نظام پر سوالیہ لگا ہے۔یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ 29 جولائی 2022 کو جموں وکشمیر اور لداخ کی ہائی کورٹ نے" ماسٹر پلان کے (بقیہ صفحہ 8 پر،گلمرگ صحت)

مسلم ورلڈ لیگ سربراہ سے ملاقات کرکے خوشی ہوئی

## بین المذاہب مکالمے کو آگے بڑھانے پر تبادلہ خیال: پی ایم مودی

عظمیٰ مانٹیرنگ ڈیسک



نئی دہلی// وزیراعظم نریندر مودی اور مسلم ورلڈ لیگ کے سکریٹری جنرل محمد بن عبدالکریم العیسی نے یہاں بین المذاہب مکالمے کو آگے بڑھانے، انتہا پسندانہ نظریات کا مقابلہ کرنے، عالمی امن کو فروغ دینے اور ہندوستان اور سعودی عرب کے درمیان شراکت داری کو مزید گہرا کرنے پر بات چیت کی۔پی ایم مودی اور العیسی نے منگل کو ملاقات کی اور بصیرت انگیز بات چیت کی اور اس کے قومی آئین کے دائرہ کار میں ہندوستانی تنوع سمیت وسیع مسائل پر توجہ دی۔وزیراعظم نے ٹویٹ کرتے ہوئے کہا" ہم نے بین المذاہب مکالمے کو آگے بڑھانے، انتہا پسندانہ نظریات کا مقابلہ کرنے، عالمی امن کو فروغ دینے، اور ہندوستان اور سعودی عرب کے درمیان شراکت داری کو گہرا کرنے کے بارے میں بہت اچھا تبادلہ خیال کیا"۔ملاقات کے ایک دن بعد بدھ کو پی ایم مودی نے ٹویٹ کیا۔ان کی ملاقات کے بعد، مسلم ورلڈ لیگ کے سربراہ نے کہا کہ انہوں نے پی ایم مودی کے" جامع ترقی کے لیے پرجوش نقطہ نظر" کی تعریف کی۔انہوں نے ٹویٹ کیا،"میں نے ہندوستانی وزیراعظم کے ساتھ مختلف مسائل پر ایک بصیرت انگیز بات چیت کی۔اس میں مزید انسانی مرکوز ترقی کے طریقے، عقیدے اور ثقافت کے پیروکاروں کے درمیان افہام وتفہیم اور ہم آہنگی کو فروغ دینے کی اہمیت شامل تھی۔میں جامع ترقی کی طرف محترم کے پرجوش نقطہ نظر کی تعریف کرتا ہوں۔ان کی ٹویٹ میں مزید کہا گیا کہ" انتہاپسندی اور نفرت کے تمام پہلوں کا مقابلہ کرنے کے لیے مل کر کام کرنے کی اہمیت پر بھی اتفاق کیا گیا، چاہے ان کا ذریعہ (بقیہ صفحہ 8 پر، مسلم ورلڈ لیگ)

## بڈگام میں پولیس کارروائی

### 5 ملی ٹینٹ معاونین گرفتار

عظمیٰ نیوزسروس

سرینگر// جموں وکشمیر کے بڈگام ضلع میں سیکورٹی فورسز نے لشکر طیبہ تنظیم کے پانچ ساتھیوں کو گرفتار کیا۔پولیس کے ایک ترجمان نے بتایا کہ ملی ٹینٹوں کے ساتھیوں کو شمالی کشمیر ضلع کے کھاگ علاقے میں (بقیہ صفحہ 8 پر،بڈگام میں)






## پونچھ میں گولی لگنے سے فوجی ہلاک

### حیدرپورہ سرینگر میں شبانہ تلاشیاں



عظمیٰ نیوزسروس

پونچھ// ایل اوسی پر گولی لگنے سے زخمی ہونے والا فوجی جوان دم توڑ گیا۔لائن آف کنٹرول پر تعینات فوج کا ایک سپاہی بدھ کی شام گولی لگنے سے دم توڑ گیا جس کے بعد پولیس نے معاملے کی تحقیقات شروع (بقیہ صفحہ 8 پر، پونچھ میں گولی)

آیوشمان بھارت اسکیم

## ضابطوں سے انحراف کرنے پر 41 ہسپتالوں کیخلاف کارروائی

### 2 ڈی ایمپینل ،19 میں سہولیات معطل اور 20 پر 2.94 کروڑ روپے جرمانہ

پرویز احمد





سرینگر//سٹیٹ ہیلتھ ایجنسی نے آیوشمان بھارت صحت اسکیم کے تحت مریضوں کو مفت علاج ومعالجہ فراہم کرنے میں گڑبڑ کرنے والے 41 سرکاری و نجی اسپتالوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 2 اسپتالوں کو ڈی پینل، 19 کو مخصوص مدت کیلئے معطل جبکہ 20 پر 2 کروڑ 94 جرمانہ عائد کیا ہے۔سٹیٹ ہیلتھ ایجنسی کے چیف ایگزیکٹیو ایم گنگر نے بتایا" ملکی سطح پر اینٹی فراڈ یونٹ کو 84 ہزار 936 مشکوک کیس موصول ہوئے، جن میں 83 ہزار 393 کیسوں کو تحقیقات کے بعد صحیح پانے کے بعد منظور کیا گیا جبکہ 76 کیسوں کو فراڈ قرار دیا گیا۔انہوں نے کہا کہ جموں وکشمیر میں 90 فیصد بلیں صحیح پائی گئیں اور ان کو منظور کیا گیا جبکہ 6 فیصد بلیں کو رد کیا گیا۔انہوں نے کہا" جموں وکشمیر میں ابتک 8 لاکھ 48 ہزار 258 بلیں وصول ہوئی ہیں جن میں سے 7 لاکھ 61 ہزار 992 بلوں کو واگذار کیا گیا جبکہ 6 فیصد بلوں کو رد کردیا گیا۔انہوں نے کہا کہ سٹیٹ اینٹی فراڈ یونٹ کو گذشتہ 4 سال کے دوران ملنے والی شکایات پر 41 اسپتالوں کے خلاف کارروائی کی گئی۔انہوں نے کہا کہ ان میں دونوں سرکاری اور نجی اسپتال بھی شامل ہیں۔ینجیو نے بتایا کہ اسپتال میں مریضوں کو دی جانے والی سہولات میں مختلف طریقوں سے گڑبڑ کی گئی تھی۔انہوں نے کہا کہ چند اسپتالوں میں ڈاکٹر،مفت طبی سہولیات موجود ہونے کے باوجود مریضوں کو نجی کلنکوں پر روانہ کررہے تھے اور ایسے کئی ڈاکٹروں کو معطل کرانے کے پیچھے بھی سٹیٹ ہیلتھ ایجنسی کا ہاتھ ہے۔انہوں نے کہا کہ 230 سرکاری و نجی اسپتالوں میں آیوشمان بھارت خدمات دستیاب ہیں جن میں سے 223 اسپتالوں میں آیوشمان بھارت کے علیحدہ کونٹر موجود ہیں۔انہوں نے کہا کہ ابتک 8 لاکھ 84 مریضوں کا داخلہ ہوا ہے جن پر 1481 کروڑ روپے کا خرچہ آیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ابتک 7.62 لاکھ (بقیہ صفحہ 8 پر،آیوشمان بھارت)






## عوامی شکایات کے محکمہ کا قیام

عظمیٰ نیوزسروس

جموں// جموں وکشمیر حکومت نے بدھ کو مرکز کے زیر انتظام علاقے میں عوامی شکایات کے محکمے کے قیام کی منظوری دی۔ایک حکم کا حوالہ دیتے ہوئے، حکومت جموں وکشمیر کے قواعد وضوابط کے لین دین کے دوسرے شیڈول کے اندراج 15 کے مطابق، 2020 کے گورنمنٹ آرڈر کے ذریعے مطلع کیا گیا ہے کہ "عوامی شکایات کے محکمے" کے قیام کی منظوری دی جاتی ہے۔حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ محکمہ عوامی شکایات کے ازالے کا کام کرے گا۔انتظامی محکموں اور ماتحت دفاتر کے ذریعے (بقیہ صفحہ 8 پر،عوامی شکایات)

## سمارٹ میٹرز نے بجلی چوری ختم کردی

### سکیموں کیلئے 800 کروڑ روپے مختص: منیجنگ ڈائریکٹر





عظمیٰ نیوزسروس

سرینگر//حکومت نے بدھ کو اعلان کیا کہ سمارٹ میٹروں کی تنصیب نے جموں وکشمیر میں مجموعی تکنیکی اور تجارتی (اے ٹی اینڈ سی) نقصانات کو کم کرنے میں کامیابی سے مدد کی ہے۔انہوں نے بتایا کہ جن علاقوں میں سمارٹ میٹر لگائے گئے ہیں وہاں صارفین کی طرف سے غیر قانونی ہکنگ تقریبا مکمل طور پر بند ہو چکی ہے۔کشمیر پاور ڈسٹری بیوشن کارپوریشن لمیٹڈ کے منیجنگ ڈائریکٹر بصیر الحق چودھری نے بتایا کہ سمارٹ میٹرز کی تنصیب کے بعد سے ہکنگ سسٹم کو ختم کر دیا گیا ہے۔چودھری نے کہا" بال آخر،حکومت کے (بقیہ صفحہ 8 پر،سمارٹ میٹرز)

# پٹن کے متعدد دیہات پینے کے صاف پانی سے محروم

## مقامی آبادی کو مشکلات، ضلع انتظامیہ سے مداخلت کی اپیل

فیاض بخاری

بارہمولہ// قصبہ پٹن کے متعدد دیہات پینے کے صاف پانی سے محروم ہیں، جس کے نتیجے میں مقامی آبادی کو سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہیں۔ چک جمال، سنگھ پورہ اور دسلی پور دیہات کے لوگوں نے محکمہ جل شکتی کے خلاف سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ گرمیوں کے ایام میں ہم پانی کی بوند بوند کو ترس رہے ہیں۔ چک جمال گاؤں کے سجاد احمد نامی شہری نے بتایا کہ علاقے میں گزشتہ کئی ہفتوں سے پانی کی قلت سے لوگوں کو کافی پریشانیوں کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ متعلقہ محکمہ کی عدم توجہی کی وجہ سے ہمیں دوسری جگہوں سے مقامی نالہ سے پانی حاصل کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے بتایا ہے کہ پانی کی قلت سے وہ کافی متاثر ہیں اور طویل عرصے سے پانی کی قلت کی وجہ سے ہر روز ان دیہات کی خواتین کو پینے کا پانی حاصل کرنے کیلئے کئی میل پیدل سفر کر کے ریڈھیوں کا سہارا لیکر پانی لانا پڑتا ہے۔ اسی طرح دسل پورہ علاقے میں پینے کی صاف پانی کی عدم دستیابی کی وجہ سے لوگ پریشان ہے۔ مقامی لوگوں کے مطابق اگر چہ اس مسئلہ کو حل کرنے کے لئے انتظامیہ نے پریہاس پورہ پٹن میں ایک واٹر ریزرور کی تعمیر کا کام عمل میں لانے کا منصوبہ بنایا جس سے یہاں پورے علاقوں میں پانی کی سپلائی فراہم کی جائے۔ تاہم محکمہ آرکیولوجی محکمہ جل شکتی کو این او سی فراہم نہیں کر رہا ہے، جس کی وجہ سے یہاں (بقیہ صفحہ 8 پر، متعدد دیہات)



# برقی رو سے محرومی عذاب سے کم نہیں

### کپوارہ میں بجلی کا بحران

اشرف چراغ

کپوارہ// شمالی ضلع کپوارہ میں گزشتہ کئی روز سے بجلی کی بار بار کٹوتی سے لوگ تنگ آ چکے ہیں۔ ماہ جون تک ضلع میں موسم سرما کا شیڈول تھا لیکن جون میں شیڈول کو تبدیل کر کے بجلی کی کٹوتی کو کم تو کیا گیا لیکن زمینی سطح پر ایسا کچھ نہیں دکھائی دیتا۔ سرحدی علاقہ کیرن سے لیکر مژھل اور قاضی آباد تک ایک جیسی صورتحال بنی ہوئی ہے۔ لوگوں کا کہنا ہے کہ کئی روز سے ضلع میں بجلی بحران نے سنگین صورتحال اختیار کی ہے، جس کی وجہ سے سخت گرمیوں میں لوگ زبردست تنگ آ چکے ہیں۔ ضلع کے ترہگام سب ڈویژن کے لوگوں کا کہنا ہے کہ ان کے علاقوں میں مارچ کے مہینے میں بجلی فیس میں بے تحاشہ اضافہ کیا گیا۔ صارفین کے مطابق 375 بجلی فیس کو بڑھا کر 460 کیا گیا لیکن چند ہی دنوں کے بعد ترہگام سب ڈویژن نے 460 میں اضافہ کر کے 690 کر دیا جو غریب عوام پر بھاری ہے۔ لوگوں کا کہنا ہے کہ بجلی فیس میں اضافہ کے باجود بھی انہیں معقول بجلی سپلائی فراہم نہیں ہوتی ہے جسکی وجہ سے انہیں سخت مشکلات کا سامنا ہے۔ لوگوں کا کہنا ہے کہ گرمیوں کے ان ایام میں صارفین کو بجلی کی سخت ضرورت رہتی ہے لیکن ضلع میں بجلی کی صورتحال انتہائی تشویش ناک ہے۔ (بقیہ صفحہ 8 پر، بجلی بحران)

## ایس پی کالج کو NAAC کا A+ گریڈ عطا




عظمیٰ نیوز سروس

سرینگر// ایک اہم پیش رفت میں ایس پی کالج سرینگر کو NAAC کی طرف سے اے پلس گریڈ دیا گیا ہے۔ این اے اے سی کی ایک ٹیم نے ڈاکٹر ستیہ نارائن سراسنی کی قیادت میں جون کے مہینے میں کالج کا دورہ کیا اور کالج میں دستیاب سہولیاتِ ڈھانچہ، غیر نصابی سرگرمیاں اور تحقیقی کام کا تفصیلی جائزہ لیکر اطمینان کا اظہار کیا۔ اس پیش رفت پر بات کرتے ہوئے کالج کے پرنسپل پروفیسر غلام جیلانی قریشی نے اطمینان کا اظہار (بقیہ صفحہ 8 پر، ایس پی کالج)

# یوم آزادی تقریبات، صوبائی کمشنر کشمیر نے انتظامات کا جائزہ لیا

عظمیٰ نیوز سروس

سرینگر// صوبائی کمشنر کشمیر وِجے کمار بِدھوری نے افسروں کی ایک میٹنگ منعقد میں یوم آزادی 2023ء کی تقریبات کے اِنتظامات کا جائزہ لیا۔ میٹنگ کو جانکاری دی گئی ہے کہ مرکزی تقریب سری نگر کے ایس کے کرکٹ سٹیڈیم میں منعقد ہوگی جہاں مہمان خصوصی قومی پرچم لہرائیں گے۔ صوبائی کمشنر نے قومی تقریب کی اہمیت پر روشنی ڈالی اور ضلع ترقیاتی کمشنروں، ایس ایس پیز اور لائن ڈیپارٹمنٹوں کے دیگر متعلقہ اَفسروں کو ان کے کردار اور ذمہ داری کے بارے میں آگاہ کیا۔ اُنہوں نے اَفسروں کو ہدایت دی کہ تمام اَضلاع میں تقریب منانے کے لئے پہلے سے کسی چوک سے مبرا اِنتظامات کئے جائیں۔ میٹنگ میں سکیورٹی کے انتظامات، ٹریفک، سکیورٹی پاسز، نشستوں کے اِنتظامات، شہنائی ودان، دفاتر کا چراغاں، پی اے ایس، بجلی اور پانی کی فراہمی، صفائی، طبی سہولیات، دعوتی کارڈ، ثقافتی سرگرمیوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اُنہوں نے پریڈ دستے کی تیاری کرنے کے لئے پولیس، سی آر پی ایف، بی ایس ایف وغیرہ کے علاوہ ڈائریکٹر کالجز، ناظم سکولی تعلیم او راین سی سی کے اَفسران کو ہدایت دی۔ جموں وکشمیر پولیس، آرمڈ، سی آر پی ایف، لیڈی دستے، ہوم گارڈ، فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز اور فارسٹ پروٹیکشن فورس کے دستے مارچ پاسٹ میں حصہ لیں گے اور ماضی کے مشق کے مطابق بینڈ کے اِنتظامات کریں گے۔ اُنہوں نے تمام اَفسروں پر زور دیا کہ وہ ضروریات کا جائزہ لینے، مارچ پاسٹ اور پرچم لہرانے کے لئے علاقے کی حد بندی اور نشاندہی کرنے کے لئے (بقیہ صفحہ 8 پر، یوم آزادی)





## ایس پی سکول میں 5 روزہ کشیر البلاغ نمائش

### نوجوان عوامی وفلاحی اسکیموں کے سفیر بنیں: اعجاز اسد



عظمیٰ نیوز سروس

سری نگر// ضلع ترقیاتی کمشنر سرینگر محمد اعجاز اسد نے بدھ کو گورنمنٹ ایس پی ہائر سیکنڈری اسکول میں مرکزی وزارت اطلاعات ونشریات کے سینٹرل بیورو کیمونکیشن کے زیر اہتمام 5 روزہ کشیر البلاغ نمائش کے تیسرے دن کی تقریب کی صدارت کی۔ 9 سال، سیوا سوشاسن غریب کلیان (بہتر سرکاری خدمات برائے فلاح غرباء) کے تھیم پر ملٹی میڈیا (بقیہ صفحہ 8 پر، سفیر بنیں)

## حصول علم ربانی فریضہ: جسٹس کرمانی



اونتی پورہ// 'قابل احترام سے ملاقات' پروگرام کے تحت اسلامک یونیورسٹی میں جسٹس (ر) بشیر احمد کرمانی کی میزبانی کی گئی۔ رومی لائبریری کے اہتمام سے منعقدہ پروگرام میں طلاب، سکالرس، فیکلٹی اور یونیورسٹی حکام نے حصہ لیا۔ رومی لائبریری کے لائبریرین ڈاکٹر فیاض احمد لون نے مہمان کا خیر مقدم کیا اور ان کی ہمہ جہت شخصیت کو اجاگر کیا۔ اپنے خطاب میں بشیر احمد کرمانی نے فرد کو درپیش چیلنجز کا تذکرہ کیا (بقیہ صفحہ 8 پر، حصول علم)

## ٹنگمرگ میں 2 قمار باز گرفتار

### داؤ پر لگائی رقم ضبط

عظمیٰ نیوز سروس

بارہ مولہ// بارہ مولہ پولیس نے دو جواریوں کو گرفتار کر کے داؤ پر لگائی گئی رقم کو ضبط کیا ہے۔ ایک بیان کے مطابق مصدقہ اطلاع کی بنیاد پر پولیس چوکی بابا ریشی نے فارسٹ ہٹ بابا ریشی کراسنگ پر ایک مخصوص مقام پر چھاپہ مارا اور دو قمار بازوں کو گرفتار کیا۔ ان کی شناخت شوکت احمد لون ولد محمد اکبر اور شبیر احمد ڈار ولد علی محمد کے طور ہوئی ہے۔ پولیس نے اس موقعہ پر 10,570 روپے (بقیہ صفحہ 8 پر، قمار باز)

## رنگ روڈ منصوبہ

### رکاوٹوں کو دور کیا جائے: ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ



عظمیٰ نیوز سروس

بانڈی پورہ// ضلع ترقیاتی کمشنر بانڈی پورہ ڈاکٹر اویس احمد نے افسروں کی ایک میٹنگ میں اہم رنگ روڈ پروجیکٹ پر کام کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ اِس موقعہ پر ضلع ترقیاتی کمشنر نے اَفسروں سے کہا کہ املاک کے کم نقصان کو مدنظر رکھتے ہوئے اِس میں شامل اَراضی کی حد بندی کی جائے۔ اُنہوں نے متعلقہ اَفسران کو ہدایت دی کہ تمام (بقیہ صفحہ 8 پر رنگ روڈ)

## لیہہ میں منشیات مخالف مہم، 3 گرفتار

غلام نبی رینہ

لداخ// منشیات کے خلاف اپنی کاروائی جاری رکھتے ہوئے لیہہ پولیس نے تین منشیات فروشوں کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے 160 گرام چرس برآمد کر لیا۔ پولیس پوسٹ ہاوسنگ کالونی لیہہ کی ایک ٹیم نے مصدقہ اطلاع پر کاروائی کرتے ہوئے کوآپریٹیو کولڈ اسٹوریج اگلنگ لیہہ میں چیمڈے کے رہنے والے ایک شہری جس کی شناخت سنی کمار ولد سرون کے طور ہوئی، کے گھر پر چھاپہ مار کر تلاشی (بقیہ صفحہ 8 پر، منشیات مخالف)


# DEMISE

With profound grief and sorrow, we inform the sad demise of Mrs Shameema Shah W/o Late Ghulam Hassan Shah R/o Qammerwari opposite police post who left for heavenly abode after brief illness on Wednesday, 12th July 2023.
Mourning will be held for three days only. Fateh Khawani will be held on Friday, 14th July at 2.30 pm at their ancestral graveyard Masjid Anjum, Qammerwari.
Ladies are requested not to bring any fruit etc with them.

**BEREAVED :**
Nazir Ahmad Gagroo, Mir Abdul Majid
Saqib Showkat Shah, Phone No: 9682502490

# قاضی خاندان کو صدمہ

یہ خبر نہایت دکھ کے ساتھ دی جاتی ہے کہ اہلیہ مرحوم محمد شفیع قاضی ساکنہ گاڑہ کوچہ زینہ کدل سرینگر مورخہ ۲۲ ذلحجہ ۱۴۴۴ھ بمطابق ۱۱/ جولائی ۲۰۲۳ء بروز منگلوار اس دار فانی سے رحلت کر گئیں۔ مرحومہ شریف النفس ملنسار اور خوش اخلاق خاتون تھیں۔ مرحومہ کی فاتحہ خوانی ۱۴/ جولائی ۲۰۲۳ء بروز جمعتہ المبارک دن کے 2.30 بجے انکے آبائی مقبرہ زینہ العابدین بڈشاہ زینہ کدل میں انجام پذیر ہوگا۔

تعزیتی مجلس شاہ ہمدان کمیونٹی ہال نیو زینہ کدل میں انجام دی جائے گی۔

سوگواران قاضی خاندان

7006268239, 9541241141,
9906900108, 70061 80941

# 6th DEATH ANNIVERSARY
## FAROOQA NOOR
**(May Allah grant her mercy and peace)**
[21-03-1964 - 22-07-2017]



Today mark the 6th year anniversary of the demise of our beloved Farooqa Ji (Behnaa). She was a pious Muslimah, a loving wife, a devoted mother, and a caring sister as well as friend. Her memory continues to live on in our hearts, and her absence is deeply felt every day.
Family, relatives, and friends request your kind presence at a special gathering to honor and remember her on the occasion of her death anniversary. We will gather to offer prayers, recite the Holy Quran, and engage in remembrance of Allah (dhikr).
May Allah (SWT) grant her a lofty place in Jannah (Paradise) and bestow His infinite mercy upon her. May her soul rest in eternal peace.

*"Inna lillahi wa inna ilayhi raji'un"*
(Verily, from Allah we came, and to Him we shall return)

"Every soul will taste death, and you will only be given your [full] compensation on the Day of Resurrection. So he who is drawn away from the Fire and admitted to Paradise has attained [his desire]. And what is the life of this world except the enjoyment of delusion." (Quran 3:185)

**For further information and directions, please contact:**
**Mr. Noor Mohd Bhat (Husband): 9596476444**


**Love from Family members**
**Zubair Noor (Son), Amina (Daughter-in-Law)**
**Mohd. Usman Zubair (Grandson)**
**Aasia Noor (Daughter), Gazala Noor (Daughter)**

# تعزیت صرف تین دن

یہ اطلاع نہایت رنجیدگی اور نم آنکھوں کے ساتھ شائع کی جاتی ہے کہ اہلیہ غلام نبی شیخ ساکنہ خالد کالونی صورہ مختصر علالت کے بعد 11 جولائی شام ساڑھے سات بجے کے قریب اس دار فانی سے کوچ کر کے اپنے خالق حقیقی سے جا ملی انا للہ وانا الیہ راجعون، پسماندگان کے مطابق تین دن تک تعزیت پرسی رہیگی جبکہ کسی بھی اجتماعی مجلس کا انعقاد نہیں کیا جائے گا۔

پسماندگان: طارق احمد شیخ
محترم پرویز احمد : محترم لطیف احمد

# DEMISE




With profound grief & sorrow, we inform the demise of our beloved father Gulam Nabi Khan S/o Late Ghulam Qadir Khan R/o Mustafa Abad Sector -I Lane c, House No. 12 HMT, Srinagar near Mughal Darbar. Who left for heavenly abode on 23rd Zilhaj 1444 ( 11th July 2023 Tuesday). May almighty Allah grant Jannatul Firdous to the departed soul. The congregational Fateha khawani will be held on 14th July 2023 (Friday) at their ancestral graveyard Baranpather, Batamalo Srinagar near Dr. G.M. Wani's Clinic at **2.30 PM.**
Ladies are requested not to bring anykind of etables with them.

**BEREAVED**
**KHAN FAMILY.**
**JAVAID AHMAD KHAN**
**9419048718,6005154643**

كل نفس ذائقة الموت

# DEMISE



With profound grief, we inform the demise of **Mir Majhid Noor** S/o Dr Noor Mohd Mir R/o Reshi Mohalla Habba Kadal at present Muslim Aabad Bagat e Kanipora near Darul uloom passed away on, Wednesday, 12th July 2023.
May Almighty Allah grant Jannat-ul-Firdous to the departed soul.
The congregational **Fateh Khawani** will be held on **15th of July 2023 Saturday at 9:30 AM** at their ancestral graveyard **Chotta Bazar near Public High School, Srinagar.**

**Bereaved: Mir Family**


# SATSANG



With profound grief and sorrow it is informed that our beloved **S. Pashori Singh** S/o S. Ishar Singh R/o Village Saidwani Tehsil Khag, District Budgam has left for heavenly abode on 1st of July 2023 (Saturday) at Jammu.
A SATSANG is scheduled to be held at Gurudwara Shree Singh Sabha, Aloocha Bagh on 14th of July 2023 (Friday) from 3 PM to 5 PM.

**GRIEF STRICKEN**
**Sdr. Sita Kour - Wife**
**Son and Daughter-in-law**
**S. Balbir Singh & Sdr. Ravinder Kour**
**Daughter & Son-in-law**
**Sdr. Narinder Kour & S. Bhupinder Singh**
**CONTACT 9419209696**

# REMEMBRANCE
## 3rd DEATH ANNIVERSARY



**Er. Haji Habib Ullah Khan**
**S/o Late Ghulam Nabi Khan**
**R/o Kathi Darwaza, Rainawari Srinagar**

Today on 13th July, 2023, three years have passed since you left us for your eternal journey. Your memories are still fresh and shall remain with us throughout in our lives. The void you left won't be filled but we shall carry you in our hearts and prayers forever. May the Almighty Allah grant you the highest place in Jannat ul Firdous (Aameen).

**DEEPLY REMEMBERED AND LOVED BY:**
**KHAN FAMILY: BROTHERS & SISTERS**

# DEMISE



With profound grief and sorrow we inform the sad demise of
**Nisar Ahmed Shah**
**S/o late Gh Mohd Shah**
R/o Rajbagh Srinagar .Who left for heavenly abode on **12th July 2023**.May Almighty grant Jannat ul Firdous to the departed soul.**The congregational will be held for 3days only**

**GRIEVED :**
**Showket Ahmed Shah (Brother) Umer Nisar (Son)**
**Cell: 9419708790**

Adnan Advertising

## امرناتھ یاترا کا 12 دن مکمل

# ڈیڑھ لاکھ یاتریوں کے درشن

## 7805 یاتریوں پر مشتمل جتھہ وارد کشمیر



عکاسی: میر عمران

عظمیٰ نیوز سروس

سرینگر//سرینگر جموں قومی شاہراہ پر ٹریفک بحال ہونے کے بعد بدھ کو 7805 یاتریوں کا 10 واں جتھہ بھگوتی نگر جموں بیس کیمپ سے روانہ ہوا۔ حکام نے بتایا کہ یکم جولائی سے اب تک ایک لاکھ 37 ہزار 353 یاتریوں نے امرناتھ گپھا میں حاضری دی اور یہ تعداد 12 ویں روز ڈیڑھ لاکھ سے تجاوز کر جائے گی۔ بال تل اور نون وَن بیس کیمپوں سے بدھ کی صبح ہزاروں کی تعداد میں یاتریوں کے مزید 2 جتھے امرناتھ گپھا کی جانب روانہ ہوئے۔ خیال رہے امسال یکم جولائی سے شروع ہونے والی 62 روزہ یاترا 31 اگست کو اختتام پذیر ہونے والی ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ 7805 یاتری بدھ کی (بقیہ صفحہ 8 پر: امرناتھ یاترا)

## روحانیت کی کوئی سرحد نہیں

## 2 امریکی یاتریوں کا اظہار خیال

عظمیٰ نیوز سروس

سرینگر// امریکی ریاست کیلیفورنیا کے 2 شہریوں نے امرناتھ یاترا کر کے 40 سال پرانا خواب پورا کیا ہے۔ دونوں نے سوامی وویکانند کے امرناتھ دورے کا ذکر کیا۔ دونوں یاتریوں نے کہا کہ یہاں آنے اور گپھا میں درشن کرنے کے بعد اپنی خوشی اور مسرت کا اظہار کرنا ممکن نہیں ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ ناممکن لگ رہا تھا اور یہاں آنا ایک خواب تھا لیکن بھولے ناتھ کی مہربانی سے، سب کچھ ہو گیا اور ہم یہاں ہیں۔ امریکی (بقیہ صفحہ 8 پر: روحانیت)

## بھٹناگر نے انتظامات کا جائزہ لیا




عظمیٰ نیوز سروس

پہلگام//لیفٹیننٹ گورنر کے مشیر راجیو رائے بھٹناگر نے بدھ کو نون وَن بیس کیمپ کا دورہ کیا اور امرناتھ یاترا کے اِنتظامات کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران مشیر نے شردھالوؤں، خدمات فراہم کرنے والوں، مختلف لائن محکموں کے اَفسران اور سیکورٹی ایجنسیوں کے نمائندوں سے بات چیت کی اور یاتریوں کی آسانی کے لئے لاجسٹکس، رہائش، صحت اور دیگر سہولیات کا جائزہ لیا۔ مشیر موصوف نے کیمپ کے منتظمین، طبی (بقیہ صفحہ 8 پر: بھٹناگر)

## ڈی جی بی ایس ایف کا پہلگام دورہ

## سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لیا، گپھا پر حاضری

عظمیٰ نیوز سروس

اننت ناگ// بارڈر سیکورٹی فورس کے ڈائریکٹر جنرل نتن اگروال نے بدھ کے روز بی ایس ایف کی اعلیٰ سطحی پیشہ ورانہ مہارت کی ستائش کی اور اُنہیں جاری امرناتھ یاترا کے دوران کسی بھی صورتحال سے نمٹنے کے لئے چوکس رہنے کی تلقین کی۔ موصوف تین روزہ دورے پر تھے، جہاں انہوں نے یاترا کیلئے حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔ بی ایس ایف ترجمان نے بتایا کہ ڈی جی اگروال 10 جولائی کو سرینگر پہنچے اور (بقیہ صفحہ 8 پر: دورہ)

## 24 گھنٹوں میں 5 یاتری فوت

عظمیٰ نیوز سروس

سرینگر //حکام نے بدھ کو بتایا کہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 5 امرناتھ یاتریوں کی موت واقع ہوگئی ہے، جس سے یاترا 2023 میں مرنے والوں کی تعداد 19 ہوگئی ہے۔ قدرتی وجوہات بشمول خرابی صحت، اونچائی پر آکسیجن کی کمی اور حرکت قلب بند ہونے کی وجہ سے یاتریوں کے فوت ہونے کا سلسلہ جاری ہے۔ حکام نے بتایا کہ ایک ہی دن میں 5 یاتریوں کی موت حرکت قلب بند ہونے سے ہوئی۔ عہدیداروں نے بتایا کہ 3 اموات یاترا کے پہلگام اور 2 بالتل روٹ پر ہوئیں۔ انہوں نے بتایا کہ 2 یاتریوں کا تعلق اتر پردیش اور مدھیہ پردیش سے ہے۔ حکام کے مطابق، ان 5 اموات سے اس سال کی یاترا میں اب تک مرنے والوں کی تعداد 19 ہوگئی ہے، جس میں یاترا ڈیوٹی پر تعینات ایک آئی ٹی بی پی افسر اور ایک سیوادار شامل ہیں۔

## قومی شاہراہ 4 روز بعد بحال

### 8000 کے قریب درماندہ یاتریوں کو چھوڑا گیا



عکاسی: محمد تسکین

محمد تسکین

بانہال//ضلع رام بن میں پنتھیال اور چمبہ سیری کے مقام پر شدید بارشوں کی وجہ سے ہفتے اور اتوار کے روز سڑک ڈھہ جانے کیوجہ سے 4 روز تک بند رہنے کے بعد جموں سرینگر شاہراہ کو بدھ کی صبح سے معمول کے ٹریفک کیلئے بحال کیا گیا اور ہزاروں کی تعداد میں مسافر گاڑیوں نے دوطرفہ سفر کیا۔ رام بن میں دو مقامات پر بری طرح سے تباہ ہوئی شاہراہ کی (بقیہ صفحہ 8 پر: قومی شاہراہ)

## لیفٹیننٹ گورنر سے وفود کی ملاقات

عظمیٰ نیوز سروس

سرینگر//قومی صدر بی جے پی مینارٹی مورچہ جمال صدیقی نے راج بھون میں لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی۔ جمال صدیقی نے لیفٹیننٹ گورنر کے ساتھ عوامی اہمیت کے مختلف مسائل اور جموں وکشمیر یوٹی کے ترقیاتی منظر نامے پر تبادلہ خیال کیا۔ دوران میٹنگ بی جے پی مینارٹی مورچہ کے ایگزیکٹیو ممبران بھی موجود تھے۔ ادھر گاندھی گلوبل فیملی کے ایک وفد نے اس کے صدر پدم شری ڈاکٹر ایس پی ورما کی قیادت میں راج بھون میں لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی۔

## سیاحت کو فروغ دینے کیلئے ضروری اقدامات کریں

# چیف سیکریٹری کی JKTDC بورڈ میٹنگ میں ہدایات

عظمیٰ نیوز سروس





سرینگر// جموں وکشمیر ٹورازم ڈیولپمنٹ کارپوریشن (جے کے ٹی ڈی سی) کے 94 ویں بورڈ آف ڈائریکٹرز (بی او ڈی) کے اجلاس میں چیف سکریٹری ڈاکٹر ارون کمار مہتا نے محکمہ سیاحت کے افسران کو ہدایت دی کہ وہ پہلگام کے علاوہ دیگر مقامات کو فروغ دینے کے لیے تمام ضروری اقدامات کریں۔ گلمرگ اور پٹنی ٹاپ پرکشش سیاحتی مقامات کے طور پر اور ان مقامات پر قیام کے لیے سہولیات کو بہتر بنائیں۔ بورڈ میٹنگ میں پرنسپل سکریٹری فائنانس، کمشنر سکرٹری، آئی اینڈ سی، سکرٹری سیاحت؛ ایم ڈی جے کے ٹی ڈی سی؛ ڈائریکٹر ٹورازم کشمیر کے علاوہ آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ کے دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ چیف سکریٹری نے کہا کہ کارپوریشن نے یوٹی میں تقریباً تمام سیاحتی مقامات پر قیمتی جائیدادیں رکھی ہیں اور ان کی مناسب دیکھ بھال اور زیادہ سے زیادہ استعمال سیاحوں کے رات کے قیام کے لیے ان سب کو فروغ دے گا۔ انہوں نے ایڈونچر سرگرمیوں جیسے راک کلائمبنگ، زپ لائن، پیرا گلائیڈنگ یا دیگر واٹر اسپورٹس ایونٹس کو متعارف کرانے (بقیہ صفحہ 8 پر: سیاحت کو)

## میڈیکل سپلائز اور فارسٹ ڈیولپمنٹ کارپوریشن کی بورڈ میٹنگوں کا انعقاد

### کام کاج سے متعلق مختلف امور پر تبادلہ خیال، بہتری کیلئے اقدامات تجویز

عظمیٰ نیوز سروس



سرینگر// سیکرٹری صحت و طبی تعلیم بھوپندر کمار نے سرینگر میں جموں اینڈ کشمیر میڈیکل سپلائز کارپوریشن لمیٹیڈ (جے کے ایم ایس سی ایل) کے بورڈ آف ڈائریکٹروں کی 10 ویں میٹنگ کی صدارت کی۔ میٹنگ میں بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کارپوریشن کے کام کاج سے متعلق مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا اور اس کے منافع کو بہتر بنانے کے لئے اقدامات تجویز کئے۔ بورڈ نے کارپوریشن کے کام میں بہتری لانے کی کارکردگی سے متعلق مختلف دیگر امور پر غور وخوض کیا۔ دوران میٹنگ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے جے کے ایم ایس سی ایل کی گزشتہ مالیاتی کمیٹی میٹنگ کے فیصلوں کی توثیق کی جس میں سال 23-2022 کے نظر ثانی شدہ بجٹ کے تخمینے اور مالی سال 2023-24ء کے مجوزہ بجٹ تخمینوں پر غور، کووڈ کی مدت کے دوران عائد جرمانے کا اجرا، کارکردگی کی حفاظت وغیرہ کی شق پر نظر ثانی شامل ہے۔ بورڈ نے منیجنگ ڈائریکٹر جے کے ایم ایس سی ایل کو کاموں کو انجام دینے کے لئے (بقیہ صفحہ 8 پر: انعقاد)

## وقف اراضی پر ناجائز قبضہ

### ایک ایک انچ واپس حاصل کی جائے گی: درخشاں اندرابی

سید اعجاز

پلوامہ// جموں وکشمیر وقف بورڈ کی چیئر پرسن ڈاکٹر درخشاں اندرابی نے وقف اراضی پر ناجائز قبضہ کو ناقابل برداشت قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایک ایک انچ جلد واپس حاصل کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ وقف رقومات میں اب کسی قسم کی چوری نہیں ہوتی ہے اور ان رقومات کو تعمیر و ترقی میں صرف کیا جائے گا۔ درخشاں اندرابی بدھ کو نیوہ پلوامہ میں واقع حضرت سید سلطان فخر الدین ؒ کی زیارت گاہ پر حاضری دینے کے بعد میڈیا کے ساتھ بات کر رہی تھیں۔



انہوں نے کہا ”ہم دعویٰ کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ اب وقف رقومات میں کوئی چوری نہیں ہو رہی ہے“۔ انہوں نے مزید کہا ”لوگوں کے دلوں میں مختلف قسم کے شکوک و شبہات ہیں وہ بھی دور ہو جائیں گے“۔ اندرابی (بقیہ صفحہ 8 پر: وقف اراضی)

## اسمارٹ میٹروں کی تنصیب کے خلاف بارہمولہ میں احتجاج

فیاض بخاری



بارہمولہ// شمالی قصبہ بارہمولہ میں خانپورہ کے صارفین نے بدھ کو اسمارٹ میٹروں کی تنصیب کے خلاف زبردست احتجاجی دھرنا دیا۔ مظاہرین میں زیادہ تر خواتین تھیں جنہوں نے بارہمولہ اوڑی شاہرہ پر دھرنا دیکر انتظامیہ پر زور دیا کہ وہ سمارٹ میٹر لگانے کے فیصلے کو واپس لے کیونکہ وہ معاشی بدحالی سے گزر رہے ہیں۔ احتجاجی خواتین نے کہا ”ہمارے لیے بجلی کی اضافی قیمتیں ادا کرنا بھی انتہائی مشکل ہے“۔ انہوں نے کہا کہ یہاں نوے فیصد آبادی مزدوروں پر مشتمل ہے۔ احتجاج کی وجہ سے شاہراہ پر ٹریفک کی نقل و حمل متاثر ہوئی۔ اس دوران جموں وکشمیر پولیس کے علاوہ انتظامی افسران موقع پر پہنچے اور مظاہرین کو یقین دلایا کہ ان کی شکایات کو اعلیٰ حکام کی نوٹس میں لایا جائے گا۔ معلوم ہوا ہے کہ انتظامیہ چار لاکھ سے زیادہ سمارٹ میٹر لگانے کیلئے تیار ہے۔ اس دوران محکمہ پی ڈی ڈی کے اسٹنٹ ایگزیکٹیو انجینئر یاسر احمد لگرو بھی موقع پر پہنچے۔ انہوں نے کہا کہ ضلع بارہمولہ میں کئی جگہوں پر سمارٹ میٹروں کو نصب کیا گیا ہے اور لوگوں کو یہ غلط فہمی ہے کہ اسمارٹ میٹروں سے بلیں زیادہ آتی ہیں لیکن ایسا کچھ نہیں ہے اور لوگوں کو پریشان ہونے کی کوئی ضرورت نہیں۔

## بجبہاڑہ اور ادہم پور میں سڑک حادثات

## دوشیزہ لقمہ اجل، 7 زخمی

عارف بلوچ

اننت ناگ// بجبہاڑہ اننت ناگ اور سمرولی ادھم پور کے نزدیک الگ الگ سڑک حادثات میں ایک 18 سالہ دوشیزہ کی موت واقع ہوئی جبکہ 4 یاتریوں سمیت 7 افراد زخمی ہوگئے۔ بجبہاڑہ اننت ناگ میں ایک تیز رفتار گاڑی چنار سے ٹکرا گئی جس کے نتیجے میں 18 سالہ لڑکی (بقیہ صفحہ 8 پر: سڑک حادثات)

## ٹنگمرگ میں چیک باؤنس کیس

## عدالت نے ایک سال قید اور 12 لاکھ کا جرمانہ عائد کیا

مشتاق الحسن

ٹنگمرگ//ٹنگمرگ میں عدالت نے ناگہ بل کریری کے شخص کو چیک باؤنس ہونے پر 1 سال قید اور 12 لاکھ کا جرمانہ عائد کیا۔ 2022 میں کارہامہ کے ایک شہری گلزار احمد راتھر ولد غلام احمد راتھر نے مشتاق احمد ڈار ولد غلام رسول ڈار ساکن ناگہ بل کریری کے خلاف منصف کورٹ ٹنگمرگ میں چیک باؤنس ہونے پر کیس درج کیا تھا اور کیس کی پیروی ایڈوکیٹ عاشق احمد ماگرے اور اویس احمد بٹ کر رہے تھے۔ عدالت کی جانب سے مشتاق احمد ڈار کو نوٹس جاری (بقیہ صفحہ 8 پر: عدالت نے)


Mob: 9906074787
9419183258

خوشخبری

اب گھر بیٹھے علاج و تشخیص

لاعلاج امراض، ٹینشن، کاروباری بندش، اثرات و ہر مسئلہ کا حل



رابطہ: حکیم این، ڈی قاضی

روحانی عامل ومعالج، طلسماتی

آیورویدو ماہر علم المساکن وڈسٹنٹ ہیلنگ نیشنل وانٹرنیشنل ایوارڈ یافتہ

39, Ground Floor Muneer Manzil Lambert Lane Regal Chowk, Srinagar.

Media Point Ads



25 Years of Excellence

ADMISSION OPEN

ARTS COACHING FOR

ENROLL NOW

CLASS 11TH - 12TH (ARTS)

B.A - LLB (ENTRANCE COACHING)

B.A - ARTS (K.U CLUSTER)

ENGLISH SPEAKING COURSE (3 MONTHS)



SALEEM SIR'S

PROFESSIONAL POINT COACHING CENTER

JAMALATA CHOWK - NAWAKADAL - SGR

Just Buzz On 7006573248

ADNAN ADVT - 7889837988


## PUBLIC NOTICE

Whereas, **I, Ishaq Ahmad Malik S/o Mohd Dilawar Malik R/o Cheerkoot Lolab, Kupwara Kashmir** intend to apply in the Deptt. of Tourism for Registration of my proposed Travel Unit under the Name & Style "**MASHRIQ**" situated at, Al Aziz Plaza, Barzulla, Srinagar Kashmir under Tourist Trade Act 1978/82/2011-2012. Whereas, I will submit state subject/ Domicile Certificate, Qualification certificate, Pan Card, Experience Certificate (Minimum 05 Years), Character Certificate (Police Deptt), Bank Statement (Minimum Balance Rs. 10,000.00), Site Plan, Affidavit, Rent deed duly attested by Sub-Registrar, Printing Material (Letter Head/ Visiting Card), Photograph of the Unit (Indoor & Outdoor) and Two Passport Size Photographs to the Department of Tourism as per prescribed checklist prior to Registration of my Unit as an Excursion Agency. Now as per J&K Registration of Tourist Trade Act 1978/82/2011-2012, before my case is processed for Registration by the Competent Authority, the matter is hereby notified for information of general Public/ Financial Institutions/ Bank/ Organization, etc. for objection, if any & the same should reach to the Dy. Director Tourism Registration, TRC, Sgr, Kmr. (email id: ddtreg123@gmail.com ) within a period of 7 days from the publication of this notice in leading local newspaper/ newspapers of the valley. No objections beyond a period of 7 days shall be entertained & the case shall be processed under rules.

## PUBLIC NOTICE

Where, I, Gh. Hassan Katari S/o Gh. Mohd Katari R/o Check Marge, Budgam Kashmir intends to apply in the office of Prescribed Authority of Directorate of Tourism Kashmir for registration of my proposed Paying Guest House/Home Stay under the name and style " **KATARIA HOME STAY** situated Check Marge Harde Panzoo Arizal, under the Tourist Trade Act 1978/82/2011. Whereas, I will submit Land ownership Certificate from Concerned Tehsildar with attested photographs of the unit through Dy. Commissioner concerned, Rent/Lease Deed/Partnership Deed/issued by concerned Sub- Registrar, Judicial Magistrate (if applicable NOC from the owner to the effect that the property can be used as Home stay), Character Certificate of the applicant from the concerned Police Station, undertaking from the owner as self declaration, Public Notice inviting objections . if any in print media, list of family members Name, Age, and Photograph self attested by owner, Photographs of the unit as mentioned in the application (each of exterior and individual bed rooms and bathrooms), Inspection report by the Committee ( The recommendation of the inspection Committee shall decide whether to issue a registration to the unit or not keeping in view, the type of accommodation and amenity, addhar card. Now before my case is processed for registration by the Prescribed Authority. The matter is hereby notified for information of general Pubic/organizations for objections if any and the same should reach to the office of Prescribed Authority within a period of 7days from the publication of this notice in leading local newspaper of the Valley. Objections received beyond the period of 7 days from the date of publication shall not be entertained and the case shall be processed under rules as per merit.

## PUBLIC NOTICE

Subject: Grant of Registration of the proposed Travel Unit Under the name & Style M/s REPUBLIC TOURS Situated at Jawahar Nagar, Sir Syed Market Gogji Bagh, Opposite Azhar Sports, Sgr.

Whereas, I, **Akeel Yousuf Naqeeb S/o Mohammad Yousuf Naqeeb R/o Alamdar Colony Kanipora Natipora, Srinagar Kashmir** intend to apply in the Deptt. of Tourism for Registration of my proposed Travel Unit under the Name & Style "**M/s REPUBLIC TOURS**" situated at, Jawahar Nagar, Sir Syed Market Gogji Bagh, Opposite Azhar Sports, Sgr Kashmir under Tourist Trade Act 1978/82/2011-2012. Whereas, I will submit state subject/ Domicile Certificate, Qualification certificate, Pan Card, Experience Certificate (Minimum 05 Years), Character Certificate (Police Deptt), Bank Statement (Minimum Balance Rs. 10,000.00), Site Plan, Affidavit, Rent deed duly attested by Sub-Registrar, Printing Material (Letter Head/ Visiting Card), Photograph of the Unit (Indoor & Outdoor) and Two Passport Size Photographs to the Department of Tourism as per prescribed checklist prior to Registration of my Unit as an Excursion Agency. Now as per J&K Registration of Tourist Trade Act 1978/82/2011-2012, before my case is processed for Registration by the Competent Authority, the matter is hereby notified for information of general Public/ Financial Institutions/ Bank/ Organization, etc. for objection, if any & the same should reach to the Dy. Director Tourism Registration, TRC, Sgr, Kmr. (email id: ddtreg123@gmail.com ) within a period of 7 days from the publication of this notice in leading local newspaper/ newspapers of the valley. No objections beyond a period of 7 days shall be entertained & the case shall be processed under rules.

CONTACT: 9906449717

## NATIONAL INSTITUTE OF TECHNOLOGY SRINAGAR
## HAZRATBAL, SRINAGAR J&K 190006

**Result Notification No. 150/ NIT/Ph.D./FOE/ECE/2023 Dated: 07-07-2023**



It is hereby notified that **Mr. Suhail Ahmad** S/o Mohammad Shafi, Enrolment No: **2015-Ph.D-FOE-Autumn-53**, bearing Registration No. **NIT-Ph.D.-201-2015**, pursued Research Programme in the Department of Electronics & Communication Engineering, National Institute of Technology Srinagar, Hazratbal, (J&K). He has submitted his thesis entitled ***"Enhancing Reliability & Security in Software Defined Networks"*** under the supervision of Dr. Ajaz Hussain Mir, Professor (HAG), Department of Electronics & Communication Engineering, NIT Srinagar. He is declared qualified for the award of Ph.D. Degree in the Faculty of Engineering (FOE), National Institute of Technology Srinagar.

**Date of Viva-Voce:** 22-06-2023, Errors and omissions excepted

No. NIT/ADE/Ph.D/Result/23/1700-15 **SD/-**

Dated: 10/07/2023 **Associate Dean Examination**

# پاکستان اور پی او کے میں مقیم خطہ چناب کے 250 ملی ٹینٹ
# 40 کے پتے مع فون نمبرات حاصل

## سبھی جموں خطہ میں ملی ٹینسی سرگرمیاں کرنے کیلئے سرگرداں : حکام

عظمیٰ نیوز سروس

جموں//صوبہ جموں کے ضلع رام بن، ڈوڈہ، کشتواڑ اور دیگر علاقوں میں عسکریت پسندی کو بڑھاوا دینے میں مبینہ طور پر ملوث شدت پسندوں کی پولیس نے شناخت کرلی ہے اور ان کے ٹیلیفون نمبرات بھی حاصل کر لئے گئے ہیں جو اس وقت پاکستان اور پاکستانی کشمیر میں موجود ہیں۔ پولیس ذرائع نے بتایا ہے کہ اس وقت 250افراد میں سے چالیس عسکریت پسندوں کے ٹھکانوں کے بارے میں جانکاری ملی ہے۔ پولیس کے لیے ایک اہم کامیابی میں، ڈوڈہ، رام بن اور کشتواڑ اضلاع میں حکام نے پاکستان اور پاکستانی زیرقبضہ کشمیر کے ان اضلاع سے تقریباً 40 عسکریت پسندوں کے "درست مقامات" کی نشاندہی کرنے میں کامیابی حاصل کی ہے جہاں وہ مختلف عسکریت پسند تنظیموں کے کمانڈر کے طور پر کام کر رہے ہیں۔ اور جموں خطے میں خاص طور پر ان کے آبائی اضلاع میں عسکریت پسندی کو بحال کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ پولیس ذرائع نے اس ضمن میں بتایا کہ ہمارے پاس کل 250 میں سے 40 عسکریت پسندوں کے "صحیح مقامات اور پتے" ہیں جو تین اضلاع سے پاکستان اور PoJK میں ڈیرے ڈالے ہوئے ہیں اور ڈوڈہ، کشتواڑ اور رام بن کے نوجوانوں کو شدت پسندی کی طرف راغب کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عسکریت پسندوں کے زیر استعمال موبائل اور لینڈ لائن نمبروں کی بھی شناخت کر لی گئی ہے۔ ساتھ ہی انہوں نے کہا کہ انٹیلی جنس ایجنسیوں نے دیگر عسکریت پسندوں کے ٹھکانوں اور پتے کا پتہ لگانے کی کوششیں جاری رکھی ہیں اور امید ہے کہ جلد ہی کچھ اور کامیابیاں بھی متوقع ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ ہماری ایجنسیاں کام کر رہی ہیں۔ جلد ہی، ہم مزید عسکریت پسندوں کے پتے اور مقامات کا پتہ لگانے میں کامیاب ہو جائیں گے"۔ اس کا استعمال ہندوستانی حکومت (وزارت خارجہ) پاکستان کو یہ بتانے کے لیے کرے گی کہ یہ عسکریت پسند پاکستان اور PoJK میں ایسے مقامات سے کام کر رہے ہیں اور دوسری صورت میں پرامن اضلاع میں عسکریت پسندی کو بحال کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امکان ہے کہ پولیس ان میں سے کچھ عسکریت پسندوں کے خلاف اگلے ہفتے چارج شیٹ پیش کرے گی۔ اس بات پر زور دیتے ہوئے کہ پاکستان اور پی او جے کے میں کیمپ کرنے والے عسکریت پسندوں کے صحیح مقامات، پتے، تنظیموں اور صفوں کی نشاندہی کرنا پولیس اور انٹیلی جنس ایجنسیوں کی اہم کامیابی ہے، ذرائع نے کہا کہ اس سے نہ صرف عسکریت پسندوں کے خلاف بلکہ پاکستان کے خلاف بھی انتہائی مضبوط کیس بنے گا۔

# جموں کشمیر کی تباہی کیلئے مقامی سیاسی جماعتیں ہی ذمہ دار

## دفعہ 370 منسوخی کی تنقید کرنے والی جماعتیں جموں وکشمیر کے لوگوں کی بدترین دشمن : چُگ

عظمیٰ نیوز سروس

جموں//نیشنل کانفرنس، پی ڈی پی اور کانگریس پر دفعہ 370 کی منسوخی کی مخالفت میں اپنا ذاتی مفاد پیدا کرنے کا الزام عائد کرتے ہوئے سینئر بی جے پی لیڈر اور قومی جنرل سیکرٹری ترون چگ نے کہا کہ جموں کشمیر کی خصوصی پوزیشن کی منسوخی کے بعد زبردست ترقی اور پیشرفت دیکھی گئی اور حالات میں بہتری آئی جو زمین سطح پر عیاں ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت والی حکومت نے دفعہ 370 کی منسوخی کی جس کے بعد جموں وکشمیر کی ترقی اور خوشحالی کیلئے سیلاب کے دروازے کھول دیے گئے۔ چگ نے مقامی سیاسی جماعتوں کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے ان پر الزام عائد کیا کہ جموں کشمیر کی تباہی کیلئے مقامی سیاسی جماعتیں ہی ذمہ دار ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ دفعہ 370 کو منسوخ کرنے پر مودی حکومت پر تنقید کرنے والی اپوزیشن جماعتیں جموں وکشمیر کے لوگوں کی بدترین دشمن ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن جماعتوں نے دفعہ 370 کی آڑ میں جموں وکشمیر کے وسائل کو برسوں سے لوٹا اور مودی سرکار کی طرف سے اسے منسوخ کرنے کے بعد ان کی طرف سے جاری لوٹ مار رک گئی ہے۔ اس بات کو برقرار رکھتے ہوئے کہ جموں وکشمیر نے دفعہ 370 کی منسوخی کے بعد زبردست ترقی اور پیشرفت دیکھی ہے بی جے پی کے قومی جنرل سیکرٹری ترون چھگ نے کہا کہ آج زمینی سطح پر جموں کشمیر آج سب کچھ ہمارے سامنے ہیں اور ہم نے دیکھا کہ کس طرح سے حالات میں بہتری آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نریندر مودی کی قیادت والی حکومت نے سال 2019 میں دفعہ 370 کالعدم قرار دے دیا اور جموں وکشمیر کی ترقی اور خوشحالی کیلئے سیلاب کے دروازے کھول دیے گئے۔ چھگ نے کہا"دفعہ 370 کے خاتمے کے بعد یوٹی ترقی اور ترقی کی راہ پر تیزی سے گامزن ہے اور یوٹی کے لوگوں کو اس فیصلے سے زبردست فائدہ ہوا اور انہوں نے مودی حکومت میں اعتماد اور بھروسہ پیدا کیا جو سب کا ساتھ، سب کا وکاس اور سب کا وشواس ہے"۔ انہوں نے عبداللہوں اور مفتیوں سمیت خاندانی جماعتوں پر سخت حملہ کرتے ہوئے ان سے پوچھا کہ کیا سابقہ ریاست جموں وکشمیر میں ان کے پچھلے چھ دہائیوں سے زیادہ دور حکومت میں ایسی ترقی ہوئی ہے جو دفعہ 370 کو منسوخ کرنے کے بعد سے دیکھ رہی ہے۔ انہوں نے سوال کیا کہ یہ پارٹیاں مودی حکومت کے اس فیصلے کی مخالفت کیوں کر رہی ہیں جس کی ملک کے عوام نے تائید کی ہے؟۔



## کھڑی حادثے کا مسافر دم توڑ بیٹھا
## مرنے والوں کی تعداد 2 ہوگئی

محمد تسکین

بانہال// ایک ہفتہ پہلے 05 جولائی کو بانہال کے ہرنیہال کھڑی میں ٹاٹا سومو کے ایک الدوز حادثے میں زخمی ہوئے ایک اور زخمی مسافر نے زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑا ہے اور اس طرح اس حادثے میں ایک خاتون ٹیچر سمیت دو مسافر لقمہ اجل بنے ہیں جبکہ ادھ درجن سے زائد مسافر ابھی بھی زیر علاج ہیں۔ شیر کشمیر میڈیکل انسٹیٹیوٹ صورہ سرینگر میں ایک ہفتے تک موت وحیات کی کشمکش میں مبتلا رہنے کے بعد پچاس سالہ محمد یعقوب گوجر ولد غلام قادر ساکنہ کراوہ بانہال کو اس کی تشویشناک حالت کے پیش نظر کل ہسپتال سے گھر بھیج دیا گیا تھا اور اپنے گھر پہنچانے کے چند گھنٹے بعد ہی زخمی مسافر محمد یعقوب نے آخری سانس لیکر داعی اجل کو لبیک کیا۔ مقامی لوگوں اور پنچایتی نمائیندوں میں اس حادثے میں ہلاک اور زخمی ہوئے افراد کے حق میں معاوضہ ادا کرنے کی اپیل کی ہے۔

## مینڈھر میں نوعمر لڑکی ندی میں ڈوب گئی

جاوید اقبال

مینڈھر// مینڈھر سب ڈویژن کے ساغرہ بلنوئی علاقہ میں ایک نوعمر لڑکی بدھ کی شام گاؤں کی ندی میں ڈوب کر ہلاک ہوگئی۔ مرنے والی کی شناخت مہناز بی (18) دختر محمد رفیق سکنہ ساغرہ، تحصیل منکوٹ کے طور پر ہوئی ہے۔ مقامی لوگوں کا کہنا ہے کہ متوفی گاؤں میں ندی عبور کررہی تھی کہ وہ ڈوب گئی بعدازاں اس کی لاش پانی سے نکال لی گئی۔ لاش کو بازیاب کر کے مینڈھر سب ڈسٹرکٹ ہسپتال میں لا کر اس کا پوسٹ مارٹم کرنے والے کے بعد لاش کو اہل خانہ کے حوالے کر دیا گیا ہے جبکہ پولیس نے اس معاملے کی طبی اور قانونی کارروائی شروع کر دی ہے۔

## سڑک حادثے میں ایمبولینس ڈرائیورو ہیلتھ ورکر زخمی

عظمیٰ نیوز سروس

راجوری// بدھ کی شام راجوری کے تریاٹھ علاقہ میں پیش آئے سڑک حادثے میں ایک ایمبولینس ڈرائیور اور ایک ہیلتھ ورکر زخمی ہو گئے۔ عہدیداروں نے بتایا کہ ایک ایمبولینس زیر نمبر JK20B 6305۔ ریاسی سے تریاٹھ کی طرف جا رہی تھی کہ ایک مندر کے قریب تریاٹھ کے مقام پر حادثہ کا شکار ہوگئی۔ حکام نے بتایا کہ اس حادثے میں دو افراد زخمی ہوئے جن میں گاڑی کا ڈرائیور اور اس میں سفر کرنے والا ایک ہیلتھ ورکر شامل ہے۔ زخمیوں کی شناخت گوبند سنگھ (25) ولد پرتھوی سنگھ سکنہ ریاسی اور اسٹاف نرس رضوانہ طاہر (21) دختر محمد طاہر سکنہ بنولا مینڈھر کے طور پر ہوئی ہے۔ دونوں زخمی افراد پی ایچ سی تریاٹھ میں زیر علاج ہیں جبکہ پولیس نے مقامی تھانے میں مقدمہ درج کرنے کے بعد معاملے کی تحقیقات شروع کرنے کا کہا ہے۔

# ڈوڈہ ضلع میں طوفانی بارشوں کا قہر
## رابطہ سڑکوں پر بھاری پسیاں، کئی عارضی پل بہہ گئے
## تعمیرات، زرعی شعبے، پانی، بجلی نظام کو پہنچا بھاری نقصان



اشتیاق ملک

ڈوڈہ // ڈوڈہ ضلع میں حالیہ طوفانی بارشوں سے جہاں سینکڑوں تعمیرات کو نقصان پہنچا ہے وہیں درجنوں رابطہ سڑکیں بند پڑی ہیں اس دوران فصلوں وزرعی شعبے کے ساتھ ساتھ پانی و بجلی نظام کو بھی بھاری نقصان پہنچا ہے۔ اطلاعات کے مطابق پچھلے دو روز سے جاری شدید بارشوں سے ڈوڈہ، بھدرواہ، ٹھاٹھری، گندوہ و بھلیسہ میں بحرانی صورتحال پیدا ہوئی ہے۔ رابطہ سڑکوں پر جگہ جگہ بھاری پسیاں گرآئیں ہیں تاہم اہم شاہراہوں پر ٹریفک معمول کے مطابق بحال کیا گیا ہے لیکن اندرونی دیہات کی رابطہ سڑکوں کی حالت اب بھی تشویشناک ہے۔ کشمیر عظمیٰ سے بات کرتے ہوئے کئی لوگوں نے بتایا کہ طوفانی بارشوں سے سینکڑوں تعمیرات کو نقصان پہنچا ہے، جبکہ ندی نالوں میں طغیانی آنے سے درجنوں مقامات پر عارضی پل سیلاب میں بہہ گئے ہیں اور پگڈنڈی راستے بھی تباہ ہوئے ہیں۔ ادھر ملک پورہ منو سڑک تیسرے روز بھی مکمل طور پر بحال نہیں ہوئی۔ سرپنچ پنچائت منو چوہدری کالیا چاڑ، بی ڈی سی چیئر پرسن مخو بیگم و سرپنچ شیر محمد نے کشمیر عظمیٰ کو بتایا کہ ملک پورہ کے مقام پر سڑک کا ایک حصہ نیچے دھنس گیا ہے اور چلی، بھٹولی وگلی کے نزدیک بھاری پسیاں گرآئیں ہیں جس کے نتیجے میں عام راہگیروں و مسافر بردار گاڑیوں کو سفر کرنے میں کافی دقتوں کا سامنا رہتا ہے۔

## سیلاب متاثرین کی بحالی کیلئے ٹھوس اقدامات کئے جائیں: نریش گپتا
## پانی، بجلی و دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کا مطالبہ کیا

عظمیٰ نیوز

ڈوڈہ// سابق ایم ایل سی ایڈووکیٹ نریش کمار گپتا نے گذشتہ دنوں ہوئی شدید بارشوں سے ہوئے نقصانات پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے صوبائی انتظامیہ سے ہنگامی پر متاثرین کی باز آبادکاری کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ اانہوں نے کہا کہ گذشتہ دنوں کی تباہ کن بارشوں سے جہاں گندوہ بھلیسہ میں دو افراد لقمہ اجل بن گئے وہیں بھدرواہ، ٹھاٹھری ،کاہرہ، چرالہ، ڈوڈہ، چلی پنگل، گندنہ و دیگر مضافات میں فصلوں، پھلوں، زرعی شعبے کے ساتھ ساتھ رہائشی وغیر رہائشی مکانات کو نقصان پہنچا ہے اور درجنوں کنبے کھلے آسمان تلے رہنے پر مجبور ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کسانوں و زمینداروں کی فصلوں کو بھی بھاری نقصان پہنچا ہے اور کئی بستیاں غیر محفوظ بن گئیں ہیں۔ نریش گپتا نے ایل جی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ سیلاب متاثرین کی راحت کاری کے لئے ٹھوس اقدامات کئے جائیں اور پانی، بجلی و سڑک رابطوں کی بحالی کیلئے انتظامیہ کو متحرک کیا جائے۔

# پاکستان کے ساتھ لگنی والی سرحدوں پر سیکورٹی صلاحیتوں میں اضافہ
## فوج اور فضائیہ نے جموں سرحدی علاقوں میں مشترکہ "ہیلی بورن تربیتی مشق" کیں

عظمیٰ نیوز سروس

جموں// پاکستان کے ساتھ لگنی والی سرحدوں پر سیکورٹی صلاحیتوں میں اضافہ کے چلتے فوج اور فضائیہ نے جموں کے راجوری ضلع میں مشترکہ "ہیلی بورن تربیتی مشق" کیں۔ جموں کشمیر میں پاکستان کے ساتھ لگنی والی سرحدوں پر جہاں پہلے سے ہی سیکورٹی کے سخت ترین انتظامات ہے اور دراندازی کی کوششوں کے روکتھام کیلئے فوج کو الرٹ پر رکھا گیا ہے وہیں سیکورٹی صلاحیتوں میں اضافہ کے پیش نظر راجوری میں کنٹرول لائن کے نزدیک فوج اور فضائیہ کے اہلکاروں نے مشترکہ مشقیں کیں۔ دفاعی ذرائع کے مطابق فوج نے راجوری میں فضائیہ کے ساتھ ایک مشترکہ ہیلی بورن تربیتی مشق کی۔ اس ضمن میں فوج کے وائٹ نائٹ کور کے سینئر افسران نے اس کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ سرحدوں پر تعیناتی سیکورٹی فورسز اہلکاروں کی صلاحتیں بڑھانے کیلئے فوج اور فضائیہ نے مشترکہ طور پر مشقیں کیں۔ انہوں نے کہا کہ مشترکہ مشقوں کے دوران فوجی اہلکاروں کی خصوصی آپریشن کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا اور اس کی مشق کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ ان مشقوں کا مقصد صلاحیتوں میں اضافہ کرنا تھا اور اس کوشش کے تحت اس طرح کی کارروائی انجام دی گئی۔

# بانہال ریلوے جنکشن بانہال میں شجرکاری مہم کا انعقاد




محمد تسکین

بانہال// آزادی کا امرت مہوتسو پروگرام کے تحت نیشنل ہائے وے اتھارٹی آف انڈیا کی رہنمائی میں بانہال۔ قاضی گنڈ فورلین ٹنل اور ایکسپریس وے کی دیکھ ریکھ کیلئے ذمہ دار کمپنی اتھانگ انفراسٹرکچر پرائیویٹ لمیٹڈ نے ایک پروگرام کا انعقاد کیا اور اس موقع پر ریلوے جنکشن بانہال میں شجرکاری کی مہم کا آغاز کیا۔ اس موقع پر نیشنل ہائے وے اتھارٹی اف انڈیا کے نمائندہ رکن مہمان خصوصی کے طور مدعو تھے جبکہ اس موقع پر انچارج افسر پولیس پوسٹ جواہر ٹنل، سی آر پی ایف کے افسران ، جنرل منیجر آتھان کمپنی اور کمپنی کے سٹاف ممبران بھی موجود تھے۔ آزادی کا امرت مہوتسو کی تقریبات کے حوالے سے سب کو آگاہی دی گئی اور تقریب میں موجود شرکاء نے اس حوالے سے وہاں موجود لوگوں کو اپنے زریں خیالات سے آگاہی فراہم کی۔


# GOVERNMENT OF JAMMU & KASHMIR
# OFFICE OF THE EXECUTIVE ENGINEER PWD R&B DIVISION QAZIGUND

NOTICE INVITING E-TENDER

FRESH NIT NO. 38 OF R&B/QAZIGUND/2023-24/E-TENDERING/3570-85

DATED:11-07-2023

For and on behalf of the President of India, e-tenders are being invited on percentage basis from approved and eligible Contractors registered with the J&K Government, CPWD, Railways, and other State/ Central Governments for the following works:

| S. No | Name of Work | Adv. Cost (Rs. In Lacs) | Cost of T/Doc. (In Rs ) | Earnest Money ( In Rs) | Time of completion | M.H of Account | Class of Contractor |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1. | Repair/ Restoration of Bumthan Link road. | 13.50 | 600 | 27000 | 20 Days | Potholes | BEE,CEE, DEE |

**Position of AAA: Accorded**
**Position of TS: Accorded**

The bidding documents, which would include qualifying information, eligibility criteria, specifications/drawings, a bill of quantities (B.O.Q), a set of contract terms and conditions, and other details, can be viewed/ downloaded from the departmental website www.jktenders.gov.in on the dates listed below: -

| S. No. | Particulars | Date | | |
|---|---|---|---|---|
| 1 | Date of Issue of Tender Notice | | 11-07-2023 | |
| 2 | Period of Downloading of bidder documents | From | 13-07-2023 | (11:00 AM) |
| | | To | 18-07-2023 | (04:00 PM) |
| 3 | Bid submission Start Date | From | 13-07-2023 | (11:00 AM) |
| 4 | Bid Submission End Date | To | 18-07-2023 | (04:00 PM) |
| 5 | Date and time of opening of bid (online) | | 18-07-2022 | (04:10 PM) |
| | | In the office of Executive Engineer PWD(R&B) Division Qazigund | | |

Bids must be accompanied by a Treasury Challan/Receipt (dated between the bid start date and the Bid Submission End date) deposited in M.H. 0059 in the name of Executive Engineer R&B Division Qazigund (tender inviting authority) as the cost of the tender document.

3.At the time of tendering, all bidders must upload Earnest Money/Bid Security equal to 2% of the Advertised Cost in the form of CDR/FDR/ BG pledged to the tender receiving authority, i.e. Executive Engineer R&B Division Qazigund. The successful bidder will have to provide Performance Security @ 5% at the time of contract award, strictly in accordance with the Government's circular instructions from time to time. The earnest money/ bid security of 2% will be released to the successful bidder only after the submission of a Performance Security of 5% of the total cost, which will be released after successful completion of the DLP/Maintenance Period.

4. The date and time of bid opening shall be notified on the Web Site www.jktenders.gov.in and automatically communicated to bidders via an e-mail message sent to their e-mail address. Responsive bidders' bids will be opened online on the same Web Site in the Office of the Executive Engineer R&B Division Qazigund (tender receiving authority).

5.Bids for the work shall be valid for 120 days from the date of opening of Technical bids.

6.Instruction to bidders regarding e-tendering process.

Bidders are advised to download the bid submission manual from the "Downloads" option as well as the "Bidders Manual Kit" option on the website www.jktenders.gov to familiarize themselves with the bid submission process.

In order to participate in the bidding process, bidders must obtain a 'Digital Signature Certificate (DSC)' under the Information Technology Act of 2000. Any approved Vendor can provide bidders with a digital certificate.

Bidders must submit their bids in electronic format with a digital signature online. No physical bids will be accepted.

Bids will be opened online in accordance with the time schedule specified in Para-1.

Bidders must upload online scanned copy of all required documents (within the document upload limits) with their technical bid.

Note: - Scan all the documents on 100 dpi with black and white option.

Sd/
Executive Engineer
PWD (R&B) Division Qazigund

DIPK-4916-23
DT: 12-07-2023



# OFFICE OFT HE EXECUTIVE ENGINEER CONSTRUCTION DIVISION KASHMIR,J&K SPORTS COUNCIL,SRINAGAR

NOTICE INVITING TENDERS

TENDER NOTICE: E-NIT NO:28 OF 2023-24

DATED: 10.07.2023

For and on behalf of Lieutenant Governor UT J&K, e-tenders are invited on Percentage basis from approved and eligible registered companies (Sports Related) or their authorized dealers for below mentioned works:-

| S. No | Name of work | Adv cost (Rs.in lacs) | Class of Contract | Earnest Money Deposit | Cost of Tender documents | Administrative Approval No.& date | Time of Completion |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | Development of Volleyball Court, Dugout, Practice Pitch at Balhama Pantha Chowk. | 30.00 | Registered Sports companies or their authorized dealers or AAY/BEE Class contractors having Authorization certificate from Authorizer dealer and Manufacturer | Rs.60,000/- | Rs.1200/- | Sports Council Order No: 519 of 2023 dt: 23.06.2023 | 90 days |

**Position of funds = Under Capex Budget 2023-24**
**Position of TS = Accorded**

The Bidding documents consisting of qualifying information,eligibility Criteria,specification,Drawings, bill of quantities (B.O.Q) Set of terms and conditions of contract and other details can be seen/downloaded from the departmental website www.jktenders.gov.in as per schedule of dates given below:-

**CRITICAL DATES TABLE**

| | | |
|---|---|---|
| 1. | Date of issue of Tender Notice. | 10.07.2023 |
| 2. | Period of downloading of bidding documents | 10.07.2023 from 06.00 PM to 20.07.2023 upto 4.00PM. |
| 3. | Bid Submission Start Date. | 13.07.2023 from 10.00 AM |
| 4. | Bid submission End Date. | 20.07.2023 upto 4.00 PM |
| 5. | Date & Time of opening of Bids (online). | 21.07.2023 at 10.00 AM in the office of Ex. Engineer, Const. Division Kashmir, J&K Sports Council at Administrative Block, Bakhshi Stadium, Srinagar. (or any convenient date). |
| 6. | Submission of Sample | All the participating bidders' needs to keep the sample of offered product (as per their bidding documents) ready with them as the same shall have to be submitted to this office immediately by the First lowest bidder after the declaration of financial bid. |

The Cost of the tender documents shall be deposited into the bank account by the bidder for which the following information can be used by the bidder.(No Demand Draft shall be entertained).

| | |
|---|---|
| 1) Name of Bank | J&K Bank Ltd. |
| 2) Account Title | Executive Engineer, Construction Div.Kmr, JKSC |
| 3) Account No | CDG-0365010200000842 |
| 4) Branch | Lal Mandi |
| 5) IFSC Code | JAKA0SBOARD |

The bidders must upload the scanned copy of bank payment acknowledgment slip.

Hard Copy shall be obtained only from the bidder who is declared as Lowest Bidder (L1) after opening of Financial Bids

DIPK-NB-1906-23
DT: 12-07-2023

Sd/ Ex. Engineer, CDK
J&K Sports Council,Srinagar

### گریز میں سیاحوں کی آمد میں اضافہ

## کچھ ہوٹل مالکان اور دکانداروں پر سیلانیوں کو لوٹنے کا الزام

عازم جان

بانڈی پورہ// وادی گریز میں سیاحوں کی آمد میں اضافے کے بعد وہاں کے کئی مقامی ہوٹل اور دکاندار سیلانیوں کو مبینہ طور دودو ہاتھوں لوٹ رہے ہیں۔ گریز اور تلیل میں ہوٹل والے، خیمے والے اور دکاندار سیاحوں کی خطے سے ناواقفیت کا فائدہ اٹھاتے ہوئے منصفانہ قیمتوں کی پرواہ کئے بغیر حد سے زیادہ قیمتیں وصول کررہے ہیں۔ چاول اور دال کی ایک سادہ پلیٹ کے لیے سیلانیوں سے 350 روپے وصول کئے جاتے ہیں۔ گریز کے ایک مشہور ہوٹل نے مہنگائی کے تمام حدود کو پار کرتے ہوئے 1200 سے 1500 روپے تک ایک رات کے قیام کا کرایہ مقرر کیا ہے۔ دہلی کی دو سیلاح پارٹیوں نے سوموار 10 جولائی کو اس ہوٹل کے ساتھ بکنگ کے لیے رابطہ کیا، تو پہلے پندرہ ہزار روپے قیام کیلئے طلب کئے گئے، پھر آخری ریٹ تیرہ ہزار روپے طلب کئے گئے۔ گریز سے واپس آئے سیلانیوں نے کہا کہ کچھ مقامی اور غیر مقامی سیاح، خاص طور پر وہ لوگ جو عید کی چھٹیوں منانے یہاں آئے تھے، مختلف ہوٹل والوں اور ڈھابوں کے استحصالی عمل کا شکار ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ وہاں پر قیمتوں میں بے تحاشہ اضافہ کیا گیا ہے جبکہ انتظامیہ خواب خرگوش میں مست ہے۔ اس سلسلے میں تحصیلدار گریز روپ اقبال نے کہا کہ مہنگائی کی اس صورتحال پر قابو پالیا گیا ہے، اور ہوٹل مالکان کو متنبہ کیا گیا ہے کہ وہ سیلانیوں سے زیادہ قیمتیں وصول کرنے سے باز رہیں۔

## بلڈنگ اور تعمیراتی کارکنوں کیلئے پلوامہ میں جانکاری کیمپ

### سکیموں کے تحت 1780 کارکنوں میں 10760000 روپے جاری

عظمیٰ نیوز سروس



پلوامہ// محکمہ لیبر کی جانب سے سرکٹ ہاؤس پلوامہ میں بلڈنگ اور دیگر تعمیراتی کارکنوں کے لیے ایک آگاہی پروگرام کا انعقاد کیا گیا، جس میں ضلع کے مختلف علاقوں سے آئے ہوئے کار کنان نے شرکت کی ہے۔ ضلع ترقیاتی کمشنر پلوامہ ڈاکٹر بشارت قیوم جو تقریب پر مہمان خصوصی تھے، نے کہا کہ JKBOCWWB کی طرف سے چلائی جانے والی مختلف فلاحی سکیموں کے تحت 1780 استفادہ کنندگان میں 10760000 روپے کی رقم جاری کی گئی ہے اور اسسٹنٹ لیبر کمشنر کو ہدایت دی کہ وہ ضلع میں اس طرح کے مزید پروگرام منعقد کریں تا کہ محکمہ کے مختلف لیبر قوانین اور فلاحی اسکیموں سے آگاہی حاصل کی جاسکے۔ انہوں نے تمام غیر رجسٹرڈ مزدوروں کو ہدایت کی ہے کہ وہ اسسٹنٹ لیبر کمشنر پلوامہ سے کنسٹرکشن بورڈ میں اپنا اندراج کرائیں۔

### سوچھ بھارت مشن مرحلہ دوم

## سرینگر ماڈل اضلاع میں شامل: ڈپٹی کمشنر

عظمیٰ نیوز سروس




سرینگر// ڈپٹی کمشنر سری نگر محمد اعجاز اسد نے بدھ کو کہا کہ سوچھ بھارت مشن 0.2 کے تحت انتظامیہ نے دیہات میں تمام اہداف مکمل کر لئے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ضلع سری نگر ماڈل زمرے کے لحاظ سے ملک بھر کے 10 سرفہرست اضلاع میں شامل ہے۔ سرینگر میں منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے، ڈپٹی کمشنر اعجاز اسد نے کہا، ”سوچھ بھارت مشن 2.0 کے تحت ہم نے اپنے گاؤں میں تمام اہداف مکمل کر لئے ہیں۔ اس کی 3 درجے ہیں، پہلا اُبھرتا درجہ، دوسرا خواہشمند اور پھر تیسرا نمونہ درجہ ہے۔ سری نگر نمونہ درجے میں پہنچ گیا ہے اور میں اہداف حاصل کرنے کے لیے محکمہ دیہی ترقی کو مبارکباد دینا چاہتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ضلع سری نگر کا شمار ملک کے 10 سرفہرست اضلاع میں ہوتا ہے۔ ڈی سی سری نگر نے کہا کہ انتظامیہ انتھک محنت کر رہی ہے اور اس بات کو یقینی بنایا جائے گا کہ ماڈل ولیجز اور پنچایتوں کے لیے بیان کردہ پیمانوں کو حاصل کیا جائے۔ ایک سوال کے جواب میں، ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ سری نگر کی سڑکوں پر تارکول بچھانے کا کام محکمہ تعمیرات عامہ اور سرینگر میونسپل کارپوریشن کے ذریعے انجام دیا جارہا ہے۔

## نووتھو، ملک پورہ منگہال رابطہ سڑک خستہ حال

عظمیٰ نیوز سروس

سرینگر// جنوبی کشمیر میں سڑکوں کا جال بچھانے کے دعویٰ کے بیچ نووتھو سے منگہال ملک پورہ سڑک کی خستہ حالی کے نتیجے میں لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ نووتھو سے ملک پورہ منگہال تک کی رابطہ سڑک انتہائی خستہ ہوچکی ہے جس کے باعث لوگوں کو عبورومرور میں پریشانیوں کا سامنا ہے۔ معمولی بارشیں ہونے کے ساتھ ہی یہ سڑک جھیل میں تبدیل ہوجاتی ہے۔ مقامی لوگوں نے محکمہ آر اینڈ بی ڈویژن اننت ناگ سے اپیل کی ہے کہ سڑک کی مرمت عمل میں لاکر اس پر میکڈم بچھانے کا کام شروع کیا جائے تا کہ لوگوں کے مشکلات کا ازالہ ہو۔

## بیگ کی سربراہی میں بارہمولہ کا وفد الطاف بخاری سے ملاقی

### محمد اشرف میر کو ضلع کا دورہ کر کے کارکنان سے ملاقات کرنے کی ذمہ داری تفویض

عظمیٰ نیوز سروس



سرینگر// اپنی پارٹی کے ترجمانِ اعلیٰ جاوید حسن بیگ کی قیادت میں ایک وفد نے کل سرینگر میں اپنی پارٹی کے صدر دفتر پر پارٹی سربراہ سید محمد الطاف بخاری سے ملاقات کی۔ وفد میں بارہمولہ ضلع سے تعلق رکھنے والے پارٹی لیڈران اور سینئر کارکنان کے علاوہ ضلع کے بعض معززین بھی شامل تھے۔ اس موقعے پر منعقدہ میٹنگ میں تنظیمی امور کے علاوہ بعض اہم عوامی مسائل پر بھی بات چیت کی گئی۔ میٹنگ میں سینئر نائب صدر غلام حسن میر، پارٹی کی پارلیمانی کمیٹی کے چیئرمین محمد دلاور میر، صوبائی صدر کشمیر محمد اشرف میر اور دیگر لیڈران شامل تھے۔ میٹنگ کے دوران اراکینِ وفد کی طرف سے جن اہم عوامی مسائل پر زور دیا گیا ان میں ایک اہم مسئلہ مقامی لوگوں کو جہلم اور اس کے معاون دریاؤں کی کی مائننگ کے روایتی کام سے روکنا ہے۔ بخاری نے صوبائی صدر محمد اشرف میر کو ضلع کا دورہ کرنے اور وہاں پارٹی لیڈران اور سینئر کارکنان سے ملاقات کرنے کی ذمہ داری تفویض کی تا کہ پارٹی کو ضلع بارہمولہ میں مزید مضبوط بنایا جاسکے اور سیاسی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ عوامی رابطہ مہم میں سُرعت لائی جاسکے۔

## غلام نبی آزاد چندوسہ بارہمولہ گئے

### آنجہانی بالی کے سوگوار خاندان کی ڈھارس بندھائی

عظمیٰ نیوز سروس



سرینگر// ڈیموکریٹک پروگریسو آزاد پارٹی (ڈی پی اے پی) کے چیئرمین غلام نبی آزاد نے بدھ کو ڈی پی اے پی کی سینئر قیادت کے ساتھ بارہمولہ ضلع کے چندوسہ گاؤں میں سوگوار خاندان سے ملاقات کی اوران کے ساتھ دلی تعزیت پیش کی اور آنجہانی کی روح کے دائمی سکون کے لیے دعا کی۔ آزاد نے کہا، "رنبیر سنگھ بالی ایک ایماندار اور پرعزم افسر تھے جنہوں نے ہمیشہ پالیسیوں کو لاگو کر کے غریبوں کی بہتری کے لیے کام کیا"۔ ان کے ہمراہ و نائب چیئرمین جی ایم سروری، تاج محی الدین، شعیب لون، شبنم شفیق، جسبیر کور سمیت دیگر لیڈر بھی تھے۔

## راہل گاندھی کی حمایت میں خاموش ستیہ گرہ شروع



یو این آئی

سری نگر// پردیش کانگریس نے بدھ کو مہاتما گاندھی پرتما چوک ستہ واری میں راہل گاندھی کی حمایت میں ایک روزہ خاموش ستیہ گرہ شروع کیا۔ ستیہ گرہ میں پارٹی کے صدر وقار رسول وانی کے علاوہ کئی لیڈران و کارکنان نے حصہ لیا۔ اس موقع پر وقار رسول وانی نے میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا کہ راہل گاندھی کے خلاف سازش کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا : راہل جی کے خلاف سازش کی جارہی ہے فرضی کیس لگا کر ان کو پھنسایا جا رہا ہے ان کو پارلیمنٹ سے بے دخل کیا گیا کیونکہ وہ غریبوں اور بے روزگار افراد کی آواز تھے※۔ ان کا کہنا تھا کہ راہل جی نے غریبوں اور بے روزگار افراد کے لئے اور مہنگائی کے خلاف بھارت جوڑو یاترا نکالی تھی۔ انہوں نے کہا : راہل جی پارلیمنٹ کے باہر اور اندر لوگوں کی آواز بن کر سامنے آگئے اور بی جے پی ان کے سوالوں کے جواب دینے میں نا کام ہوگئی※۔ ان کا کہنا تھا کہ کانگریس نے آج ملک بھر میں ستیہ گرہ رکھا ہے۔ یو این آئی

## صدیوں پرانی روایت کی مثال پھر زندہ

### اکثریتی طبقہ یاتریوں کے استقبال میں پیش پیش: صراف

عظمیٰ نیوز سروس



سرینگر// راشٹریہ لوک جن شکتی پارٹی کے جنرل سیکریٹری سنجے صراف نے امرناتھ یاترا کے انتظامات پر اطمینان کا اظہارر کرتے ہوئے کہا کہ ایک بار پھر مقامی اکثریتی طبقے نے یاتریوں کا مہمانوں کی طرح استقبال کر کے کشمیریت اور جموں کشمیر کی صدیوں پرانی روایت و بھائی چارے کی مثال کو پھر زندہ کیا۔ صراف نے تاہم یاتریوں کی جموں سے وادی تک نقل وحرکت کے دوران سرینگر جموں شاہراہ پر اشیائے ضروریہ، پھلوں و میوہ جات اور ضروری سازو سامان اور مال سے بھری گاڑیوں کی ہمہ وقت نقل وحرکت کو یقینی بنانے کیلئے متبادل تلاش کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ ان کی پارٹی کسی بھی انتخابات کیلئے تیار ہے۔

### 13 جولائی

## نیشنل کانفرنس، عوامی مجلس عمل اور سوز کا خراج عقیدت

عظمیٰ نیوز سروس

سرینگر// اپنے ایک بیان میں 13 جولائی کے موقعہ پر نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا ہے کہ شہدائے کشمیر کی دی ہوئی قربانیوں کی روشنی میں ہمیں اپنے مستقبل کیلئے عزم ایثار اور بے لوث خدمت کا اعلیٰ معیار قائم کرنے کی ضرورت ہے۔ نائب صدر صدر عمر عبداللہ نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ شہیدوں کی قربانیوں کی وجہ سے ہی جموں وکشمیر کے عوام کو جمہوری حقوق نصیب ہوئے ہیں، ترقی کیلئے نئی راہیں کھل گئی ہیں۔ دریں اثناء عوامی مجلس عمل نے 13 جولائی 1931 کے اولین شہدا کو زبردست الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے عوام سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ 13 جولائی کے موقعہ پر شہدا کے ایصال ثواب اور فاتحہ خوانی کریں۔ بیان میں مجلس عمل نے ایک بار پھر میرواعظ کشمیر سمیت تمام سیاسی نظربندوں کی رہائی کا اپنا مطالبہ دوہرایا۔ ادھر جمعیت ہمدانیہ کے سربراہ مولانا ریاض احمد ہمدانی نے اپنے خراج عقیدت کے پیغام میں کہا کہ اِن پاک باز۔ اور جانثار محب وطن شہدا نے کشمیری مظلوم اور محکوم عوام کو صدیوں کی شخصی راج کی غلامی سے چھٹکارا دینے کے خاطر اپنی عظیم اور اپنا گرم گرم پاک خون بہا کر جام شہادت نوش کیا۔ ادھر کانگریس کے لیڈر پروفیسر لیڈر پروفیسر سیف الدین سوز نے شہداء کی بہادری اور بے لوث قربانیوں کو یاد کرتے ہوئے کہا کہ 13 جولائی 1931 کشمیر کی تاریخ کی ایک تاریخی تحریک تھی جس نے ظلم، جبر اور استبداد کے خلاف جدوجہد کا آغاز کیا۔

## مستحقین کی ماہانہ پینشن پر مسلسل روک، ایل جی سے مداخلت کی اپیل

سرینگر// اپنی پارٹی کے جنرل سیکرٹری رفیع احمد میر نے سوشل ویلفیئر محکمہ کی جانب سے معمر شہریوں، بیواؤں اور معذور افراد کی ازسرنو ویری فکیشن کے نام پر اُن کی ماہانہ پینشن روک دیئے جانے پر اپنی گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے لیفٹنٹ گورنر انتظامیہ سے اپیل کی ہے کہ وہ اس معاملے میں مداخلت کر کے مستحقین کو اُن کا حق بحال کرائیں۔ میر نے کہا کہ محکمہ سوشل ویلفیئر نے مستحقین کی ازسرنو ویری فیکیشن کے نام پر لگ بھگ چھ ماہ قبل اُن کی ماہانہ پینشن روک دی تھی۔ اگرچہ ان میں سے بیشتر مستحقین کی ویری فیکیشن کا عمل مکمل ہوچکا ہے، لیکن تاحال اُن کی پینشن واگذار نہیں کی جارہی ہے اور نہ ہی انہیں واجب الادا رقوم دیئے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا، ”یہ انتہائی تکلیف دہ بات ہے کہ محکمہ نے پنشن کی ادائیگیاں روک چھ ماہ سے روک رکھی ہیں۔ حالانکہ پینشن یافتہ گان میں سے اکثریت کی ویری فیکیشن کا عمل مکمل ہوچکا ہے لیکن اس کے باوجود انہیں پینشن فراہم نہیں کیا جارہا ہے۔

### غلام نبی فراق پر 2 روزہ سمینار اختتام پذیر

## زبان وادب کے فروغ کیلئے سب کو ساتھ لیکر کام کرنا ہوگا: مقررین

عظمیٰ نیوز سروس



سرینگر// معروف قدآور ادیب، شاعر ومترجم مرحوم غلام نبی فراق کے فن اور شخصیت کے عنوان سے ساہتیہ اکیڈمی نئی دلی کے اہتمام سے دو روزہ سمینار کل عبدالاحد آزاد میموریل کالج بمنہ میں اختتام پذیر ہُوا۔ آج کا سمینار دو نشستوں پر مشتمل تھا جس کے پہلے سیشن میں چار مقالے پیش کئے گئے۔ سیشن میں جو مقالات پیش کئے گئے ان میں فراق صابِن نظم ”راون تیول“ جو پروفیسر بشر بشیر نے پیش کیا۔ دوسرا مقالہ ولی محمد اسیر کشتواڑی نے بہ عنوان ”فراق سنز ترجمہ کاری“ پیش کیا۔ سیشن میں دو نوجوان سکالروں ڈاکٹر محمد شفیع راتھر نے بہ عنوان ”فراق نین نظمن پیٹھ انگریزی زبانہِ ہُند اثر“ جبکہ شاکر شفیع نے ”فراق تہ ترقی پسند تحریک“ عنوان کے تحت اپنے مقالات پیش کئے۔ سمینار کے چوتھے اور آخری سیشن میں تین مقالات پیش کئے گئے۔ اختتامی سیشن میں بورڈ کے کنوینر پروفیسر شاد رمضان نے اس بات کا اعادہ کیا کہ موجودہ بورڈ کشمیری زبان و ادب کے فروغ کیلئے سب کو ساتھ لیکر کام کرتا رہیگا اور نوجوان ادیبوں کو پلیٹ فارم فراہم کرتا رہے گا۔

**PUBLIC NOTICE**

I have lost my original **Pre Registration Summary** of **Sale Deed Executed** on **16-09-2021**, at **Sub Registrar Office Anantnag**, Kashmir. Now I am applying for the mortgage of the same if anybody having any objection in this regard he/she may file his/her objection in the office of **Manager Jammu & Kashmir Bank TP Branch Anantnag**, Kashmir within a period of Seven **(07)** days from the date of publication of this notice. After that no objection shall be entertained.

**Hajra Begum W/o Abdul Ahad Raina**
**R/o Inshan Warwan Kashtwar**

ADNAN ADVT - 7889837988

**LAND FOR SALE**
AT KOKERNAG
OPPOSITE BOTANICAL GARDEN
(MILKIYAT LAND)
CONTACT:-
7051599467, 7006056037

Tracer

**HOUSE ON RENT**
THREE STOREYED HOUSE
with attached Bathrooms available
For Rental Purpose
At Tengpora Bypass
Near Water Tanky
Contact:-Mr. Aijaz
9797079976
6005711676

Tracer

**NOTICE**

I have Changed my name from (Old name) Ubaid Azam to (New name) Ubaid Azam Qureshi. In future I will be known as (New name) Ubaid Azam Qureshi . If anybody having any objection he/she may contact Passport Office, Srinagar within 7 days. After that no objection will be accepted.

**NOTICE**

I, Mohammad Rafiq Baba S/o Late Ghulam Mohammad Baba R/o Lane-3, Umar Colony A, Lal Bazar Srinagar am applying for a new split power connection. If anybody having any objection can report the matter in the Office of AEE, Electric Sub Division Hawal within a period of seven days, after that no objection will be entertained.

**NOTICE**

I want to correct the mother's name of my son in his previous passport bearing No. N8429725, from Mubeena Akhter to Mubeena Bano as her matriculation certificate/Aadhaar Card. Now I am applying for renewal of my passport. If anybody having any objection in this regard he/she may contact Regional Passport Office, Srinagar within seven days, after that no objection will be entertained.

**Mohammad Saleem Bhat**
**F/o Muhammad Uzair Bhat**
**Mother's name Mubeena Bano**
**R/o Baghati Soura, Srinagar**

**NOTICE**

I want to correct my name/father's name in my Aadhaar Card under No.511141829499, from Mohammad Ishaq Sofi S/o Ghulam Mohammad Sofi to Mohd Ishaq Sofi S/o Gh. Mohd Sofi as per matriculation certificate. Now I am applying for its duplicate. If anybody having any objection may contact the Concern authority within a period of seven days, after that no objection will be entertained.

Mohd Ishaq Sofi
S/o Gh. Mohd Sofi
R/o Madina Colony Malla Bagh, Sgr

**NOTICE**

I want to correct my father's name from Muhammad Muzaffar to Mohd Muzaffar Hussain in the school records of Delhi Public School, Pantha Chowk,Srinagar (J&K). Anybody having any objection may contact Principal Delhi Public School, Pantha Chowk,Srinagar (J&K) within a period of seven days, after that no objections will be entertained.

**Muhammad Sameer**
**S/0 Mohd Muzaffar Hussain**
**R/0 452- Housing Colony,**
**Bagh-I-Mehtab,Srinagar (J&K)**

**NOTICE**

I have lost HSRP Number Plate of my Scooty Maestro Edge bearing Regd No. JK13D-1679 in the vicinity between Nishat to Shalimar Srinagar. If anybody has found the same may please contact me on below mentioned address. Meanwhile I am applying for its duplicate. Any body having any objection may contact concerned authorities within a week at the most.

**Raja Rayees Ahmad Ahangar**
**S/o Abdul Rehman Ahangar**
**R/o Tokuna Awantipora**
**Cell No: 7006028605**
**Through Yaqoob Ahmad Dar**

**اطلاع عام**

ہر عام وخاص کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ غلام حسن کٹاری ولد غلام محمد کٹاری چک مرگ ہردوپنزو بڈگام میں کٹاریہ نام سے چک مرگ میں ایک ریسٹورنٹ کا اندراج ٹورازم ڈیپارٹمنٹ میں کرانا چاہتا ہے۔ اگر کسی شخص کو اس بارے میں کوئی اعتراض ہو تو وہ سات دن کے اندراندر ٹورازم ڈیپارٹمنٹ سرینگر سے رابطہ کریں۔ بعد گزرنے معیاد کوئی اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

غلام حسن کٹاری ولد غلام محمد کٹاری
ساکن چک مرگ ہردوپنزو بڈگام
7006855850

**DISCLAIMER**

Readers are recommended to make all enquiries and seek appropriate advice before acting on any advertisement appearing in this publication.Any subscriber sending money, incurring any expenses or acting on any medical recommendations or entering into any commitment in relation to any advertisement published in this publication, shall do so entirely at his/her discretion, intelligence and risk. The Company, Publisher or any of its employees do not vouch for any claims made by the Advertisers of products and services and shall not be held liable for any damages, loss consequences, suffered by any person on account of relyingon such advertisements.

**LED LOLLIPOP SIGN BOARD**




AVAILABLE WITH PRINT
FLAT RATE@1499
ADRACE COMMUNICATIONS
9149733744

adrace ads

**WEDDING CARDS**
Starts @ 10/PC
One stop for all types of
Designer & Customised
Wedding Cards
Available at Wholesale rates
ADRACE COMMUNICATIONS RAMBAGH, SRINAGAR
9149733744
9796177177

adrace ads

**REQUIRED**
SALESPERSON CUM HELPER
IN OUR FURNISHING STORE AT
BARBARSHAH
CALL ON :
9419057550

SERVICE ADS

**SPACE AVAILABLE ON GOODWILL BASIS**
1. One hall in 2nd Floor
14 x 27 sqft
SPACE AVAILABLE ON RENT BASIS
2. One Room in 3rd Floor
12 x 14 sqft
Karan Nagar,
Municipality Road, Opp.
District Police Lines, Sgr
CELL NO.
9419016789

**WE ARE HIRING**
For
GARMENT SHOWROOM
Salesman 02No
Sales Girl 01No
Address: Qamarabad Qamarwari,
Near Masjid Hyder Srinagar
9103566022

Media Line

**JOB VACANCY**
Accountant (Male)
Expert In: Microsoft Excel, Office, Tally Prime
Qualification (10+2)
Exp: Minimum 1 Year
Location: Chanapora near Azan Bakery
Preference given to nearby Area
M/S Laway Electronics
Salary Negotiable
Send Your CV
7006135385

**NOTICE**

I want to correct my name/father's name in my Aadhaar Card under No.364374640181, from Bilal Ahmad Hajam S/o Ghulam Hassan Hajam to Bilal Ahmad Sheikh S/o Ghulam Hassan Sheikh as per Pan Card. Now I am applying for its duplicate. If anybody having any objection may contact the Concern authority within a period of seven days, after that no objection will be entertained.

**Bilal Ahmad Sheikh**
**S/o Ghulam Hassan Sheikh**
**R/o Raiyarich, Khansahib Budgam**

**NOTICE**

I want to correct my name in my previous passport bearing No. A6577564, from Saleema to Saleema Akhter Mir as per my Aadhaar Card. Now I am applying for renewal of my passport. If anybody having any objection in this regard he/she may contact Regional Passport Office, Srinagar within seven days, after that no objection will be entertained.

**Saleema Akhter Mir**
**W/o Ghulam Rasool Mir**
**R/o Sheikh Hamza Colony**
**Botshah Mohalla Lal Bazar, Sgr**

کشمیر عظمیٰ روزنامہ
۱۳/جولائی ۲۰۲۳ جمعرات

# مغل روڈ کی خستہ حالی کا علاج کریں

خطہ پیر پنچال کو وادی کشمیر کے ساتھ ملانے والی واحد شاہراہ کی خستہ حالی اس سڑک پر سفر کرنے والوں کیلئے مسلسل پریشانی کا باعث بنی ہوئی ہے۔ پیر کی گلی سے بفلیاز تک شاہراہ کی حالت خستہ ہے جبکہ بفلیاز سے سرنکوٹ تک شاہراہ کی توسیع کاری کی وجہ سڑک کھڈوں میں تبدیل ہوچکی ہے اور یہی حال بفلیاز سے براستہ ڈی کے جی تھنہ منڈی راجوری شاہراہ کا بھی ہے۔ ایک طرف اس شاہراہ کے تئیں سنجیدگی ظاہر کرنے کیلئے اس کی دیکھ ریکھ کی خاطر محکمہ تعمیرات عامہ نے ایک الگ ڈویژن ''مغل روڈ ڈویژن'' کے نام سے قائم کیا ہوا ہے تاہم دوسری جانب حالت یہ ہے کہ یہ شاہراہ ایک رابطہ سڑک تک محدود ہوکر رہ گئی ہے کیونکہ اس سڑک کی حالت انتہائی ناگفتہ بہہ ہے۔ یہ شاہراہ، جس کا تخیل مرحوم شیخ محمد عبداللہ نے پیر پنچال خطہ کے لوگوں کو وادی کے ساتھ جوڑنے اور ان کی اقتصادی حالت میں بہتری لانے کی غرض سے دیا تھا، اب یہاں کے لوگوں کی سب سے بڑی ضرورت بن چکی ہے تاہم سرما کے 4 سے 6 ماہ کے دوران جب یہ بند ہوجاتی ہے تو خطہ کے لوگوں کا انحصار دوبارہ جموں۔ سرینگر قومی شاہراہ پر ہوجاتا ہے جس کے باعث اس کی افادیت پر کئی سوال کھڑے ہوتے ہیں۔ بفلیاز اور شوپیاں کے درمیان مغل شاہراہ 84 کلومیٹر کے قریب ہے جس میں سے بیشتر حصہ کافی اونچائی پر ہے جہاں موسم سرما کے دوران کافی برفباری ہوتی ہے۔ پیر کی گلی اس شاہراہ کا بلند ترین مقام ہے اور اس کی اونچائی سطح سمندر سے 3505 فٹ یعنی 11500 فٹ ہے۔ سرینگر۔ لداخ قومی شاہراہ پر زوجیلا درہ کی اونچائی اس سے صرف 23 میٹر زیادہ یعنی 3528 میٹر جبکہ جموں۔ سرینگر قومی شاہراہ پر جواہر ٹنل کی اونچائی اس سے کافی کم 2832 میٹر ہے۔ زوجیلا درہ سال میں اب مشکل سے ایک سے دو ماہ بند رہتا ہے اور جموں۔ سرینگر قومی شاہراہ پر بھی برفباری کے دوران کئی کئی دن گاڑیوں کی آمدورفت بند رہتی ہے۔ ایسے میں یہ توقع رکھنا کہ مغل روڈ پیر پنچال خطہ کے لئے متبادل شاہراہ کا کام دے گا، عبث ہے۔ گوکہ 2005 میں جب اس وقاری پروجیکٹ پر مرکز کی مالی اعانت سے کام شروع کیا گیا تھا، تب اس کی تکمیل کی تاریخ مارچ 2007 مقرر کی گئی تھی لیکن اس کے بعد اس میں کئی بار توسیع کی گئی اور آج بھی اس شاہراہ کو مکمل نہیں کہا جاسکتا ہے۔ یہ المیہ نہیں تو اور کیا ہے کہ اگرچہ دسمبر 2009 میں سابق وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے اس سڑک پر شوپیاں سے پونچھ تک سفر کرکے باقاعدہ طور اس کے تیار ہونے کا اعلان کیا تاہم جب سے اب تک اس کا رسمی طور افتتاح نہیں ہوپایا ہے۔ گوکہ عمر عبداللہ کے دور حکومت میں ہی سابق وزیر اعظم ڈاکٹر منموہن سنگھ کے ہاتھوں سڑک کا افتتاح کرنے کا پروگرام بھی بنایا گیا تھا لیکن نامعلوم وجوہات کی بناء پر آخری لمحات میں یہ منصوبہ ترک کیا گیا۔ 2010 سے اس سڑک پر گرمیوں کے 6 سے 7 ماہ کے دوران ٹریفک چلتی ہے تاہم کاغذی طور ابھی بھی یہ شاہراہ افتتاح کی منتظر ہے۔ فی الوقت جو حالت اس شاہراہ کی بنی ہوئی ہے، ایسے میں اس کو ''شاہراہ'' قرار دینا قطعی طور جائز نہیں ہے بلکہ موجودہ حالت میں یہ ایک موسمی رابطہ سڑک تک محدود ہوکر رہ گئی ہے۔ اس سڑک کو پورا سال ٹریفک کی آمدورفت کیلئے کھلا رکھنے کیلئے پیر کی گلی کے مقام پر ٹنل کی تعمیر ناگزیر ہے اور اسی وجہ سے سابق پی ڈی پی۔ بھاجپا سرکار کے دوران باضابطہ طور اس مقام پر ٹنل کی تعمیر کا منصوبہ بنایا بھی گیا تھا تاہم نامعلوم غیبی طاقتوں کی ایماء پر وہ منصوبہ ترک کیا گیا اور آج تک ٹنل کی تعمیر کا خواب تشنہ تعبیر ہے۔ یہ امر اطمینان بخش ہے کہ مغل روڈ نام ترک کرتے ہوئے موجودہ مرکزی سرکار نے اس شاہراہ کو مختلف مرحلوں میں تقسیم کرکے اسے قومی شاہراہ کا درجہ دیا ہے۔ شاہراہ کے راجوری۔ تھنہ منڈی۔ بفلیاز اور راجوری۔ سرنکوٹ۔ بفلیاز حصے قومی شاہراہ قرار دئے جاچکے ہیں جبکہ بفلیاز سے شوپیان اور شوپیان سے سرینگر کے حصے بھی قومی شاہراہ قرار پائے ہیں جس کے نتیجہ میں یقینی طور پر اس شاہراہ کی حالت آنے والے دنوں میں بہتر ہوجائے گی کیونکہ خطہ پیر پنچال میں راجوری ضلع میں راجوری سے دھیرہ گلی تک شاہراہ پر کام چل رہا ہے جبکہ پونچھ ضلع میں پونچھ شاہراہ سے سرنکوٹ اور بفلیاز کی جانب بھی کام شروع ہوچکا ہے تاہم اصل مسئلہ ہنوز جوں کا توں ہے اور وہ ٹنل کی تعمیر ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ وزیر وزیر برائے زمینی ٹرانسپورٹ نتن گڈکری نے اپنے حالیہ جموں وکشمیر دورے کے دوران مغل روڈ پر ٹنل تعمیر کرنے کا اعلان کیا ہے جس کا وسیع پیمانے پر خیر مقدم کیا گیا تاہم یہ ابھی اعلان تک ہی محدود ہے اور عملی طور کوئی پیش رفت نہیں ہوئی ہے کیونکہ اس اعلان کے بعد مرکزی وزارت زمینی ٹرانسپورٹ کی جانب سے اس ضمن میں کوئی رسمی کارروائی شروع نہیں ہوئی۔ بلاشبہ قومی شاہراہ بننے سے اس شاہراہ کی حالت بہتر ہوجائے گی لیکن جب تک برفانی علاقہ کیلئے ٹنل تعمیر نہیں ہوگی، یہ شاہراہ ہمہ موسمی نہیں بن سکتی ہے۔ اگر سرکار واقعی اس شاہراہ کی ہمہ وقت بحالی میں سنجیدہ ہے تو پیر کی گلی علاقہ میں ٹنل کی تعمیر میں مزید وقت ضائع نہیں کیا جانا چاہئے تاہم اگر حسب روایت صرف اعلانات کئے جاتے رہے تو یہی سمجھا جائے گا کہ اصل میں حکومتیں ہی اس شاہراہ کی ہمہ وقت بحالی کے حق میں نہیں ہے جو عوام کے ساتھ سب سے بڑی ناانصافی ہوگی۔

# سونے کی دکانوں پر بھی ٹماٹر کا جمال
## قیمت میں اچھال اور عوام کا ابال

**تلخ وشریں**

مفتی رفیق احمد

آج کل سوشل میڈیا پر ٹماٹر کی قیمتوں کی اُچھال کو لیکر ایک سے ایک طنز ومزاح سے بھرے ویڈیوز وائرل ہورہے ہیں۔ ویڈیوز دیکھ کر جہاں ہنسی آرہی ہے وہیں ایک طرف ٹماٹر کی اضافی قیمت سن کر بے ساختہ آنکھیں اشکبار ہورہی ہیں۔ ایک وقت ایسا بھی تھا کہ ٹماٹر کی قیمتوں کی بھاری گراوٹ کی وجہ سے کسان شاہراہ عام پر ٹماٹر کو پھینک کر احتجاج اور اپنے غم وغصے کا اظہار کررہے تھے۔ آج اس کے برعکس کسان جہاں ایک طرف موسلا دھار بارش کی وجہ فصل خراب ہونے سے پریشان ہے تو وہیں دوسری طرف سبزیوں اور ٹماٹر کی قیمت کے اضافہ کی وجہ سے تھوڑی سے راحت محسوس کررہے ہیں۔ لیکن ہندوستان کی عوام الناس اچانک ٹماٹر کی قیمت کی زبردست اُچھال کی وجہ سے کافی حیران وبدحواس نظر آرہے ہیں۔ بدحواسی! ہاں بدحواسی ایسی کہ سبزیوں کی آسمان چھوتی قیمتوں کو سُن کر ہی لوگوں کے سر چکرانے لگتے ہیں، پھر بدحواسی کے عالم میں یہ سوچنے پر مجبور ہوجاتے ہیں کہ ٹماٹر لیں یا نہ لیں۔ اگر لینگے تو گھر کی باقی اشیاء ضروری لے ہی نہیں سکتے اور نہیں لینگے تو گھر میں بیگم سالن نہیں بنائے گی۔ پھر سراپا احتجاج بن کر اس فقیر پر برس پڑے گی۔ اسی کیفیت کو اردو میں بدحواسی سے تعبیر کرتے ہیں۔ الغرض عوام سبزیوں خصوصاً ٹماٹر کی قیمت کے اس اُچھال کی وجہ سے بوکھلاہٹ میں مبتلا ہوئے ہیں۔ کریں تو کیا کریں؟ اسی بیچ میں کرناٹک کے کئی علاقوں میں ٹماٹر چوری کے واردات بھی رونما ہوئے ہیں۔ کہیں کسان پریشان تو کہیں سبزی فروش کی نیند حرام ہوگئی ہے۔ لوگ ٹماٹر کی قیمت کی وجہ سے چوری کرنے پر بھی مجبور ہوگئے ہیں۔ اگر حالات ایسے ہی رہے تو ٹماٹر کے لیے قتل کے واردات بھی ہوسکتے ہیں خدا حفاظت فرمائے۔



اب تھوڑا ٹماٹر کا تعارف بھی سن لیجئے کہ ٹماٹر کون ہے؟ سر پر سبز تاج اور لال نظر آنے والا ایک قیمتی انمول ذائقہ دار، کبھی میٹھا کبھی کھٹا، سبزیوں کا راجہ مہاراجہ ہے ٹماٹر۔ اب وہ صرف دُور ہی سے بھلا معلوم ہورہا ہے۔ کبھی یہ ٹماٹر منڈی کی شان ہوا کرتا تھا۔ پکوان کی لازمی شئے سمجھے جانے والے ٹماٹر کی قیمت میں چند دنوں میں ہوئے بتدریج اضافہ سے عام آدمی کا سر چکرانے لگا ہے اور ایک کلو ٹماٹر کی خریداری نہ صرف جیب پر بھاری بوجھ بن گئی ہے بلکہ اس کے ماہانہ بجٹ پر بھی اثر انداز ہورہی ہے۔ بازاروں اور ٹھیلہ بنڈیوں پر کبھی ٹماٹر سجائے جاتے تھے اور خریداروں کا ہجوم ان بنڈیوں اور بازاروں میں ٹماٹر کی خریداری کرتا ہوا دیکھا جاتا تھا، وہ ہجوم ابھی بکھر گیا اور دور ہی دور سے دیکھ کر سلامی پیش کرکے نم آنکھوں کے ساتھ رخصت ہورہا ہے۔ اب عالم یہ ہے کہ سونے کی دکان میں بھی ٹماٹر سجائے جارہے ہیں۔ اسی وجہ سے سوشل میڈیا کے صارفین یہ کہنے پر مجبور ہیں کہ مسٹر موجودہ حکمران کے اچھے دن آئے یا نہ آئے لیکن ٹماٹر کے اچھے دن ضرور آگئے ہیں۔ جس طرح یہ ٹماٹر کے لیے اچھے دن ہیں، ایسے ہی ہم غریبوں کے لیے بُرے دن ضرور ہیں۔ یہاں پہلے ہی عوام بے روزگاری اور بڑھتی قیمت اور مہنگی زندگی سے پریشان ہوکر خودکشی کررہی ہے۔ شائد اس بارے میں حکومت کے پاس کوئی یوجنا ہی نہیں ہے۔ اگر ہے تو تا حال نابود ہے۔

اب ذرا ہندوستان کے مختلف ریاستوں میں ٹماٹر کی قیمتوں کا جائزہ لیتے ہیں۔ ہندوستان کی راجدھانی دہلی، این سی آر میں ٹماٹر کی قیمت 120 سے 160 روپے فی کلو تک پہنچ گئی ہے۔ ایشیا کی سب سے بڑی پھل اور سبزی منڈی آزاد پور میں بدھ کو ٹماٹر کی قیمت 70- 120 روپے تک ہے۔ شہر حیدرآباد کے علاوہ تلنگانہ کے دیگر مقامات پر کافی اضافہ ہوگیا ہے۔ ٹماٹر کی قیمت میں 3 گنا سے بھی زائد اضافہ ہوگیا ہے۔ ٹماٹر کی قیمت اب بڑھ کر 100 تا 110 روپے فی کلو ہوگئی ہے۔ ریاست کرناٹک میں 100 سے 170 تک ٹماٹر بیچے جارہے ہیں۔ ہر ضلع میں الگ الگ قیمت کہیں دس روپیہ زیادہ تو کہیں دس روپیہ کم۔ شہرِ کولار جو ٹماٹر کا مرکز کہلاتا ہے۔ یہاں ٹماٹر کی قیمت 120 روپیہ فی کلو۔ یہ اجمالی خاکہ اور اجمالی جائزہ ہے اگر صحیح طور پر جائزہ لیا جائے تو ہمارے سامنے پورے ملک کی تصویر اُبھر کر آجائے گی۔ لیکن اس مہنگائی کے دور میں بھی تامل ناڈو سرکار، مفادات عامہ کے مدنظر رکھتے ہوئے سرکاری فرمان کے مطابق ٹماٹر کو کم قیمت میں عوام تک پہنچا رہی ہے۔ ٹماٹر کی بڑھتی ہوئی قیمت کو پورا کرنے کی کوشش کرتے ہوئے، تمل ناڈو حکومت نے منگل کو 60 روپے فی کلو میں فروخت کا آغاز کیا، اور یہ پہل قابل ستائش ہی نہیں بلکہ دیگر ریاستوں کے ساتھ ساتھ مرکزی حکومت کے لیے بھی قابل تقلید ہے، تاکہ عوام راحت محسوس کریں اور اس بڑھتی ہوئی مہنگائی سے چھٹکارا حاصل کریں۔ صرف ٹماٹر ہی نہیں ہری مرچ، لہسن، دھنیا اور ادرک کی قیمتیں بھی بڑھ گئی ہیں اور یہ 150 سے 200 روپے فی کلو تک فروخت ہورہی ہیں۔ یہ سب ہماری شامت کہیئے یا اچھے دن۔ اخیر میں ہم جملہ قارئین سے اپیل کرتے ہیں کہ دعا کریں کہ سبزیوں کی قیمت کم ہو اور غریب بھی بآسانی زندگی گزار سکے۔ رب قدیر بھارت اور باشندگان ہند کی حفاظت فرمائے اور مہنگائی سے ہمیں چھٹکارا نصیب فرمائے۔ آمین

rafeequean@gmail.com

# خوفِ خدا کا محاصل قُربِ الٰہی


**فکروفہم**



مشتاق تعظیم کشمیری

اللہ تبارک وتعالیٰ قرآن شریف میں سورۃ آل عمران میں ارشاد فرماتا ہے،''اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ سے ڈرو جیسا اس سے ڈرنے کا حق ہے اور ہرگز نہ مرنا مگر مسلمان۔''اور اسی طرح اور ایک جگہ سورۃ نساء میں ارشاد فرماتا ہے،''کہ ہم تم میں سے پہلے اہل کتاب کو بھی اور تمہیں بھی یہی تاکید کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ سے ڈرو''، ایک اور مقام پر فرمایا: اگر تم اللہ سے ڈرو گے تو وہ تمہیں حق وباطل کے درمیان فرق کرنے والی بصیرت عطا فرمادے گا اور تم سے تمہاری برائیاں دور کردے گا اور تمہیں بخش دے گا اور اللہ تعالیٰ بڑا فضل والا ہے۔''

تقویٰ وخوف الٰہی کی خوبی انسان کو اللہ رب العزت کے بہت زیادہ قریب کردیتی ہے، ان کے علاوہ اللہ رب العزت نے اور بھی بہت سی آیتوں کے ذریعہ اپنے بندوں کو خوف الٰہی وخشیت ربانی اپنے دلوں میں پیدا کرنے کا تاکیدی حکم فرمایا ہے۔ بلاشبہ خوف خدا وہ نیک اور مقبول عمل ہے کہ جس دل میں پیدا ہوجاتا ہے، وہ دل نیکی اور تقویٰ کا مرکز بن جاتا ہے اور وہ شخص ہر قسم کے گناہ و بُرائی سے دور اور محفوظ نظر آنے لگتا ہے، اور یہ خوف خداوندی ہی کا نتیجہ ہوتا ہے کہ جسم کے تمام اعضاء یعنی آنکھ، کان، زبان، ہاتھ، پیر اور دل ودماغ سب کے سب نیک اور اچھے کاموں میں مشغول نظر آتے ہیں۔ یہ خوف خدا کے برکات وحسنات ہوتے ہیں کہ آنکھ برائی نہیں خوبی اور بھلائی دیکھتی ہے، دل ودماغ بُرا اور خراب نہیں بلکہ بھلا اور اچھا سوچتے دکھائی دیتے ہیں، ہاتھ اور پیر گناہ وظلم کے راستے پر چلنے کے بجائے نیک اور حق وسچ کے راستے پر چلتے نظر آتے ہیں، حاصل کلام یہ ہے کہ جب آدمی اپنے دل میں خوف خدا پیدا کرلیتا ہے اور اللہ سے ڈرنے لگتا ہے تو ہر قسم کے گناہ اور بُرائی سے محفوظ ہوکر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں محبوب ومقبول بن جاتا ہے۔ خوف خدا کا انعام واکرام بڑا عظیم ہوتا ہے، ہر نیک کام کا بڑا بہتر اجر اور بدلہ ہے، دنیا میں خیر وبرکت، آخرت میں عزت وعظمت اور نجات وبخشش اور پھر جنت کی نعمت حاصل ہوتی ہے۔ حدیث شریف میں نبی کریمؐ کا فرمان ہے،''جب کسی بندے کا دل خوف الٰہی سے کانپتا ہے تو اس کے گناہ اس سے ایسے جھڑ جاتے ہیں جیسے درخت سے اس کے پتے جھڑتے ہیں''(احیاء العلوم) حضرت ابو ہریرہؓ بیان فرماتے ہیں کہ محبوب خداؐ نے فرمایا،''اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ مجھے اپنی عزت کی قسم میں اپنے بندوں پر دو خوف اور دو عمل اکٹھے نہیں کروں گا، یعنی اگر وہ مجھ سے دنیا میں خوف رکھے گا تو میں اس کو قیامت کے دن امن میں رکھوں گا اور اگر مجھ سے دنیا میں بے خوف رہا تو میں اس کو قیامت کے دن خوف میں مبتلا کروں گا۔''خوف خدا سے رونے والے پر دوزخ کی آگ حرام ہے۔ بروزِ قیامت ایک شخص کو لایا جائے گا، جب اس کے اعمال تولے جائیں گے تو بُرائیوں کا پلڑا بھاری ہوجائے گا، چنانچہ اسے جہنم میں ڈالنے کا حکم ملے گا اس وقت اس کی پلکوں کا ایک بال اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عرض کرے گا کہ اے رب العزت! تیرے پیارے رسولؐ نے فرمایا تھا: ''جو شخص اللہ تعالیٰ کے خوف سے روتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس پر دوزخ کی آگ کو حرام کردیتا ہے، اور میں تیرے خوف سے رویا تھا، اللہ تعالیٰ ارشاد فرمائے گا: اس شخص کو ایک اشکبار بال کے بدلے جہنم سے بچالیا جائے، اُس وقت حضرت جبرئیل علیہ السلام پکاریں گے: ف''لاں بن فلاں ایک بال کے بدلے نجات پا گیا''(مکاشفتہ القلوب) اللہ تعالیٰ ہمیں ایمان کی توفیق عطا فرمائے اور ہر وقت بُرے کاموں سے بچنے کے لئے دل میں خوف خدا پیدا کرے۔ آمین



# زندگی موت کے حصار میں ہے

**فکروتدبر**

طارق اعظم۔ٹنگمرگ

دنیائے جہاں میں مختلف رنگت، حسب، نسب، خاندان اور مذاہب کے بے شمار لوگ سانس لے رہے ہیں اور اپنے اپنے عقیدوں کو دِل کے خانوں میں پال رہے ہیں۔ ان کا احساس اوروں پر آشکار کرتے رہتے ہیں، تاکہ میرا ہی مذہب غالب آجائیں۔ ایک مخصوص مذہب کا انسان دوسرے مذہب کے ماننے والے کی دلائل کو توڑنے کیلئے جوابِ طشت میں تحریروں کا انبار اور کتابوں کا پہاڑ تو پیش کرسکتا ہے۔ لیکن دنیا میں کوئی بھی ایسا انسان نہیں آیا، جس نے موت کی حقیقت کو جھٹلایا ہو۔ یہ ایک ایسی طاقت ہے جس کو کمزور کرنے کی ہمت کسی میں بھی نہیں ہے۔ بلکہ جس سے بھی اسکا سامنا ہوجاتا ہے، توڑ کے رکھ دیتی ہے۔ رکانہ اور رستم جیسے پہلوانوں کو اس خاموش سمندر نے اپنے اندر نگل لیا ہے۔ تختوں پر ہوا میں اُڑنے والے کے پروں کو کاٹ دیا۔ سروں پر ناز و نخروں کے شاہی تاج رکھنے والوں کے سر بدن سے جدا کردئے ہیں۔ سڑکوں پر ہاتھ میں لیے بھیک کا کشکول حاجت مند کو مٹی کے شکم میں پہنچایا۔ ماں کی آغوشِ کرم ہر قدم کا محتاج شیر خوار بچے کو اور سفید ریش، جھکے ہوئے کمر، عصا کے سہارے چلنے والے ضعیف انسان کو اپنے گلے لگا کر دوسرے عالم میں منتقل کردیا۔ غرض موت کے نزدیک کسی کی امیری، غریبی، خاندان، طاقت، بے کسی، عہدے، محتاجی، جونپڑھی، محل، کاروبار اور تجارت تک کام نہیں آتے ہیں۔ کیوں یہ ان تمام چیزوں سے بے نیاز ہے۔ یہ فنکار کا اپنے شہکار کے لیے صمیم اور لاریب فیصلہ ہے، جو نہ ایک لمحہ پہلے صادر ہوجاتا ہے اور نہ ایک لمحہ کی انتظار کرتا ہے۔ بس اپنے مقرر وقت پر روح رکھنے والے کا ہم آہنگ بن جاتا ہے۔ پھر چاہیے کوئی ماں کی تھن سے دودھ کا پہلا قطرہ اپنے معصوم دہن میں لینے لگا ہو، کوئی صبح کا ناشتہ تیار کررہا ہو، کوئی دکان کی چیزیں سجارہا ہو، کوئی اپنے گھر کو مزین کرنے میں مصروف ہورہا ہو اور کوئی منزل کی جستجو میں سفر کررہا ہو۔ اچانک ان سارے نشاط بخش منظروں کی رخسار پر ماتم کے آثار عیاں ہوجاتے ہیں۔ آنکھوں سے قلزم بہنے لگتا ہے۔ تبسم، مسکراہٹ اور قہقہے نالہ زاروں، ہچکیوں اور سسکیوں کا لباس پہنتے ہیں۔ سب ٹھاٹھ پڑا رہ جاتا ہے۔ کتاب کے اوراق منتشر ہوجاتے ہیں اور حرف حرف تتر بتر ہوکر رہ جاتے ہیں۔ موت کے رعب نے قوی سے قوی دلوں کو خوف وحزن کے عالم میں گرفت کرکے رکھا ہے۔ کوئی بھی ذی جان مرنا نہیں چاہتا ہے۔ اپنے ماں باپ، عزیز واقارب اور اولاد سے کون جدا ہونا چاہتا ہے۔ لیکن حقیقت یہی ہے کہ اپنے مقرر وقت پر واپس لوٹ کے جانا ہی ہے۔ اسی لیے رہبر کائنات، محسن انسانیت جس کی دہلیز اقدس پر موت کے فرشتے نے اندر آنے کی اجازت مانگی، اس صادق المصدوق نے فرمایا۔ کہ مرنے سے پہلے مرنے کی تیاری کرو۔ دنیا کی زندگی مختصر ہے، اسے غنیمت سمجھو۔ اب بات یہ ہے کہ موت کی کیا اور کیسی تیاری کرنی ہے۔ فرقان مجید میں ربِ کعبہ ہم سے مخاطب ہوکر فرمارہے ہیں کہ تم یہ گمان نہ کرنا کہ تم کو بے کار بنایا گیا ہے، بلکہ تمہاری زندگی کا مقصد ہی میری رضاعت حاصل کرنی ہے اور تم تب تک مجھے راضی نہیں کرسکتے ہو، جب تک میرے محبوب کی مکمل اطاعت نہ کرو گے۔ بے ہودہ کاموں سے اور وقت کی رائیگانی سے اپنی یہ قیمتی زندگی محفوظ رکھنی لازمی ہے۔ شراب نوشی، سود خوری، رشوت خوری، بدنگاہی، بداخلاقی، فضول خرچی، رسم وبدعت اور طرح طرح کی نافرمانیوں کے کالے دھبوں سے دامن ایمان کو بچانا دین حق سکھاتا ہے۔ اچھے بلے اور صالح اعمال کے سرسبز میدانوں میں خوب چرا کر عقبا کی پونجی کو آباد کردینا ہے۔ ورنہ کل موت کے بعد انسان کو بہت افسوس ہوگا، اس قدر افسوس ہوگا کہ ناخن سے چبانا شروع کرے گا اور غم میں کھاتے کھاتے اپنی ساری بازو کو ختم کردے گا۔ مولانا رومیؒ فرماتے ہیں:

زندگی آمد برائے بندگی
زندگی بے بندگی شرمندگی

کہ اگر اس مختصر سی زندگی میں ہم نے اللہ اور اللہ کے رسولؐ کے طرزِ مبارکہ پر زندگی گزار دی۔ تو موت ابدی اور دائمی سکون، چین، راحت اور خاص کر ملاقاتِ عظمیٰ کی دعوت ہے۔ اسی لیے اولیاء اللہ موت کو پیاری چیز سمجھتے تھے اور سمجھتے ہیں بھی۔ ان کے لیے موت، جیسے دشتِ صحرا میں گرمی کی حرارت میں ٹھنڈا پانی کا معنی رکھتی ہے۔ کیونکہ وہ لوگ اپنی ساری زندگی کو قرآن وسنت کے مطابق گزارتے ہیں۔ فانی جہاں کے جاہ وجلال، حسن ورنگت اور عہدے منصوبے ان کے یہاں آخرت کے نزدیک زیادہ اہمیت نہیں رکھتے ہیں۔ انہیں خبر ہوتی ہے کہ یہ ساری چیزیں عارضی ہے۔ لہٰذا کیا فایدہ ہے کہ ان کو حاصل کرکر کے اپنی بے مول زندگی کا اصل مقصد گوا بیٹھیں۔ دوسرے مصرعہ میں فرماتے ہیں کہ جس نے اپنی زندگی کو فقط گنہگاری میں اور شرک وفسق کے سمندر میں ڈبو دی، اس کو روزِ جزا میں شرمندگی کے سوا کچھ بھی حاصل نہیں ہوگا۔ اُس وقت کے احساس کا ہونا یا نا ہونا ایک ہی معنی رکھتا ہے۔ کیوں کہ وہ یومِ جزا ہوگا جو بویا ہوگا وہی کاٹنا بھی پڑے گا۔ اس جہاں کی دہلیز پر قدم رکھنے سے پہلے ہمیں ابھی جہاںِ دنیا میں رہ کر آخرت کی منزلوں کی بہت فکر کرنی لازم ملزوم ہے۔ یہی دنیا آخرت کی کھیتی ہے اور ہم بخوبی جانتے ہیں کہ وہ کوئی دیوانہ یا بے حس انسان ہوگا، جو اپنی فصل دینی والی زمین کو ویران کردیں۔ ایک دفعہ سرکارِ دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم بائیس لاکھ اکاون ہزار اور تیس مربع میل تک حکومت کرنے والے عادل بادشاہ کے دوشوں پر اپنے دستِ مبارک رکھ کر اسے نصیحت کرتے ہیں کہ اے عمرؓ اس دنیا میں ایک غریب کی طرح یا ایک مسافر کی طرح رہنا۔ جس طرح مسافر کو رات کے آرام کے لیے ایک چھوٹا سا خیمہ اور صبح وشام کے کھانے کا تھوڑا سا توشہ اپنے پاس رکھتا ہے، لیکن منزلِ مقصود کو پانے کی جستجو کو نہیں چھوڑتا ہے۔ اسی مثال کے مصداق مجھے اور آپ کو بھی بننا ہے۔ تمنا، آرزو اور خواہشات کو مختصر کرکے موت کے بعد کی زندگی کے لمبے اور لازوال سفر کے لیے توشہ تیار کرنا ہوگا۔ کیونکہ ہم سب اپنی وقتِ قضا سے بالکل بے خبر ہیں۔

آگاہ اپنی موت سے کوئی بشر نہیں
سامان سو برس کا ہے پل کی خبر نہیں

رابطہ۔6006362135
tariqbhat1198@gmail.com

## قلم کاروں کے نام

ہم اپنے اُن تمام قابل قدر قلم کاروں، جن کی نگارشات ''کشمیر عظمیٰ'' کے اِنہی کالموں میں شامل اشاعت ہورہی ہیں، سے مؤدبانہ گذارش کرتے ہیں کہ وہ اپنی تحریرات میں اختصار لائیں تاکہ ہر قلم کار کی نگارش کو جگہ مل پائے، کسی موضوع پر تحریر کی حد زیادہ سے زیادہ پندرہ سو سے سولہ سو الفاظ تک محدود رکھیں۔ بصورت دیگر طویل تحریرات شاملِ اشاعت نہ ہونے پر کسی قلم کار کی شکایت، گلہ یا شکوہ بے جا ہوگا۔ (ادارہ)

# رہبر بھی یہ ہمدم بھی یہ غم خوار ہمارے!

## استاد کا وقار طلباء کے ہاتھوں پامال ہو رہا ہے؟

حال واحوال

مسعود ہ وانی۔ ٹنگمرگ

"استاد" پانچ حرفوں سے بنا یہ لفظ اپنے اندر ایک وسیع معنی رکھتا ہے، جیسے: ادب سکھانے والا، سدھارنے والا، تمیز سکھانے والا، اچھے اخلاق سکھانے والا، علم کی دعوت دینے والا۔ استاد قوم کا ایک ایسا بہترین سرمایہ ہے، جس کی عزت کرنے کی تلقین بڑے بڑے مفکروں، عالموں، فاضلوں اور دانشوروں نے کی ہے۔ یہی نہیں استاد کے پیشے کو پیغمبروں کے پیشے کا درجہ دیا گیا ہے۔ استاد ہی ہے، جس نے دنیا میں بڑے بڑے ڈاکٹروں، افسروں، شاعروں، سائنس دانوں کو پیدا کیا ہے۔ یہ استاد ہی ہے جس نے ایک انسان کو زمین سے اٹھا کر آسمان تک پہنچا دیا۔ استاد ہی وہ عظیم ہستی ہے جو پتھر کو تراش کر ہیرا بنا دیتی ہے یعنی ہر انسان کی بہترین کامیابی کے پیچھے ایک استاد کی بہترین تربیت کارفرما ہوتی ہے۔ ارسطو کا قول ہے: "جو بچوں کو تعلیم دیتے ہیں، وہ ان سے زیادہ عزت مند اور قابل احترام ہے جو بچوں کو پیدا کرتے ہیں، والدین زندگی دیتے ہیں استاد زندگی گزارنے کا سلیقہ سکھاتے ہیں۔"

کیا دور حاضر میں استاد کی عزت طلباء کے ہاتھوں پامال ہو رہی ہے؟ اس سوال کا جواب ہاں ہے یا نہیں؟ اگر ہو رہی ہے تو وجوہات کیا ہے؟ سوشل میڈیا، والدین یا ہمارا سماج؟ اگر وثوق کے ساتھ کہا جائے تو یہ بات بالکل درست ہے کہ دور حاضر میں استاد کی عزت میں بہت کمی رونما ہو رہی ہے۔ یا یوں کہیں کہ اب تو طلباء میں وہ ادب و احترام ہی نہیں رہا ہے، جو پہلے ہوا کرتا تھا۔ استاد کی عزت تو اردو کے مشہور شاعر" علامہ اقبال" نے کی تھی، تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ جب ہندوستان کی انگریز حکومت نے علامہ اقبال کو سر کا خطاب دینے کا ارادہ کیا تو علامہ اقبال نے یہ خطاب لینے سے انکار کر دیا، وجہ پوچھنے پر اقبال نے یہ کہا کہ جب میرے استاد مولوی میر حسن کو شمش العلماء کا خطاب دیا جائے تب میں سرکاری خطاب لوں گا۔ یہ سن کر انگریز گورنر نے کہا "ڈاکٹر صاحب آپکو تو سر کا خطاب اسلئے دیا جا رہا ہے کہ آپ اردو کے بہت بڑے شاعر ہیں، آپ نے کتابیں تخلیق کی ہیں، مولوی میر حسن نے کیا تخلیق کیا ہے؟ اقبال نے جواب دیا کہ مولوی میر حسن نے اقبال کو تخلیق کیا ہے۔ پھر انگریز گورنر نے مولوی میر حسن کو شمش العلماء کا خطاب دینے کا اعلان کیا اور میر حسن کو لاہور بلوانے کو کہا گیا۔ علامہ اقبال کو یہ بات ناگوار گزری کہ میر حسن بزرگ ہیں، وہ یہاں نہیں آسکتے، اسلئے انہوں نے انگریز گورنر کو یہ اس بات پر مجبور کیا کہ میر حسن کو اپنے گھر سیالکوٹ میں یہ خطاب سے نوازا جائے۔ جب علامہ اقبال کے سارے وعدے پورے ہو گئے تب انہوں نے سر کا خطاب لیا۔

یہ تھا استاد کا ادب و احترام۔ ایک شاگرد کی وجہ سے اُس استاد کا نام اب تک یادگار ہے، جس کو شاید کبھی کوئی یاد ہی نہیں کرتا اور ایک استاد کی وجہ سے ہی علامہ اقبال ایک مقبول ترین شاعر بن گئے۔ مگر دور حاضر میں یہ ادب و احترام استاد کے تئیں نہیں دکھائی دے رہا ہے۔ پہلے استاد کلاس میں جاتے تھے تو بچے ادب و احترام کے ساتھ سلام کرتے تھے لیکن آجکل کے بچوں کی طرف سے نہ سلام، نہ ادب اور نہ ہی احترام استاد کے آنے پر ہو رہا ہے۔ اب تو بچوں میں وہ شرم و حیا بھی نہیں رہی جو پہلے ہوا کرتی تھی۔ استاد کو ماں باپ کے برابر سمجھا جاتا تھا لیکن آجکل کے طلباء میں وہ صلاحیت ہی معدوم ہو چکی ہے کہ وہ استاد کا ادب و احترام کرتے۔

ایک مشہور قول ہے کہ "جس نے معالج کی عزت نہ کی، وہ شفا سے محروم رہا اور جس نے استاد کی عزت نہ کی، وہ علم سے محروم رہ گیا۔"

یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ طلباء کے اس بدترین ویوہار کی سب سے بڑی وجہ شوشل میڈیا ہے۔ جدید دور کی اس ٹیکنالوجی نے جتنی زیادہ سہولیات مہیا کیں، اُس سے زیادہ اسکے نقصانات دیکھنے کو ملتے ہیں۔ چونکہ کچھ سال سے مختلف حالات کی وجہ سے طلباء کا موبائل فون سے رابطہ گہرا ہوتا گیا، جس کی سبب بچوں کے ذہنوں پر اسکے بُرے اثرات مرتب ہوئے۔ طلباء کے ہاتھوں میں کتابوں کے بجائے موبائل فون نے جگہ لے لی۔ موبائل فون پر کبھی کبھار کسی پڑھائی کو دیکھ کر انہیں لگتا ہے کہ استاد نے جو پڑھایا وہ غلط ہے، اور کبھی کبھار اُستاد کی کسی چھوٹی موٹی غلطی کو بھی سوشل میڈیا پر اس طرح اُچھالا جاتا ہے کہ سماج میں اسکا جینا مشکل ہو جاتا ہے۔

دوسرا اور سب سے اہم مسلہ والدین کا ہے جو ہر حال میں بچے کا ساتھ دیتے ہیں، چاہے بچہ غلط ہی کیوں نہ ہو۔ پرانے زمانے میں اگر استاد بچے کو غلطی کرتے دیکھتا تھا تو بچے کے والدین بچے کا ساتھ نہیں دیتے تھے مگر وقت بدل گیا ہے۔ اب والدین ہی بچے کی غلطی کو سدھارنے کے لیے آمادہ نہیں ہوتے، اگر بچہ غلطی پہ غلطی کرتا رہے تو خطاوار استاد کو ہی ٹھہرایا جاتا ہے، خود والدین بچوں کے سامنے یہ کہتے ہیں کہ معلم کو ڈانٹ دے، وہ بچوں کو کیوں ستاتے ہیں، یعنی نصیحت کیوں کرتے ہیں۔ یہ سن کر بچہ کس قدر خوش ہوتا ہے کہ اس کے استاد کو ہی ڈانٹ پڑی تو بھلا وہ اُستاد کا احترام کرے گا؟ اسکے سامنے تو استاد کا کوئی حیثیت ہی نہیں رہتی، کسی شاعر نے کیا خوب کہا ہے۔

ماں باپ اور استاد سب ہے خدا کی رحمت
ہے روک ٹوک ان کی حق میں تمہاری نعمت

شاعر کی یہ بات تو صحیح تھی کہ استاد یا والدین کی روک ٹوک بچے کے لیے بہتر ہوتی ہے مگر دور حاضر میں اس کا بالکل اُلٹ ہوا ہے۔ حالات یہاں تک پہنچ گئے کہ اب بچوں نے ہی استاد پر روک ٹوک لگانی شروع کر دی۔ گویا استاد کی بہتری اسی میں ہے کہ اپنی عزت بچانے کے لیے خاموش رہے، ورنہ آج کل کے بچے استاد کو دنیا میں جینے کے قابل نہیں چھوڑیں گے۔

تیسری اور آخری وجہ ہمارا سماج ہے، جو کبھی بھی سچ کا ساتھ نہیں دیتا ہے۔ اس بات میں کوئی شک نہیں ہے کہ آج کل کے طالب علم اپنی مرضی کے مالک بن گئے ہیں، نہ اُن پر کسی کی ڈانٹ کا اثر پڑتا ہے اور نہ استاد کی نصیحت کا، جبکہ وہ اب استاد کی نصیحت کے بالکل اُلٹ کیا کرتے ہیں۔ استاد کی نصیحت کو اُلٹ پلٹ کر کے سماج میں بڑھا چڑھا کر اس طرح پیش کیا جاتا ہے کہ اُستاد کے وقار کا ہی جنازہ نکل جاتا ہے۔ ہمارا سماج چونکہ بے راہ رَو بن چکا ہے اس لئے وہ جھوٹ کا ہی ساتھ دیتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بچے کافی حد تک بگڑ گئے ہیں، جنہیں اب سدھارنے کی بہت ضرورت ہے۔ اگر اس بات پر غور نہیں کیا گیا تو آئندہ کچھ وقت تک بچے ہمارے ہاتھ سے اسطرح نکل جائیں گے کہ ہم ان کو کبھی روک بھی نہیں پائیں گے، ہمیں اس طرف ہوشیاری کے ساتھ دھیان دینے کی سخت ضرورت ہے۔

استاد کی عزت ہم سب کا حق بھی ہے اور فرض بھی۔ استاد وہ شمع ہے جو خود تو جلتا ہے لیکن دوسروں کو روشنی فراہم کر دیتا ہے۔ حضرت ابوہریرہؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہؐ نے فرمایا "میں تمہارے لیے باپ کی حیثیت رکھتا ہوں کیونکہ میں تمہیں علم و حکمت سکھاتا ہوں۔" اسلئے طلباء، والدین اور ہمارے سماج پر یہ ذمہ داری عاید ہوتی ہے کہ وہ اساتذہ کو وہ عزت و احترام بحال کر دیں، جس کے وہ حق دار ہیں۔ استاد کے بغیر ہم زندگی جینے کا سوچ بھی نہیں سکتے، استاد کا ہمارے سماج میں بڑا اہم رول ہے۔ طلباء کے پاس چاہے کتنا ہی علم کیوں نہ ہو، لیکن وہ ایک استاد کے بغیر علم کو عمل میں نہیں لا سکتے ہیں، اسلئے ہم سب کو چاہیے کہ استاد کا ادب و احترام کریں تاکہ ہمارا مستقبل سنور جائے اور ہماری آنے والی نسلوں پر اسکے مثبت اثرات پڑ جائیں۔ اللہ تبارک تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہم سب کو اپنے اساتذہ کی عزت، ادب و احترام کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

رہبر بھی یہ ہمدم بھی یہ غم خوار ہمارے
استاد یہ قوموں کے ہیں معمار ہمارے

masoodawani281@gmail.com

## کیا بڑھتی آبادی درپیش مسائل کی جڑ ہے؟

فکرانگیز



بھارتی دیوی۔ پونچھ

1989 میں اقوام متحدہ کے ترقیاتی پروگرام کی گورننگ کونسل کی جانب سے 11 جولائی کو عالمی یوم آبادی کے طور پر منانے کے فیصلے کے بعد سے یہ دن ہر سال پوری دنیا میں منایا جاتا ہے۔ اس کا مقصد لوگوں کو آبادی سے متعلق مسائل کی اہمیت سے آگاہ کرنا ہے کیونکہ جب یہ دن شروع ہوا، دنیا کی آبادی 5 ارب تک پہنچ چکی تھی۔ ڈاکٹرسی ذکریا کی طرف سے عالمی یوم آبادی منانے کی تجویز پیش کی گئی تھی۔ اس دن غربت، بچوں کی صحت، صنفی مساوات، خاندانی منصوبہ بندی، انسانی حقوق، مانع حمل ادویات کے استعمال سے لے کر تحفظ اور مساوات تک کے مسائل پر بات کی جاتی ہے۔ درحقیقت آبادی میں اضافے کے تین بنیادی مراحل ہیں۔ جن میں سب سے اہم معاشرے میں آبادی میں اضافے کی شرح کو کم کرنا ہے، کیونکہ معاشرہ ترقی اور ٹیکنالوجی کے حوالے سے پیچھے ہے۔ ویسے تو پوری دنیا میں کل 240 ممالک ہیں۔ لیکن اقوام متحدہ کی طرف سے تسلیم شدہ ممالک کی کل تعداد 195 ہے۔ ان ممالک میں آبادی کے لحاظ سے بھارت چین کو



پیچھے چھوڑ کر پہلے نمبر پر آ گیا ہے جبکہ زمینی رقبے کے لحاظ سے بھارت دنیا کے کل ممالک میں ساتویں نمبر پر ہے۔ ہندوستان اب بھی ایک ترقی پذیر ملک ہے، اس کا مطلب ہے کہ ہندوستان اب بھی ترقی کے تمام اہداف کو پوری طرح پورا نہیں کر پایا ہے۔ یہاں کے شہریوں کو تمام بنیادی سہولیات یکساں طور پر میسر نہیں۔ ایسے میں اس کی آبادی میں اتنی تیزی سے اضافہ اپنے آپ میں حیران کن ہے۔

اس وقت بڑھتی ہوئی آبادی دنیا کے کئی ممالک کے لیے ایک بہت بڑا مسئلہ بن کر کھڑی ہے۔ یہ انسانوں کے لیے لمحہ فکریہ بنتا جا رہا ہے۔ جنوری 2023 میں پوری دنیا کی آبادی 8 ارب تک پہنچ گئی ہے۔ اس میں صرف چین اور ہندوستان کی آبادی 280 کروڑ سے زیادہ ہے جو کہ دنیا کی کل آبادی کا 36.17 فیصد ہے۔ بڑھتی ہوئی آبادی اس وقت ایک عالمی مسئلہ بن کر ابھری ہے۔ دنیا کی آبادی جس رفتار سے بڑھ رہی ہے، آنے والی دہائیوں میں یہ 10 ارب سے تجاوز کر جائے گی۔

ایک اعداد و شمار کے مطابق روزانہ ڈھائی لاکھ سے زائد بچے پیدا ہوتے ہیں۔ 1950 کی دہائی میں پوری دنیا کی آبادی ڈھائی ارب تھی۔ جو اب بڑھ کر 8 ارب سے تجاوز کر گیا ہے۔ ہر سال عالمی یوم آبادی کی کوئی ایک تھیم رکھی جاتی ہے، جس کی بنیاد پر عوام کو بیدار کیا جاتا ہے۔ اس سال آبادی کے عالمی دن کا تھیم ہے "ایک ایسی دنیا کا تصور کرنا جہاں ہم میں سے تمام 8 بلین کا مستقبل امید اور امکانات سے بھرا ہو۔" ایسے میں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا ہم اس مقصد کو حاصل کر سکتے ہیں؟ صرف ہندوستان کی بات کریں تو ہندوستان، آبادی کے لحاظ سے دنیا میں پہلے نمبر پر ہے۔ اس کے مضر اثرات کیا ہیں؟ یہ ایک قابل غور مسئلہ ہے۔ بڑھتی ہوئی آبادی کا سب سے زیادہ اثر پیدا ہونے والے بچوں اور ان کی خوراک پر پڑتا ہے کیونکہ اس کی وجہ سے بچوں کو مکمل غذائیت نہیں ملتی۔ جس کی وجہ سے وہ غذائی قلت اور دیگر کئی خطرناک بیماریوں کا شکار ہو جاتے ہیں۔ ملک میں بے روزگاری میں اضافے کی سب سے بڑی وجہ آبادی میں اضافہ ہے۔ آبادی میں اضافے کی وجہ سے معیشت پر منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ بے روزگاری کے علاوہ ماحول کے ساتھ چھیڑ چھاڑ، رہائش کی کمی اور معیار زندگی کا پست ہونا شامل ہے۔ ہندوستان میں خط غربت سے نیچے زندگی گزارنے والوں کی تعداد بہت زیادہ ہے۔ یہ غربت، جرائم، چوری، کرپشن اور کالا بازاری جیسے مسائل کو جنم دیتا ہے۔ آبادی میں اضافہ ماحولیاتی نقطہ نظر سے بھی نقصان دہ ہے۔ بڑھتی ہوئی ضروریات کی وجہ سے قدرتی وسائل کا اندھادھند استعمال کیا جا رہا ہے۔ جس کے نتائج تباہ کن ثابت ہو رہے ہیں۔ آبادی میں اضافے کو آبی آلودگی، فضائی آلودگی اور مٹی کی آلودگی کا بھی ذمہ دار سمجھا جاتا ہے۔ بڑھتی ہوئی آبادی معیشت کے نقطہ نظر سے بھی تشویش کا باعث بن رہی ہے۔ محدود وسائل کے درمیان بڑی آبادی نے مسائل میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ ماہرین کا خیال ہے کہ اس بڑی آبادی میں محدود وسائل کی مساوی تقسیم ممکن نہیں۔ ایسی صورت حال میں ایک صحت مند اور ترقی یافتہ معاشرے کا تصور ہی بے معنی ہو جاتا ہے کیونکہ غیر مساوی تقسیم کرپشن اور دیگر بہت سی برائیوں کا سبب بنتی ہے۔ یہ پائیدار ترقی کے اہداف کو بھی متاثر کرتا ہے۔

ماہرین نے بھارت میں بڑھتی ہوئی آبادی کی بنیادی وجوہات میں کم عمری کی شادی اور کم عمری میں حمل، گرم آب و ہوا، کم زچگی اور بچوں کی شرح اموات، کم معیار زندگی اور خواتین کی کم معاشی انحصار کے ساتھ ساتھ تعلیم اور بیداری کی کمی کی طرف اشارہ کیا ہے اور اسے بنیادی وجہ بھی تسلیم کیا ہے۔ "بچے دو ہی اچھے" جیسے نعروں اور نس بندی جیسی اسکیموں کے باوجود ہندوستان کی بڑھتی ہوئی آبادی اس بات کا ثبوت ہے کہ ان اسکیموں اور نعروں سے زمینی سطح پر کوئی خاص فرق نہیں پڑا ہے۔ بہت سے ماہرین اس بات پر متفق ہیں کہ اگر خواتین کی تعلیم پر خصوصی توجہ دی جائے تو بڑھتی ہوئی آبادی کو روکنا ممکن ہے۔ اُستاد خان سر کے الفاظ میں "حکومت آبادی کو روکنے میں جتنا پیسہ لگا رہی ہے۔ اگر اتنی ہی رقم لڑکیوں کی تعلیم و تربیت پر خرچ کرے تو یقیناً تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی کو روکا جا سکتا ہے۔ (چرخہ فیچر)

## کشمیر کی خوبصورتی کا نظارہ!



سیاحت

واجدہ مظفر

کشمیر اتر پردیش ہندوستان کے جہلم ندی کی گاڑی پر واقع ہے۔ کشمیر کی خوبصورتی پوری دنیا کے لیے مثال ہے۔ اسے دنیا کی ایک چھوٹی سی جنت کا بھی خطاب حاصل ہے۔

کشمیر دیکھنے میں بہت ہی زیادہ خوبصورت ہے اس کی خوبصورتی کسی بھی موسم میں کم نہیں ہوتی اس خوبصورت جگہ کو دیکھنے کے لیے لوگ دور دور سے یہاں اتے ہیں اور خاص طور پر لوگ یہاں گرمیوں میں اتے ہیں کیونکہ گرمیوں میں بھی یہاں کا موسم ٹھنڈا اور ہریالی سے بھرا ہوتا ہے۔ سردیوں میں یہاں ہر طرف برف دیکھنے کو ملتی ہے اور لوگ برف کے گولے سے کھیل کر لطف اٹھاتے ہیں۔ پیڑوں پر لال لال سیب لگے ہوتے ہیں یہاں جانے والا ہر شخص یہی کہتا ہے کہ اصلی جنت کشمیر ہی ہے۔

کشمیر میں گھومنے کے لیے بہت سے سیاحتی علاقے ہیں جیسے گلمرگ سونامرگ پہلگام اچھابل کوکرناک ویری ناگ وغیرہ۔ گل مرگ علاقہ کشمیر کی جان اور شان ہے۔ کوئی بھی شخص کشمیر جا کر بنا گلمرگ گھومے واپس نہیں لوٹتا۔

خداوند کریم نے وادی کشمیر بناتے وقت، بہت فیاضی اور فراغ دلی سے کام لیا ہے۔ ہم کشمیر میں رہ کر جس علاقے کی طرف دیکھتے ہیں یا جس علاقے میں جاتے ہیں تو وہاں صرف قدرت کے نظارے ہی نظارے دیکھنے کو ملتے ہیں۔ کشمیر جس کی خوبصورتی اور قدرتی نظارے جنتی بے نظیر کہلاتے ہیں کیونکہ کشمیر میں فصلوں کی لہلہاتے ہوئے کھیت سرسبز اور شاداب گاس کے میدان پانی سے بری ہوئی جھیلیں، گھنے جنگلات اور آسمان سے باتیں کرتے ہوئے بے شمار اونچے پہاڑوں کی چوٹیاں لاکھوں سیاحوں کو بے شمار روپے خرچ کرنے پر مجبور کرتے ہیں۔۔ وادی کشمیر کی مشہور و معروف جھیلیں، مثلاً جھیل ڈل، جھیل مانسبل، جھیل آنچار وغیرہ وغیرہ جو اپنے نظاروں اور خوبصورتی کے اعتبار سے پرزم اشیا میں بہت مشہور ہیں، یہ سبھی قدرت کے شاندار مناظر ہے۔ چشمہ شاہی، ویری ناگ، اچھہ بل یہ پہلگام، یہ سبھی چشمے قدرت کے ہاتھوں کی تخلیق ہیں اور یہ بھی قدرت کا نظارہ پیش کرتے ہیں ان چشموں کا میٹھا پانی صاف شفاف ہے۔ کشمیر کا ہر حصہ قدرت کا منظر پیش کرتا ہے۔

اگر فردوس بروئے زمیں است
ہمیں است و ہمیں است و ہمیں است

fatimakubrawi@gmail.com

## آج کا تصوف کیا ہے؟

غور طلب

سائرہ الفت

تصوف یا سوفزم ایک ایسا علم تھا، جس میں اللہ تعالیٰ کی ذات اور صفات پر بحث ہوتی تھی۔ یہ ایسے طریقے ڈھونڈتے تھے جس میں ان کا مقصد ایک ہی تھا کہ ہم اپنی ذات کو کیسے صاف و پاک رکھیں، اب سوال یہ ہے کہ تصوف آیا کہاں سے!

کچھ لوگوں کی رائے ہے کہ تصوف صحابہ کریم سے آیا ہے۔ (اصحاب صفہ) یہ وہ صحابی تھے، جن کے پاس نہ کوئی زمین و جائیداد تھی، نہ ان کا کوئی گھر، نہ خاندان تھا اور نہ ہی انہوں نے شادی کی تھی، بلکہ اللہ کی عبادت میں محو ہو کر انہوں نے اپنی زندگی صرف کر دی تھی۔ کچھ لوگ اس بات سے بھی اتفاق رکھتے ہیں کہ تصوف اسلام کے اندر ایک تحریک ہے، جس کی ابتداء خود رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ہوئی۔ قران میں آیت ہے جو تصوف کی بنیاد فراہم کرتی ہے (وہ لوگ اللہ کے حضور اپنی رات قیام اور سجود میں گزارتے ہیں) ایک طرح سے ہم یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ تصوف کی ابتداء قران کی تعلیمات اور رسولؐ کے طریقوں سے ہوئی ہے۔ اسلام کے ابتدائی ایام میں کچھ مسلمان ایسے تھے، جنہوں نے نماز پر زیادہ توجہ دی اور غور و فکر کیا، تصوف کا آغاز انہی لوگوں سے ہوا اور خلفائے راشدین میں بھی بہت سے مسلمان ایسے تھے، جو تنہائی (isolation) کی زندگی میں سکون کی تلاش کے لیے دنیا سے کنارہ کش ہو گئے تھے، اسی طرح تصوف غیر اسلامی طریقوں کے خلاف خاموش احتجاج (asilient movement) کی علامت بن کر اُبھرا۔ ان لوگوں کو سنیاسی بھی کہا جاتا تھا، ان میں حسن البصری بھی شامل تھے، یہ لوگ تزکیہ حاصل کرنا چاہتے تھے۔ یہ حقیقی تصوف تھا جو کہ اسلام سے باہر نہیں تھا۔ چنانچہ یہ بات ہر ایک مسلمان کو معلوم ہے کہ بُت پرستی کیسے پھیلی، جب حاجی دُور دُور سے حج کرنے کی غرض سے آتے تھے، اور جب وہ خانہ کعبہ کے پاس پہنچ جاتے تھے تو وہاں سے نشانی کے طور پہ کچھ پتھر اپنے ساتھ لے جاتے تھے، پھر دیکھتے ہی دیکھتے وہ ان پتھروں کو تراشنے لگے اور بت بنتے گئے، پھر ان بُتوں سے مانگنے لگے ان کو اپنا معبود سمجھنے لگے۔

بھلا جن کو اپنے ہی ہاتھوں سے بنایا جائے، وہ خالق کیسے ہو سکتا ہے۔ مگر جب انسان کوئی غلط کام (repeatedly) کرتا ہے، پہلے پہل تو وہ تھوڑا ڈر ہی جاتا ہے، پھر جب وہ بار بار وہ کام کرتا رہتا ہے تو ایسا کرنے سے اس کا ضمیر بھی مر جاتا ہے اور addict بن کر اُس میں کسی قسم کی حساسیت بھی نہیں رہتی اور وہ خود کو ہمیشہ صحیح سمجھتا ہے۔

اسی طرح کشمیر میں مسلمانوں کی تعداد ماشاءاللہ بہت ہے اور ان میں کافی تعداد صوفیوں کی بھی ہے۔ لیکن اُن کو اپنے بارے میں کوئی علمیت ہی نہیں۔ وہ تو بس یہی سمجھتے ہیں کہ ہم ہی سب سے بڑے دین دار ہیں۔ یہ رَباب، کباب اور شباب کو تصوف سمجھتے ہیں۔ جس سے مجوزہ Sex industry کو فروغ مل رہا ہے اور لوگوں کو (perverted form) میں پیش کیا جا رہا ہے۔ ظاہر ہے کہ اپنے یہاں (western educatioal syestem) نے ہماری نو جوان پیڑی کا complete brain wsah کر دیا ہے۔ اُنہوں نے اُس تصوف کو جنم دیا ہے، جس کا اسلام سے دور کا بھی واسطہ نہیں ہے۔ یہ اپنے نفس کے پجاری ہیں (in absence of of any comparitvity) اور اس کو دین سمجھتے ہیں۔ زیارت گاہوں پہ مرد و زن کا جانا، وہاں ناچ نغمہ کرنا کون سا تصوف ہے۔ یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ انہوں نے زنا کاری کے لئے قبرستانوں اور قبر پرستی کو اسکا ذریعہ بنوایا ہے۔ جولڑ کا یا لڑکی کہیں نہیں مل پاتے، وہ زیارت گاہوں پہ ہی ملتے رہتے ہیں۔ بوڑھے بزرگ لوگ چھوٹی چھوٹی معصوم لڑکیوں کو اسلام اور دیگر لالچ کے نام پہ ورغلاتے ہیں اور آخر کار ان کے ساتھ غلط روابط بناتے ہیں۔

میری ان بہنوں سے گزارش ہے جو اس دلدل میں پھنس چکی ہیں کہ یہ لوگ آپ کو میٹھی میٹھی باتوں اور مختلف قسم کی لالچوں میں لا کر پھنسائیں گے اور اُس وقت کے انتظار میں ہوتے ہیں کہ کب آپ راستہ سے بھٹکیں اور یہ آپ کی عزت کا ناجائز فائدہ اٹھائیں۔ یاد رکھیں، یہ آپ کی عزت نہیں کرتے بلکہ آپ کو اپنے نفس کے لئے آرام و آلائش کا سامان سمجھتے ہیں۔ یہ تو ظاہری طور پر بالکل میٹھے زبان اور خوش لحن دکھائی دیں گے لیکن اُن کا بنیادی مقصد یہی ہوتا ہے کہ آپ کو (saleable commodity) سمجھ کر کس طرح نچایا جائے۔ ان کی نظر میں کوئی بہن، بیٹی اور ماں نہیں ہوتی، یہ شیطان کے ہی پرستار ہوتے ہیں اور ان کے الگ الگ اطوار بھی ہوتے ہیں۔ یہ لوگ مومن نہیں بلکہ شیطانی کردار ہوتے ہیں۔ یہ اپنے نفس کے پجاری اور سیدھے راستے سے بھٹک چکے ہوتے ہیں۔ یہ بالکل بھروسے کے لائق نہیں ہیں۔ یہ ہمیشہ اپنا جال بچھائے رکھتے ہیں، اور کسی کو بھی اپنے جال میں پھنسانے میں ماہر ہوتے ہیں۔ اس لئے آپ ہمیشہ خود اپنے محافظ بنیں اور ان لوگوں سے دور رہیں۔ ایسے لوگ منبروں پر مٹکا بجانے کو بھی تصوف کہتے ہیں، مسجدوں میں کسی طرح کی نعرہ بازی کرنا اسلام کے خلاف عمل ہے اور ہمارے دین میں ایسا ہوا بھی نہیں ہے۔ اور اگر کسی نے حق کی تلاش کے لیے ایسا قدم اٹھایا بھی ہے، اُس کو کبھی راحت نصیب نہیں ہوئی ہے۔ حقیقی تزکیہ تو یہ ہے کہ آپ اپنے نفس کا تزکیہ کریں جو کہ میں پہلے ہی بیان کر چکی ہوں۔

اپنے من میں پاجا سراغ زندگی
تو اگر میرا نہ بنتا نہ بن اپنا تو بن

الغرض آج کا تصوف ایک طرح سے کافروں کا ہی کام بن چکا ہے۔ یہ ایسے عمل ہیں، جن سے ہم شیاطین کو خوش کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ سے دور ہو جاتے ہیں۔ خود ہوش کے ناخن لیں، کسی کے بہکاوے میں نہ آئیں۔ آج کل دین کے نام پر جو کچھ کہا جاتا ہے، اُس میں زیادہ تر ہماری شریعت کے مطابق نہیں ہوتا ہے۔ اگر آپ خود اپنی فطرت اور عقل سلیم سے کام لیں گے تو ضرور آپ اپنے پروردگار تک پہنچیں گے اور اگر آپ کو حق کی تلاش ہوگی تو آپ ضرور منزلِ مقصود حاصل ہوگا۔

>sairaulfat143@gmail.com

طابع و ناشر: رشید مخدومی برائے جی کے کمیونی کیشنز پرائیوٹ لمیٹڈ (GK Communications Pvt. Ltd)؛ ایڈیٹر: فیاض احمد کلو؛ ایگزیکٹیو ایڈیٹر: ریاض احمد ملک، آر این آئی نمبر:JKURD/2003/14422؛ مقام اشاعت: 6، پرتاپ پارک، ریذیڈنسی روڈ سری نگر؛ پوسٹ باکس نمبر:447؛
پوسٹل رجسٹریشن نمبر:JK NP-41/SKCKO-2012-14؛ فون نمبرات: ایڈیٹوریل:-2455435، فیکس:0194-2477782؛ ایڈورٹائزنگ:2474339، سرکولیشن: 2474755؛ ای میل:advertise@kashmiruzma.net؛ جموں آفس: اوقاف مارکیٹ، A-3، گاندھی نگر جموں، فون: 0191-2430732؛ مقام طباعت: گریٹر کشمیر پرنٹنگ پریس 14 بی، انڈسٹریل اسٹیٹ صنعت نگر سرینگر (کشمیر)

# بسلسلہ صفحہ اول

## تعلیم کادیرینہ

کے لئے مناسب حکمت عملی تیار کرنے میں مدد ملے گی۔انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کے لئے متحرک ماحول پیدا کرنے کی خاطر کثیر الضابطہ منصوبوں کو فروغ دینے کی ضرورت ہے جو انہیں عالمی، اقتصادی، سماجی، ثقافتی اور تکنیکی مسائل میں شامل کریں اور دنیا بھر میں ہونے والی تبدیلیوں کے مطابق ان کی رہنمائی کریں۔لیفٹیننٹ گورنر نے پائیر ایجوکیشن کونسل کو مشورہ دیا کہ وہ مختلف طریقے تلاش کرے جو جموں وکشمیر یوٹی کے اعلیٰ تعلیمی ماحولیاتی نظام کے لئے فائدہ مند ثابت ہو سکتے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ سابق طلباء کے نیٹ ورک کو مضبوط بنایا جائے۔انہوں نے کہا کہ طلباء اور اساتذہ کے تبادلے کے پروگراموں میں سہولیت فراہم کرنا اور یونیورسٹیوں اور دیگر اعلیٰ تعلیمی اداروں کی درجہ بندی کو بہتر بنانا ہے۔لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ ہمیں امتحان میں اصلاحات کے لئے دہلی یونیورسٹی جیسی دیگر یونیورسٹیوں کے کامیاب ماڈلوں کا مطالعہ کرنا چاہیے۔وائس چانسلر جموں یونیورسٹی پروفیسر امیش رائے نے ''ڈیزائن یور ڈگری'' انڈر گریجویٹ پروگرام کا تفصیلی جائزہ پیش کیا۔پرنسپل سیکرٹری اعلیٰ تعلیم الوک کمار نے جموں وکشمیر یوٹی میں تعلیمی شعبے میں اصلاحات کے لئے کئے گئے اہم اقدامات پر روشنی ڈالی۔

## گلمرگ صحت

باوجود" گلمرگ کے حوالے سے وژن دستاویز بنانے کی ہدایت دی تھی۔مفاد عامہ کی عرضی کی سماعت کرتے ہوئے چیف جسٹس پنکج متھل اور جسٹس جاوید اقبال وانی کی ڈویژن بینچ نے کہا تھا کہ وژن دستاویز کی تشکیل ماحولیات،جنگلات کی زمین،گلمرگ میں آنے والے سیاحوں کی اوسط تعداد،بستروں کے ساتھ موجودہ ہوٹلوں کی صلاحیت،صفائی ستھرائی،بائیو ڈائجسٹر کی تنصیب وغیرہ جیسے تحفظات پر مبنی ہونی چاہیے۔عدالت نے حکومت سے پوچھا تھا کہ کیا ہوٹلوں اور دیگر ڈھانچوں کی تعمیر کے لیے کوئی علاقہ واضح طور پر مختص کیا گیا ہے یا اس کی حد بندی کی گئی ہے۔حکومت سے یہ بھی کہا گیا کہ ترقی اور ماحولیات کے درمیان مناسب توازن کو کیسے یقینی بنایا جائے گا۔عدالت نے کہا کہ حکومت یہ بھی بتائے گی کہ ٹھوس کچرے کے ڈمپنگ کی جگہ کی حیثیت اور پوزیشن کیا ہے اور اس کا انتظام کیسے کیا جارہا ہے۔عدالت نے حکومت سے یہ بھی کہا کہ وہ بتائے کہ فاریسٹ لینڈ اور گلمرگ وائلڈ لائف سینکچری کی پوزیشن اور حیثیت کیا ہے۔لیکن ہائی کورٹ میں متعلقہ افسران نے اعداد وشمار کا گورکھ دھندہ کیا اور پتلی گلی سے نکل گئے۔گلمرگ کے ماحولیاتی توازن کو برقرار رکھنے کی خاطر سنٹر فار اینوائرنمنٹ لاء نامی غیر سرکاری تنظیم نے چیف ایگزیکیٹو افسر گلمرگ ڈیولپمنٹ اتھارٹی کو ماحولیاتی تحفظ قانون مجریہ 1986 اور انڈین فارسٹ اور وائلڈ لائف پروٹیکشن ایکٹ 1972 کے تحت ایک قانونی نوٹس جاری کیا ہے۔اس میں بتایا گیا ہے کہ 29 مئی کو انہیں یہ شکایت ملی کہ گلمرگ میں جموں وکشمیر ولداخ ہائی کورٹ میں دائر کی گئی مفاد عامہ عرضی 5 مجریہ 2018 کی خلاف ورزی ہورہی ہے اور صحت افزا مقام پر مارکیٹوں ، دکانوں اور ہوٹلوں سے نکلنے والا کوڑا کرکٹ،پالی تھین اور ٹھوس فضلہ اٹھا کر نزدیکی جنگلاتی علاقے فاریسٹ کمپارٹمنٹ نمبر 47/B میں پھینک دیا جاتا ہے،حالانکہ ہائی کورٹ کی جانب سے نیشنل گرین ٹریبونل ایکٹ کے تحت دی گئی ہدایات کے تناظر میں یہ حکم دیا کہ گلمرگ میں کسی بھی طرح کا پالی تھین یا پلاسٹک لیجانے پر پابندی ہے اور یہاں نکلنے والا کوئی بھی ٹھوس فضلہ یا کچرا کھلے میں نہیں پھینکا جاسکتا اور اس کو ٹھکانے لگانے کیلئے جدید سائنسی طریقہ اپنانے کی ضرورت ہے۔نوٹس میں یہ بھی کہا گیا کہ حالیہ دنوں ہونے والی جی 20 تیاریوں کے سلسلے میں گلمرگ کے ماحولیاتی تحفظ کی طرف دھیان تو دیا گیا،لیکن اس دوران گلمرگ سے نکلنے والے ٹھوس فضلہ اور دیگر پالی تھین اور کچرے کو جنگلات میں کھلے عام پھینک دیا گیا، جو کہ جموں وکشمیر ہائی کورٹ کے فیصلے کی سراسر خلاف ورزی ہے۔نوٹس میں یہ بھی کہا گیا کہ ہائی کورٹ احکامات کی خلاف ورزی کے پیش نظر سی ای او گلمرگ ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے خلاف فوجداری مقدمے کے تحت کارروائی عمل میں لائی جانی چاہیئے کیونکہ وہ ہائی کوٹ کے احکامات کی خلاف ورزی کے مرتکب ہوئے ہیں اور ان سے جواب طلبی کی جائے۔گلمرگ مفاد عامہ عرضی میں ہائی کورٹ کو خصوصی معاونت فراہم کرنے والے ماحولیات کے سرکردہ ایڈوکیٹ ندیم قادری نے کشمیر عظمیٰ کو بتایا کہ 29 مئی کو انہوں نے اتھارٹی کو ایک نوٹس بھیجا ہے،جس کی معیاد 29 جولائی تک ہے۔انہوں نے کہا کہ اتھارٹی سے کہا گیا ہے کہ وہ اپنی رپورٹ پیش کریں جبکہ اس سے قبل بھی ایک وکیل نے ہائی کورٹ میں ایک عرضی دائر کی ہے،جس کی سماعت 14 جولائی کے بعد ہونے والی ہے۔قادری نے کہا کہ گلمرک میں پالی تھین اور پلاسٹک کا جمع رہنا ماحولیات کیلئے نقصان دہ ہے۔واضح رہے کہ گلمرگ سے روزانہ کی بنیاد پر سینکڑوں ٹن ٹھوس فضلہ ٹھکانے لگانے کیلئے گلمرگ ڈیولپمنٹ اتھارٹی کی جانب سے نزدیک ذبح خانہ کی جگہ کا انتخاب کیا گیا ہے۔یہ جگہ مشکل سے ڈیڑھ کلومیٹر دور ہے۔یہ کوئی الگ مقام نہیں بلکہ جنگلاتی علاقہ سے ہوتے ہوئے گلمرگ بابا ریشی روڑ ہے،جس کی وجہ سے یہ اندرونی لنک روڑ بھی بند ہوگیا ہے۔(گلمرگ سے مشتاق الاحسن کے ساتھ)

## بڈگام میں

گرفتار کیا گیا۔ان کی شناخت روف احمد وانی ساکن بھننگن کھاگ،ہلال احمد ملک ساکن بتھی پورہ کھاگ، توفیق احمد ڈار ساکن نوروز بابا کھاگ، دانش احمد ڈار ساکن درمحلہ نوروز بابا کھاگ اور شوکت علی ڈار ساکن بتھی پورہ کھاگ کے طور پر کی ہے۔ترجمان نے مزید کہا کہ ان کا تعلق کالعدم تنظیم ایل ای ٹی سے ہے۔ان کے قبضے سے اشتعال انگیز مواد برآمد ہوا ہے۔انہوں نے کہا کہ تمام برآمد شدہ مواد کو مزید تفتیش کے لیے کیس ریکارڈ میں لے لیا گیا ہے۔مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔

## مسلم ورلڈ لیگ

اور وجہ کچھ بھی ہو، کیونکہ ہماری متنوع دنیا میں امن اور خوشحالی صرف باخبر اور جامع شہریت سے ہی حاصل کی جاسکتی ہے۔"مسلم ورلڈ لیگ کے سربراہ نے انڈیا اسلامک کلچرل سینٹر میں اپنے لیکچر میں پی ایم مودی کے ساتھ اپنی" اہم ملاقات" کی تفصیلات کے بارے میں بھی بات کی۔"اس کے علاوہ، میں نے انڈیا اسلامک کلچرل سینٹر میں اپنے لیکچر میں اس اہم میٹنگ کی تفصیلات کی وضاحت کی، جو وزیر اعظم کے ساتھ ملاقات کے بعد دیا گیا تھا۔ اس میں ہندوستان کی مختلف ریاستوں سے آنے والے مفکرین اور سیاست دانوں کے ساتھ مسلم اور غیر مسلم دونوں سینئر اسکالرز نے شرکت کی۔ جنہوں نے لیکچر کی قدر کی اور اس کی تعریف کی۔العیسی جو کہ مسلم ورلڈ لیگ کے موجودہ سیکرٹری جنرل ہیں،سعودی عرب میں قائم ایک تنظیم اور دنیا بھر کے مسلمانوں کی نمائندگی کر رہی ہے،ہندوستان کے پانچ روزہ دورے پر ہیں جو 10 جولائی کو شروع ہوا تھا۔منگل کو خسرو فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام قومی دارالحکومت میں انڈیا اسلامک کلچرل سنٹر میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے،سعودی عرب کے سابق وزیر انصاف نے کہا کہ ہندوستان اپنے تنوع کے ساتھ، "بقائے بقا کا ایک عظیم نمونہ" ہے اور یہ ملک دنیا کو امن کا پیغام دے سکتے ہیں۔"ہم نے کچھ لمحے پہلے ہندوستانی معاشرے کے مختلف اجزا کے بارے میں بات کی ہے اور ہم گزشتہ دنوں ان کے ساتھ مشغول رہے ہیں۔ اور میں جانتا ہوں کہ ہندوستانی معاشرے کا مسلم جزو، جیسا کہ میں نے کہا،وہ اپنے آئین پر فخر کرتے ہیں۔"اور انہیں اپنی قوم پر فخر ہے اور انہیں اس بھائی چارے پر فخر ہے جو وہ ہندوستانی معاشرے کے باقی حصوں کے ساتھ بانٹتے ہیں "

## آیوشمان بھارت

مریضوں پر خرچ آنے والے 1123 کروڑ روپے اسپتالوں کو دئے گئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ صحت اسکیم کے ذریعے 18 ہزار 177 مریضوں نے بیرون ریاستوں میں علاج و معالجہ کرایا اور ان مریضوں پر 55 کروڑ روپے کا خرچہ آیا ہے۔انہوں نے کہا کہ سرکاری اسپتالوں میں اوسطاً 16064 اور نجی اسپتالوں میں 17,726 اوسط خرچ آرہا ہے۔انہوں نے کہا کہ جموں وکشمیر میں روزانہ آیوشمان بھارت کے تحت مریضوں پر 2 کروڑ روپے علاج ومعالجہ پر صرف ہورہا ہے۔انہوں نے کہا کہ مریضوں کو کیو آر کوڈ ہر اسپتال میں دستیاب رکھا گیا ہے جہاں مریض اپنی شکایات درج کراسکتا ہے۔

## پونچھ میں گولی

کردی ہے۔ہلاک ہونے والا سپاہی دیپک کمار پونچھ سیکٹر میں لائن آف کنٹرول پر تعینات تھا۔حکام نے بتایا کہ سپاہی کو بدھ کی شام گولی لگنے سے چوٹ آئی اور وہ ایل اوسی پر دم توڑ گیا جس کے بعد اس کی لاش کو متعلقہ ٹیموں نے اپنے قبضے میں لے لیا ہے۔ادھر سرینگر ائر پورٹ روڑ پر شاہ انور کالونی حیدر پورہ میں سیکورٹی فورسز علاقے کو گھیرے میں لیا اور خانہ تلاشیوں کا آغاز کیا۔یہاں رات دیر گئے تک تلاشی کارروائی جاری تھی تاہم کسی کی گرفتاری عمل میں نہیں لائی گئی۔

## سمارٹ میٹرز

اقدامات، خاص طور پر سمارٹ میٹرز کی تنصیب نے تکنیکی نقصانات کو ختم کرنے میں مدد کی ہے"۔انہوں نے مزید کہا کہ سسٹم سے نہ صرف KPDCL بلکہ لوگوں کو بھی فائدہ ہوا ہے، جو اب اپنے حقیقی استعمال کی بنیاد پر ادائیگی کر سکتے ہیں۔اس سے قبل،صارفین کو بجلی کی اصل کھپت سے قطع نظر حکومت کی طرف سے مقرر کردہ ایک مقررہ شرح ادا کرنا پڑتی تھی۔چودھری کے مطابق،اب صارفین صرف اس کی ادائیگی کریں گے جو انہوں نے استعمال کیا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ بلنگ اور دیگر متعلقہ مسائل سے ہونے والے نقصانات کو کم کرنے کا ہدف تقریباً حاصل کر لیا گیا ہے۔سمارٹ میٹرنگ اور کیبلنگ پروجیکٹوں پر خرچ کے بارے میں، چودھری نے وضاحت کی کہ حکومت ہند اس پروجیکٹ کو مختلف اسکیموں جیسے پی ایم ڈی پی اور آرڈی ایس ایس کے ذریعے نافذ کررہی ہے۔انہوں نے کہا،"اسکیمیں فی الحال جاری ہیں،اور بارہمولہ،سری نگر کے دو حصوں اور کپواڑہ میں جاری کام کے لیے آر ڈی ایس ایس اسکیم کے تحت مختلف ٹھیکیداروں کو 800 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں"۔انہوں نے یہ بھی بتایا کہ جلد ہی مزید پراجیکٹس تفویض کیے جانے کی امید ہے۔

## عوامی شکایات

شکایات کے ازالے کی نگرانی، شکایات کے ازالے کے معیار کی نگرانی اور سوشل میڈیا پر موصول ہونے والی شکایات کے ازالے کی نگرانی سے بھی نمٹا جائے گا۔" مزید حکم دیا گیا ہے کہ لیفٹیننٹ گورنر شکایات سیل کو عوامی شکایات کے محکمے میں شامل کیا جائے گا، جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے لیفٹیننٹ گورنر کے شکایت سیل میں فراہم کردہ عملہ مستقل عملے کی تعیناتی اور عملے کی ضرورت تک محکمہ عوامی شکایات میں کام کرے گا، اگر عوامی شکایات کے محکمے کی تشکیل کی وجہ سے کوئی کمی ہوگی ہے تو،اندرونی ایڈ جسٹمنٹ کے ذریعے پورا کیا جائے گا اور اس سلسلے میں نئی پوسٹوں کی تخلیق نہیں کی جائے گی، "۔

# بسلسلہ صفحہ 2

## متعدد دیہات

لوگوں کے مفاد کے لئے واٹر ریزرور بنانا انتظامیہ کے لئے ناممکن سابن گیا ہے۔علاقے کے لوگوں نے ضلع انتظامیہ بارہمولہ سے اس معاملے میں مداخلت کی اپیل کی ہے۔ادھر سنگھ پورہ کے لوگوں نے محکمہ جل شکتی پر الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ یہاں ہزاروں نفوس کی آبادی کو ناصاف پانی پینے پر مجبور کیا جارہا ہے جس وجہ سے لوگوں میں بیماریاں پھوٹ پڑنے کا خطرہ لاحق ہے۔مکینوں کا کہنا تھا کہ ہم نے متعدد بار متعلقہ عہدیداروں سے کہا کہ وہ اس معاملے کو ذاتی طور پر دیکھیں تاکہ لوگوں کو درپیش مشکلات کم ہو لیکن اس کی طرف کوئی توجہ نہیں دی گئی۔انہوں نے کہا کہ اگر چہ کبھی کبھار علاقے میں ٹینکروں کے ذریعے پانی سپلائی کیا جارہا ہے تاہم وہ ناکافی ہے۔مقامی لوگوں نے ضلع انتظامیہ بارہمولہ اور محکمہ جل شکتی کے اعلی حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ مذکورہ علاقوں میں فوری طور پر پینے کے صاف پانی کے حوالے سے اقدامات کریں تاکہ انہیں درپیش مشکلات سے نجات مل سکے۔اس سلسلے میں محکمہ جل شکتی کے اگزیکیٹو انجینئر بارہمولہ اعجاز احمد نے کشمیر عظمیٰ کو بتایا کہ دراصل ان علاقوں میں واٹر سپلائی اسکیمیں موجود نہیں ہیں،فی الحال ہم ان دیہات میں ٹینکروں کے ذریعے پانی پہنچا رہے ہیں تاہم اس معاملے میں محکمہ کام کر رہا ہے اور بہت جلد معاملہ حل کیا جائے گا۔

## ایس پی کالج

کیا اور متعلقین کو مبارکباد دی۔انہوں نے کہا کہ یہ کالج کے لئے ایک فخر کا لمحہ ہے اور یہ کالج کے تدریسی عملہ،ملازمین اور طلاب اور سکالروں کی کاوشوں کا نتیجہ ہے۔پرنسپل نے پرنسپل سیکرٹری تعلیم آلوک کمار کا بھی شکریہ ادا کیا۔

## یوم آزادی

سائٹ کا دورہ کریں۔میٹنگ کو جانکاری دی گئی کہ محکمہ اطلاعات پبلک ایڈریسنگ سسٹم کی تنصیب اور اہم مقامات پر ویب کاسٹنگ کے اِنتظامات کرے گا۔اس کے علاوہ انہوں نے سی اِی کے پی ڈی سی ایل سے کہا کہ وہ سٹیڈیم میں بجلی کی فراہمی کو یقینی بنائیں اور جشن تقریب کے موقعہ پر سرکاری عمارتوں پر روشنی کے اِنتظامات کریں۔انہوں نے متعلقہ افراد پر زور دیا کہ وہ طلباء اور فن کاروں کے لئے قیام و طعام کے علاوہ جشن آزادی میں ان کی شرکت کے لئے اِنتظامات کریں۔مزید برآں، ایس ایس پی ٹریفک اور آر ٹی او کشمیر سے کہا گیا کہ وہ مناسب نقشے کے ساتھ گاڑیوں اور پارکنگ کے مقامات کی منظم ٹرانسپورٹیشن کے لئے ایک منصوبہ تیار کریں۔نیز صوبائی کمشنر نے پولیس افسروں سے کہا کہ وہ شرکاء اور مدعو افراد کو ان کی ٹرانسپورٹیشن میں سہولیت فراہم کرنے کے لئے سیکورٹی پاس جاری کریں۔سرکاری پریس سے متعلق آفیسر کو دعوتی کارڈ تیار کرنے، ڈیزائن کرنے اور پرنٹ کرنے کو کہا گیا۔اس کے علاوہ صوبائی کمشنر نے ضلع ترقیاتی کمشنروں سے کہا کہ وہ اپنے متعلقہ اضلاع میں جشن آزادی کے حوالے سے جائزہ میٹنگ منعقد کریں۔

## سفیر بنیں

نمائش 10 سے 14 جولائی تک جاری ہے، تاکہ مختلف عوامی فلاحی اسکیموں کے بارے میں عوامی بیداری کے ساتھ ساتھ ملک کی جامع ترقی کے لیے مختلف شعبوں میں حکومت کی طرف سے کی گئی پیش رفت کو ظاہر کیا جاسکے۔اس موقعہ پر ڈپٹی کمشنر سرینگر اعجاز اسد نے افسران، طلباء، اساتذہ اور ترقی پسند کسانوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت کی فلاحی اسکیمیں ہر گھر پر اثر انداز ہوتی ہیں۔انہوں نے آیوشمان بھارت ، صحت اور پی ایم کسان کا خصوصی حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اس طرح کی اسکیمیں شہریوں کی زندگی کو آسان بنارہی ہیں۔تاہم انہوں نے کہا کہ ان اسکیموں کے بارے میں عوامی بیداری کا فقدان ہے۔ انہوں نے نوجوانوں بالخصوص طلباء پر زور دیا کہ وہ ان فلاحی اسکیموں کے برانڈ سفیر بنیں اور اپنے خاندانوں اور برادریوں کو فوائد حاصل کرنے میں مدد کریں۔ ڈی سی سرینگر نے کہا کہ حکومت کی نو سالہ کامیابیوں پر ملٹی میڈیا نمائش اس ترقی کی عکاس ہے جو ہمارے ارد گرد نظر آتی ہے۔دبئی میں مقیم عمار گروپ کی سرمایہ کاری کا خصوصی ذکر کرتے ہوئے اعجاز اسد نے کہا کہ اس طرح کے منصوبوں سے تعلیم یافتہ نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔انہوں نے شرکاء پر زور دیا کہ وہ کثیر البلاغ نمائش کے بارے میں عوام کو آگاہ کریں تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ اس سے فائدہ اٹھاسکیں۔ڈپٹی کمشنر نے عوامی آگاہی اور خدمات کی موقع پر فراہمی کے لیے لگائے گئے محکمانہ سٹالز کا بھی دورہ کیا۔

## رنگ روڑ

رُکاوٹوں کو صاف کیا جائے تاکہ پروجیکٹ کو بروقت مکمل کیا جاسکے۔انہوں نے رنگ روڈ پروجیکٹ کی تعمیر کی ضلعی اِنتظامیہ کی جانب سے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا اور متعلقہ اَفسران کو بلا تاخیر رُکاوٹوں کو دُور کرنے کی ہدایت دی۔

## منشیات مخالف

لی۔تلاشی کے دوران مذکورہ کے گھر سے 160 گرام چرس برآمد کیا گیا۔ پولیس نے اس سلسلے میں ایف آئی آر درج کر کے تحقیقات شروع کردی ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق دوران تفتیش پتہ چلا کہ اس میں دیگر دو افراد جن کی شناخت جگمت گیالیو ولد نوانگ رگزن ساکن شارہ لیہہ، جگمت اوڈزر ولد دوجے نمگیال ساکن لیہہ کے طور ہوئی ، بھی ملوث تھے،کو بھی گرفتار کیا گیا ہے۔

## حصول علم

اور کہا کہ مثبت رہنے سے ہی انسانی بلندیوں کو چھوا جاسکتا ہے۔انہوں نے قوم کی تعمیر میں تعلیمی اداروں کے رول کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ علم حاصل کرنا اور دینا،دونوں ربانی فرائض ہیں۔

## قمار باز

کی رقم جو داؤ پر لگائی گئی تھی،بھی ضبط کی۔پولیس نے کیس درج کر کے انہیں حوالات میں بند کیا ہے۔

## بجلی بحران

لوگوں نے ضلع انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ معاملہ میں مداخلت کریں اور ضلع میں بجلی کی سپلائی کو بہتر بنانے کے لئے اقدامات اٹھائیں۔صارفین نے مطالبہ کیا ہے محکمہ بجلی نے گرمیوں کے لئے جو بجلی شیڈول مشتہر کردیا ہے انہیں اسی کے مطابق بجلی سپلائی فراہم کی جائے تاکہ انہیں دقتوں کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

# بسلسلہ صفحہ 3

## امرناتھ یاترا

صبح 3 بجکر 15 منٹ اور بعد ازاں تقریباً 4 بجے 339 گاڑیوں میں بھگوتی نگر بیس کیمپ سے وادی کے لئے روانہ ہوئے۔انہوں نے بتایا کہ 4677 یاتری 207 گاڑیوں میں پہلگام کی طرف روانہ ہوئے اور 3128 یاتریوں کا دوسرا جتھہ 132 گاڑیوں میں بالہ تل بیس کیمپ کے لئے روانہ ہوا۔یاتریوں نے ہنگامی بنیادوں پر سرینگر جموں قومی شاہراہ پر ٹریفک بحال کئے جانے کا خیر مقدم کیا۔

## روحانیت

شہریوں نے کہا ہم یہ بیان نہیں کرسکتے کہ ہم کیسا محسوس کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ سوامی وویکانند امرناتھ آئے۔ اس کے پاس ایک بہت اہم تجربہ تھا۔امریکی شہریوں کا کہنا تھا کہ ان پہاڑوں میں ایک خاص قسم کا امن ہے۔

## بھٹناگر

عملے اور یاترا کے اِنتظامیں شامل رضا کاروں سے بھی گفتگو کی۔انہوں نے یاترا کے احسن اِنعقاد کو یقینی بنانے میں ان کی لگن اور محنت کی ستائش کی۔انہوں نے شردھالوؤں کو محفوظ اور آرام دہ تجربہ فراہم کرنے کے لئے کیمپ میں صفائی اور صفائی کی اعلیٰ سطح کو برقرار رکھنے کی اہمیت پر زور دیا۔اِس موقعہ پر مشیر راجیو رائے بھٹناگر نے افسروں کے ساتھ بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ شری امرناتھ جی یاترا بہت زیادہ مذہبی اہمیت رکھتی ہے او ریہ ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم یاتریوں کو محفوظ او رآرام دہ ماحول فراہم کریں۔انہوں نے تمام شراکت داروں پر زور دیا کہ وہ یاترا کے احسن اِنعقاد کو یقینی بنانے کے لئے قریبی تال میل سے کام کریں اور شردھالوؤں کو ہر ممکن تعاون فراہم کریں۔

## دورہ

بی ایس ایف کشمیر فرنٹیئر کے انسپکٹر جنرل اشوک یادو نے ان کا استقبال کیا۔انہوں نے بی ایس ایف افسران سے بات چیت کی اور اس کے بعد آئی جی بی ایس ایف کے ساتھ سڑک کے ذریعے پہلگام چلے گئے اور امرناتھ یاترا کیلئے تعینات بی ایس ایف بٹالین کی ذمہ داری کے علاقے کا دورہ کیا۔ترجمان کے مطابق ڈی جی بی ایس ایف نے بی ایس ایف اور سی آر پی ایف کمانڈروں کے ساتھ بات چیت کی اور امرناتھ یاترا 2023 کیلئے مجموعی تعیناتی تسلط کے منصوبے کا جائزہ لینے کے لیے راستے پر تعینات تمام مرکزی مسلح پولیس فورسز اور جموں وکشمیر پولیس کے دستوں سے بات چیت کی۔ترجمان کے مطابق اگلے دن ڈی جی بی ایس ایف نے چندن واڑی محوری راستے پر سفر کیا اور پنجترنی پہنچے۔ انہوں نے یاتریوں، لنگر والوں اور چندنواری محور پر تعینات مختلف سی اے پی ایف کے دستوں سے بات چیت کی اور پھر رات پنجترنی میں ہی قیام کیا۔بدھ کو ڈی جی بی ایس ایف اگروال پنجترنی سے سنگم ٹاپ کے راستے امرناتھ گپھا کے لیے روانہ ہوئے۔ڈی جی بی ایس ایف نے مختلف سیکورٹی فورسز کے جوانوں سے بات چیت کی اور روٹ پر سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔اس کے بعد انہوں نے اپنی پوجا کی اور شیولنگم کے درشن کیے۔ترجمان کے مطابق بی ایس ایف کے دستوں کے ساتھ بات چیت کے دوران،ڈی جی نے پیشہ ورانہ مہارت کی اعلیٰ سطح کی تعریف کی اور انہیں کسی بھی صورت حال کے لیے چوکس رہنے کی تلقین کی۔ انہوں نے امرناتھ یاترا 2023 کے لیے مختلف ایجنسیوں کے درمیان اعلیٰ سطحی ہم آہنگی کی تعریف کی۔انہوں نے یاتریوں کے لیے میڈیکل کیمپ چلانے اور بی ایس ایف کی ڈیزاسٹر ریسپانس ٹیموں کی مختلف جگہوں پر تعیناتی اور راستے میں دونوں محوروں یعنی بالتل اور پہلگام کو ڈھانپنے میں فورسز کی شمولیت کی بھی تعریف کی۔

## قومی شاہراہ

ریکارڈ مدت میں بحالی عمل میں لائی گئی۔ٹریفک پولیس نے بتایا کہ منگل کی شام چار روز سے درماندہ مسافروں اور سیاحوں کو جموں کی طرف جانے کی اجازت دی گئی اور وادی کشمیر سے پیدل اور ریل کے ذریعے بانہال پہنچے سینکڑوں مسافر اور سیاحوں کو ریلوے سٹیشن بانہال سے جموں جانے کی اجازت دی گئی۔پولیس نے کہا کہ بدھ کی صبح تین سے ساڑھے چار بجے تک جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے پہلگام اور بالہ تل کیلئے ترجیحی بنیادوں پر 8 ہزار کے قریب یاتریوں کو جانے کی اجازت دی گئی اور یہ قافلے صبح دس اور گیارہ بجے کے قریب بانہال پار چلے گئے۔بالہ تل جانے کیلئے 132 چھوٹی بڑی گاڑیوں میں 3128 یاتری جبکہ 207 گاڑیوں میں سوار 4677 یاتریوں کو پہلگام چلے گئے۔ٹریفک پولیس نے کشمیر عظمیٰ کو بتایا کہ قاضی گنڈ ٹنل کے پار روکی گئی مسافر گاڑیوں کو دن کے ساڑھے گیارہ بجے سے دو بجے تک کے درمیان جموں کی طرف جانے کی اجازت دی گئی جبکہ نگروٹہ جموں سے صبح چھ بجے سے بعد دوپہر دو بجے تک وادی کشمیر کی طرف مسافر ٹریفک کو آنے کی اجازت تھی۔

## سیاحت کو

کے لیے بھی کہا۔ڈاکٹر مہتا نے افسران پر جموں وکشمیر میں گالف ٹورازم کے فروغ کے لیے ایک منصوبہ تیار کرنے پر زور دیا۔انہوں نے برقرار رکھا کہ یوٹی میں گالف کورس کلاس کے لحاظ سے بہترین ہیں اور پورے ملک میں گالف سے محبت کرنے والوں کو راغب کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔انہوں نے مشورہ دیا کہ ان تمام کورسز کے لیے سرگرمیوں کا ایک مضبوط کیلنڈر رکھیں اور انہیں محکمہ کی جانب سے سیاحت سے متعلق دیگر اثاثوں اور خدمات کے ساتھ پیکج کے طور پر پیش کرنے کی کوشش کریں۔چیف سکریٹری نے کوکرناگ، ویری ناگ، ڈاکسم، بیتاب وادی، سناسر، سرتھل، بنی، باشولی، بھدروہ اور دیگر مقامات پر محکمہ کی جائیدادوں کو نئی شکل دینے پر بھی زور دیا تاکہ کارپوریشن کو آمدنی حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ ان کی صلاحیتوں کا بھرپور استعمال کیا جاسکے۔انہوں نے ان سے کہا کہ وہ صفائی ستھرائی کو اپنی پہچان بنائیں تاکہ معیاری صارفین کو راغب کیا جاسکے۔اپنی پریزنٹیشن میں منیجنگ ڈائریکٹر جے کے ٹی ڈی سی، منگا شیرپا نے میٹنگ کو کارپوریشن کے مختلف منصوبوں اور کارکردگی کے بارے میں آگاہ کیا۔ایم ڈی، جے کے ٹی ڈی سی نے میٹنگ کو سیاحت کے فروغ کے لیے کارپوریشن کے مختلف منصوبوں کے بارے میں بتایا۔ انہوں نے کارپوریشن کے اثاثوں کو تجدید شرائط پر لیز پر دینے اور مختلف قرض دہندگان کے ساتھ بقایا جات کی وصولی کے منصوبوں کا انکشاف کیا۔انہوں نے بورڈ کو مطلع کیا کہ کارپوریشن نے اپنی بیلنس شیٹ کو کافی حد تک بڑھا دیا ہے اور جلد ہی ایک منافع بخش ادارہ بننے کے لیے پرعزم ہے۔بورڈ نے سرینگر اور جموں میں کارپوریشن کے ذریعہ چلائے جارہے مختلف ہوٹلوں اور انسانی وسائل سے متعلق دیگر معاملات پر بھی تبادلہ خیال کیا۔اس نے کارپوریشن کے پہلگام، کڈ، سناسر، قاضی گنڈ، بانہال، رام بن، گلمرگ، جموں اور سرینگر میں پی پی پی موڈ پر جے کے ٹی ڈی سی املاک کو آؤٹ سورس کرنے کے کارپوریشن کے منصوبے پر بھی غور کیا اور اس کے علاوہ کارپوریشن کی بہتری کے لیے دیگر فیصلے لیے۔

## انعقاد

انتظامی منظوری دینے کے اختیارات بھی سونپے۔جے اینڈ کے سٹیٹ فارسٹ کارپوریشن ایکٹ 1978 کی منسوخی کے نتیجے میں سابقہ جے اینڈ کے سٹیٹ فارسٹ کارپوریشن کی بورڈ میٹنگ میں گزشتہ بورڈ میٹنگوں میں لئے گئے فیصلوں پر عمل درآمد کا جائزہ لیا گیا۔پرنسپل سیکرٹری جنگلات وماحولیات دھیرج گپتا جو جے اینڈ کے ایف ڈی سی ایل کے چیئر مین بھی ہیں،نے کارپوریشن کے مجموعی کام کاج کا جائزہ لیتے ہوئے مارکیٹنگ میں اِضافے کی فوری ضرورت پر زور دیا تاکہ صارفین کے لئے لکڑی کی زیادہ مقدار نکالنے کی اِجازت دی جاسکے۔ایم ڈی جے اینڈ کے ایف ڈی سی ایل نے بورڈ کو مطلع کیا کہ کارپوریشن نے سال 23-2022ء کے دوران 175 کروڑ روپے کی اِمداد کے مقابلے میں 180 کروڑ روپے کا ریونیو حکومت کے پاس جمع کئے۔میٹنگ میں پرنسپل سیکرٹری فائنانس سنتوش ڈی ویدیا، پی سی سی ایف، محکمہ جنگلات روشن جگی،کمشنر سیکرٹری دیہی ترقی محکمہ مندیپ کور،کمشنر سیکرٹری صنعت وحرفت وِکرم جیت سنگھ اور سیکرٹری قبائلی اَمور شاہد اِقبال چودھری نے شرکت کی۔

## وقف اراضی

نے کہا" گزشتہ سال وقف کو فعال بنانا ہمارا مقصد تھا اور اب تعمیر وترقی ہوگی"۔انہوں نے کہا کہ تعمیر وترقی پر زیادہ زور دیا جارہا ہے اور یہی وجہ ہے کہ ہم ہر جگہ خود جاتے ہیں۔اس موقع پر یہاں کی مسجد کمیٹی اور دیگر لوگوں کی ایک بڑی تعداد نے ان کے ساتھ ملاقات کی۔

## سڑک حادثات

لقمہ اجل بن گئی جبکہ 3 افراد زخمی ہوگئے۔ماروتی سوفٹ گاڑی زیر نمبر JK02CS-3742 بدھ کو بجبہاڑہ کے قریب تیز رفتاری کے باعث ایک چنار سے ٹکرائی جس کے نتیجے میں 18 سالہ آیت ریشی دختر بشیر احمد ریشی ساکن نئی بستی اننت ناگ موقع پر ہی لقمہ اجل بن گئی۔حادثے میں برہان احمد وانی ساکن فرصل،ابرار احمد وانی اور سمیر احمد زخمی ہوگئے جنہیں علاج ومعالجہ کیلئے گورنمنٹ میڈیکل کالج اننت ناگ میں داخل کیا گیا۔پولیس نے معاملے کی نسبت کیس درج کیا ہے۔اس دوران بدھ کی صبح ادھم پور ضلع میں امرناتھ یاتریوں کو لے جانے والی ایک کار سڑک کے ڈیوائیڈر سے ٹکراگئی، جس سے 5 افراد زخمی ہوگئے۔اتر پردیش سے تعلق رکھنے والے یاتری ایک گاڑی میں گاندربل ضلع کے بالہ تل بیس کیمپ جا رہے تھے ، جب صبح 6 بجکر 15 منٹ کے قریب جموں سرینگر قومی شاہراہ پر سمرولی علاقے میں ان کی گاڑی ڈرائیور کے کنٹرول سے باہر ہوئی اور سڑک کے ڈیوائیڈر سے ٹکراگئی۔اس حادثے میں گاڑی کا ڈرائیور اور 4 یاتری زخمی ہوگئے۔زخمیوں کو علاج کے لیے جی ایم سی ادھم پور منتقل کیا گیا۔

## عدالت نے

ہونے پر مذکورہ شخص نے عدالت میں حاضر ہوکر اس بات کا اعتراف کیا تھا کہ اُس نے 6 لاکھ کی چیک گلزار احمد راتھر کو دی تھی اور بہت جلد ادا کرے گا لیکن وہ ادا کرنے میں ناکام رہا۔ 12 جولائی کو ملزم عدالت سے غیر حاضر رہا اور منصف ٹنگمرگ توفیل احمد میر نے کیس پر فیصلہ سناتے ہوئے مشتاق احمد ڈار پر ایک سال کی سزا اور 12 لاکھ کا جرمانہ عائد کیا۔منصف نے آئی جی پولیس کو ملزم گرفتار کرنے کے علاوہ جیل منتقل کرنے کی ہدایت کی ہے جبکہ ڈپٹی کمشنر بارہمولہ کو مذکورہ شخص سے جرمانہ کی رقم وصول کرنے کی ہدایت بھی جاری کی گئی۔



صرافہ بازار سرینگر

| سونا (زیورات) 916 (22 کیرٹ) | سونا (زیورات) 916 (18 کیرٹ) | پونڈ (Guine) 916 (22 کیرٹ) | چاندی (تیزابی) |
|---|---|---|---|
| 6460روپے فی گرام | 5250روپے فی گرام | 46500روپے | 72روپے فی گرام |

بشکریہ آل کشمیر گولڈ ڈیلرس اینڈ ورکرس ایسوسی ایشن ہری سنگھ ہائی سٹریٹ سرینگر



### ٹماٹر کی قیمتوں سے صارفین کے چہرے لال

# مرکز کا اہم ریاستوں سے خریداری کا منصوبہ، دہلی میں کل سے سستا ٹماٹر ملے گا

عظمیٰ مانیٹرنگ ڈیسک

دہلی// ٹماٹر کی بڑھتی ہوئی قیمتوں سے پریشان عوام کے لیے راحت کی خبر ہے۔ درحقیقت، ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ جمعہ (14 جولائی) سے دہلی-این سی آر خطے میں خوردہ دکانوں کے ذریعے صارفین کو ٹماٹر کم شرحوں پر دیے جائیں گے۔ صارفین کے امور کی وزارت نے یہ ہدایت دی ہے۔ مرکز نے بدھ کے روز کوآپریٹو سوسائٹیز لمیٹڈ (NAFED) اور این سی سی ایف (NCCF) کو ہدایت دی کہ وہ آندھرا پردیش، کرناٹک اور مہاراشٹر سے ٹماٹر خریدیں اور اہم صارفین مراکز میں تقسیم کریں۔ ٹماٹر کی قیمتوں میں اضافہ ملک بھر میں رپورٹ کیا جاتا ہے، اور یہ صرف ایک مخصوص علاقے یا جغرافیہ تک محدود نہیں ہے۔ اہم شہروں میں یہ 150- 160 روپے فی کلو تک بڑھ گیا۔ ایک بار خریدے جانے کے بعد، یہ بڑے کھپت کے مراکز میں بیک وقت تقسیم کے لیے بھیجے جائیں گے جہاں گزشتہ ایک ماہ میں خوردہ قیمتوں میں سب سے زیادہ اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ وزارت خوراک کی جانب سے بدھ کو جاری ہونے والی ایک ریلیز میں کہا گیا ہے کہ ٹماٹر کے ذخیرے کو خوردہ دکانوں کے ذریعے "رعایتی قیمتوں" پر دہلی این سی آر خطے کے صارفین کو اس ہفتے جمعہ تک تقسیم کیا جائے گا۔ ملک کے کئی حصوں میں بارشوں کے باعث سبزیوں کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے اور اب سرخ سرخ ٹماٹروں نے عوام کے چہرے لال کر دیے ہیں کیونکہ ٹماٹر کی قیمتیں آسمان کو چھو رہی ہیں، ایسے میں جس طرح لوگوں کی تھالی کا ذائقہ بھی خراب ہوگیا ہے، اور ساتھ ہی گھر کا بجٹ بھی خراب ہوگیا ہے۔



### شاہراہ پر ٹریفک کی بحالی

# 600 ٹینکر پیٹرولیم مصنوعات لئے کشمیر کی طرف رواں دواں

ٹی ای این

سرینگر// تقریباً 5 روز تک بند رہنے کے بعد بدھ کی سہ پہر کو سرینگر جموں شاہراہ کو ٹریفک کی آمد و رفت کیلئے کھول دیا گیا ہے اور ابتداء میں ہی یاترا قافلے کے ساتھ ساتھ پیٹرولیم اور دیگر ضروری اشیاء سے لدی درماندہ ٹرکوں کو سرینگر کی طرف آنے کی اجازت دی گئی ہے۔ پیٹرولیم کی تازہ کھیپ جمعرات کی صبح تک سرینگر پہنچنے کی امید ہے جس کے بعد پیٹرول پمپ پھر سے کام کرنا شروع کر دیں گے جو کئی روز سے خشک ہو رہے تھے۔ اگرچہ صوبائی انتظامیہ نے منگل کو اعلان کیا تھا کہ کشمیر وادی میں پیٹرولیم اور دیگر اشیائے لازمہ کا وافر سٹاک موجود ہے تاہم سرینگر میں بدھ کو بیشتر پیٹرول پمپ بند نظر آئے اور کئی ایک مقامات پر صارفین کی بڑی بڑی قطاریں پمپوں پر دیکھی گئی۔

## سرینگر میں کئی پمپوں کا معائنہ، نمونے حاصل، جرمانہ عائد

ٹی ای این

سرینگر// ڈپٹی کمشنر سری نگر محمد اعجاز اسد کی ہدایت پر سرینگر ضلع میں کام کرنے والے تمام پیٹرول پمپوں کا اچانک معائنہ کیا گیا۔ متعلقہ تحصیلداروں کی نگرانی میں اسٹنٹ کنٹرولر لیگل میٹرولوجی، فوڈ سیفٹی آفیسر، تحصیل سپلائی دفاتر، ایس ایچ او پر مشتمل ضلعی انتظامیہ سرینگر کی مشترکہ ٹیموں کے ذریعے ضلع کی تمام تحصیلوں میں فلنگ سٹیشنوں کی چیکنگ کی گئی۔ ٹیموں نے ایم اے روڈ، ڈلگیٹ، سونوار، بٹہ مالو، کرن نگر، شالٹینگ میں، ایچ ایم ٹی، زینہ کوٹ، ہوکرسر، بمنہ، برتھنہ، ٹینگ پورہ بائی پاس، باغ نند سنگھ، قمرواری ہیمپورہ، پانتھہ چھوک اور پانڈریتھن، بٹ پورہ، زکورہ، حبک، عیدگاہ، صورہ اور باغی علی مردان خان، حیدرپورہ اور باغات برزلہ میں پٹرول پمپوں کو چیک کیا گیا۔ معائنہ کے دوران، ڈیلیوری ٹیسٹ 5-لیٹر اور 10 لیٹر کے ٹیسٹ اقدامات کے ذریعے کیا گیا۔ ملاوٹ کی جانچ کے لیے فلٹر ٹیسٹ بھی کیا گیا اور ٹیموں نے مزید جانچ کے لیے کچھ نمونے اٹھا لیے۔ معائنہ کرنے والی ٹیموں نے پیٹرول پمپوں پر دستیاب لازمی بنیادی سہولیات کا بھی جائزہ لیا جیسے مفت ہوا کی سہولت، مفت پینے کے پانی، آگ بجھانے کا سامان، خواتین اور مردوں کے لیے بیت الخلا کی سہولت کی چیکنگ بھی کی گئی۔ مہم کے دوران چند پیٹرول پمپوں کو پینے کے پانی کی مفت سہولت دستیاب نہ ہونے پر نوٹس جاری کیے گئے اور انہیں 7 دنوں کے اندر اس سہولت کو یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی۔ اس کے علاوہ کچھ پیٹرول پمپوں کے نوزل میں بھی کمی پائی گئی جنہیں انسپکشن ٹیم نے موقع پر ہی قبضے میں لے لیا۔ بٹہ پورہ میں پمپ مالک پر 10,000 روپے کا جرمانہ بھی عائد کیا گیا۔ ادھر شوپیان سے ملنے والی اطلاعات کے مطابق شوپیان سے لسترتک قائم کچھ پمپوں پر صارفین کیلئے لازمی بنیادی سہولیات کا فقدان ہے اور لوگوں کا الزام ہے کہ ان پمپوں پر صرف ایندھن بھرا جاتا ہے جبکہ دیگر سہولیات کو جان بوجھ کر نظر انداز کردیا گیا ہے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ ان پمپوں پر آئل مارکیٹنگ کے رہنما خطوط پر عمل درآمد نہیں ہو رہا ہے اور ان کے خلاف ضلع انتظامیہ کو فوری کارروائی کرنی چاہئے۔

### برانڈ کی عکاسی اور صارفین کی سہولت

# کرن نگر میں LG اورینٹل سٹور کا افتتاح



تصویر :امان فاروق

شوکت حمید

سرینگر// ہندوستان کی معروف کمپنی ایل جی الیکٹرانکس نے بدھ کو کرن نگر سرینگر میں ایک اورینٹل سٹور کا افتتاح کیا گیا۔ نئی بیسٹ شاپ کا افتتاح ڈائریکٹر ہوم اپلائنسز اینڈ ایئر کنڈیشنز ہیونگ سب جی، ایل جی الیکٹرانکس انڈیا نے سیلز ہیڈ سنجے چٹکارا، ریجنل بزنس ہیڈ نونیت کرکرا، اور برانچ مینجر جموں سرجیت منہاس کی موجودگی میں کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ہیونگ سب جی نے کہا، "صارفین پر مبنی برانڈ کے طور پر LG نے ہمیشہ اپنے صارفین کی ضروریات اور بہبود کو ترجیح دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک مضبوط پروڈکٹ پورٹ فولیو پیش کرنے کے علاوہ، ہماری کوشش رہی ہے کہ ایک ایسا سٹور بنایا جائے جو نہ صرف نمایاں ہو بلکہ LG برانڈ کی قدروں کی بھی عکاسی کرے۔ انہوں نے کہا کہ LG بیسٹ شاپ کا تصور LG کی شناخت کو بتانے کے لیے ایک پلیٹ فارم بنانے کے مقصد سے قائم کیا گیا ہے اور اس کا مقصد نہ صرف خریداروں کو اپنی طرف متوجہ کرنا ہے بلکہ LG مصنوعات کی شناخت کو پیش کرتے ہوئے آؤٹ لیٹ میں انٹرایکٹیویٹی کا عنصر بھی متعارف کرانا ہے۔ شوروم کو اس طرح سے ڈیزائن کیا گیا ہے کہ صارفین کسی بھی موسم میں آرام سے خریداری کر سکتے ہیں۔ LG Electronics India Pvt. لمیٹڈ ("LG Electronics")، LG Electronics، جنوبی کوریا کا ایک مکمل ملکیتی ذیلی ادارہ جنوری 1997 میں ہندوستان میں قائم کیا گیا تھا۔ یہ کنزیومر الیکٹرانکس، ہوم اپلائنسز، IT،HVAC ہارڈویئر میں سب سے مضبوط برانڈز میں سے ایک ہے۔ ہندوستان میں LG نے ایک پریمیم برانڈ پوزیشننگ حاصل کی ہے اور یہ صنعت کے لیے تسلیم شدہ رجحان ساز ہے۔ گریٹر نوئیڈا میں LGEIL کا مینوفیکچرنگ یونٹ دنیا کے تمام LG مینوفیکچرنگ پلانٹس میں سب سے زیادہ ماحول دوست یونٹوں میں سے ایک ہے۔ دوسری گرین فیلڈ سہولت رانجن گاؤں میں واقع ہے۔ پونے کے پاس ایل ای ڈی ٹی وی، ایئر کنڈیشنز، کمرشل ایئر کنڈیشننگ سسٹم، واشنگ مشین، ریفریجریٹرز اور مانیٹر بنانے کی صلاحیت ہے۔ ریفریجریٹر؛ واشنگ مشین، اے سی، واٹر پیوریفائر، مائیکرو ویو، پنکھا، ڈش واشر اور ایئر پیوریفائر گھریلو آلات میں شامل ہیں۔

# سوپور انڈسٹریل اسٹیٹ میں بجلی بحران پر احتجاج

غلام محمد



سوپور// سوپور قصبے میں انڈسٹریل اسٹیٹ کے سینکڑوں ملازمین نے بدھ کو بجلی کے بحران کے خلاف ایک احتجاجی مظاہرہ کیا، جس میں کہا گیا کہ انہیں بھاری نقصان اٹھانا پڑا ہے۔ جاوید احمد بٹ کی قیادت میں انڈسٹریل اسٹیٹ سوپور میں کام کرنے والے سینکڑوں ملازمین یہاں امرگڑھ سوپور میں PDD کے لان میں جمع ہوئے اور PDD کے خلاف زبردست احتجاجی مظاہرہ کیا، انہوں نے کہا کہ گزشتہ دنوں سے بجلی کے بحران کی وجہ سے انہیں بھاری نقصان کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ دو ماہ کے دوران ان کے کام کے اوقات میں اکثر بجلی کی کٹوتی نے ان کے کاروبار کو متاثر کیا۔ جاوید احمد نے بتایا کہ اوسطاً اسٹیٹ کی صنعتوں کو روزانہ تقریباً 2- 3 کروڑ کا نقصان ہوتا ہے اور بجلی کی فراہمی کی عدم موجودگی میں، ہم اب اس سیکٹر کو جموں منتقل کرنے کے بارے میں سوچ رہے ہیں۔ بٹ نے کہا کہ یہ انتہائی بدقسمتی کی بات ہے کہ جدید ترین سمارٹ میٹر والے علاقوں کو بھی بجلی کی غیر مقررہ کٹوتی سے نہیں بچایا جا رہا ہے۔



## نرخ نامہ برائے سبزی

(ہول سیل)

| نام سبزی، مقدار/ وزن | قیمت/ روپے |
|---|---|
| آلو پنجابی فی کلو | 17-18 |
| آلو سفید فی کلو | 10-11 |
| آلو کشمیری فی کلو | 20-22 |
| پیاز ناسک فی کلو | 18-19 |
| پیاز کشمیری فی کلو | NA |
| پالک پنجابی فی کلو | NA |
| ٹماٹر فی کلو | 46-50 |
| پھول گوبھی فی کلو | 32-35 |
| بند گوبھی فی کلو | 9-10 |
| ساگ کاؤڈاری فی کلو | NA |
| ساگ جی ایم ڈاری کلو | NA |
| گاجر کشمیری فی کلو | 20-25 |
| کدو (لوکی) فی کلو | 6-8 |
| کدو کشمیری فی کلو | NA |
| لیموں فی کلو | 45 |
| کھیرا کشمیری فی کلو | 25 |
| کھیرا پنجابی فی کلو | NA |
| میتھی فی کلو | NA |
| بھنڈی فی کلو | 30 |
| لہسن کشمیری فی کلو | 70-80 |
| ادرک نیپالی کلو | 230-250 |
| دھنیا فی کلو | 40-50 |
| فراش بین فی کلو | 35 |
| مٹر سبزی کلو | 15-16 |
| مولی فی کلو | 10 |
| شملہ مرچ فی کلو | 45 |



## نرخ نامہ برائے پھل

(ہول سیل)

| نام پھل، مقدار/ وزن | قیمت |
|---|---|
| کیلا درجہ اول فی درجن | 68-74 |
| کیلا درجہ دوم فی درجن | 44-45 |
| کیوی فی عدد | 26-30 |
| پائن ایپل راجانی عدد | 60 |
| پائن ایپل رانی فی عدد | 70-80 |
| خربوز Sun فی کلو | 57-71 |
| خربوز Bobby فی کلو | 65-70 |
| Papaya فی کلو | 50-57 |
| انار فی کلو | 150-200 |
| تربوز فی کلو | 20 |
| Cherry Italy فی کلو | 100-150 |
| Cherry Double | 40-80 |
| Cherry مشری فی کلو | 80-100 |
| Plum فی ڈبہ | 100-200 |
| Apricot فی کلو | 5-120 |
| Peach فی ڈبہ | 160-300 |
| Mango سفیدہ | 75-85 |
| Mango طوطہ پوری | 60-65 |
| Mango دسہرہ | 30-40 |

بشکریہ: نیو کشمیر فروٹ ایسوسی ایشن

نیو فروٹ مارکیٹنگ کمپلیکس پارمپورہ سرینگر


### از عدالت جوڈیشل مجسٹریٹ درجہ اول ٹنگڈار کرناہ

باجلاس: فیضان نظر صاحب

نفیزہ بیگم زوجہ غلام نبی پرے ساکنہ حاجی ناڑ کرناہ

**بنام** : رجسٹرار برتھ اینڈ ڈیتھس

**درخواست بغرض اندراج تاریخ پیدائش**

نام: اذان نبی ولد غلام نبی پرے ساکنہ حاجی ناڑ کرناہ

تاریخ پیدائش: 25-02-2021

معاملہ مندرجہ عنوان الصدر میں سائل / سائلہ نے عدالت ہذا میں درخواست بغرض اندراج تاریخ پیدائش اذان نبی مورخہ 26-06-2023 پیش کی ہے۔ لہٰذا عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ نسبت درخواست کوئی عذر یا اعتراض ہونے کی صورت میں عذرات اشاعت اشتہار کے اندر دس یوم عدالت ہذا میں آ کر پیش کرے۔ بعد از گزرنے معیاد کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔ تاریخ آئندہ 25-07-2023 مقرر ہے۔

**تحریر الصدر** جوڈیشل مجسٹریٹ درجہ اول ٹنگڈار کرناہ

### از عدالت جوڈیشل مجسٹریٹ درجہ اول ٹنگڈار کرناہ

باجلاس: فیضان نظر صاحب

نفیزہ بیگم زوجہ غلام نبی پرے ساکنہ حاجی ناڑ کرناہ

**بنام** : رجسٹرار برتھ اینڈ ڈیتھس

**درخواست بغرض اندراج تاریخ پیدائش**

نام: ریان نبی پرے ولد غلام نبی پرے ساکنہ حاجی ناڑ کرناہ

تاریخ پیدائش: 11-11-2016

معاملہ مندرجہ عنوان الصدر میں سائل / سائلہ نے عدالت ہذا میں درخواست بغرض اندراج تاریخ پیدائش ریان نبی مورخہ 26-06-2023 پیش کی ہے۔ لہٰذا عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ نسبت درخواست کوئی عذر یا اعتراض ہونے کی صورت میں عذرات اشاعت اشتہار کے اندر دس یوم عدالت ہذا میں آ کر پیش کرے۔ بعد از گزرنے معیاد کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔ تاریخ آئندہ 25-07-2023 مقرر ہے۔

**تحریر الصدر** جوڈیشل مجسٹریٹ درجہ اول ٹنگڈار کرناہ

### IN THE COURT OF JUDICIAL MAGISTRATE 1ST CLASS SHOPIAN

PRESENT: BRIJ RAJ SINGH (JO CODE: 00222)

In the case of:

Kulsooma Banoo W/o Late Mohd Abdullah Mir R/o Chitterwach Tehsil Barbugh Imamsahib Shopian.....(Applicant)

V/S

U.T Through Registrar Births & Deaths/BDO .....(Non Applicant)

NOTICE TO PUBLIC AT LARGE

Whereas, the above titled application has been presented by the applicant in this court for seeking directions to the non-applicants for registration of particulars of the **applicant's Husband namely Mohd Abdullah Mir S/o Mohd Shaban Mir R/o Chitterwach Tehsil Barbugh Imamsahib, District Shopian** who was died on **05.11.2011 at Chitterwach Shopian**.

Whereas, through the medium of this proclamation, the public at large is informed that in case, anyone has any objection in issuance of direction with respect to the registration of birth / death certificate of the applicant's husband, they / he / she shall file the same before this court in person or through counsel within 15 days from the date of registration of issuance of this publication. If the date fixed is declared holiday, the matter will be taken up on the next working day.

Given under my hand and seal of this office on **11-07-2023**

Sd/ Judicial Magistrate 1st Class, Shopian

### از عدالت جوڈیشل مجسٹریٹ درجہ اول ٹنگڈار کرناہ

باجلاس: فیضان نظر صاحب

حلیمہ بیگم زوجہ ساجد فاروق ساکنہ نواں گراہ

**بنام** : رجسٹرار برتھ اینڈ ڈیتھس

**درخواست بغرض اندراج تاریخ پیدائش**

نام: حورالعین دختر ساجد فاروق ساکنہ نواں گراہ

تاریخ پیدائش: 15-04-2022

معاملہ مندرجہ عنوان الصدر میں سائل / سائلہ نے عدالت ہذا میں درخواست بغرض اندراج تاریخ پیدائش حورالعین مورخہ 21-06-2023 پیش کی ہے۔ لہٰذا عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ نسبت درخواست کوئی عذر یا اعتراض ہونے کی صورت میں عذرات اشاعت اشتہار کے اندر دس یوم عدالت ہذا میں آ کر پیش کرے۔ بعد از گزرنے معیاد کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔ تاریخ آئندہ 19-07-2023 مقرر ہے۔

**تحریر الصدر** جوڈیشل مجسٹریٹ درجہ اول ٹنگڈار کرناہ

### از عدالت جوڈیشل مجسٹریٹ درجہ اول کولگام باجلاس منیر احمد بٹ

اشتہار عام

| | | |
|---|---|---|
| منظور احمد تانترے | بنام | Registrar Births & Deaths |

درخواست بغرض اندراج تاریخ پیدائش 03-03-1969 بحق منظور احمد تانترے ولد عبدالرشید تانترے ساکن ہڈی گام کولگام

معاملہ مندرجہ عنوان الصدر میں سائل/ سائلہ عدالت ہذا میں ایک درخواست بشمول بیان حلفی بغرض اندراج تاریخ پیدائش منظور احمد تانترے ولد عبدالرشید تانترے ساکن ہڈی گام کولگام مورخہ 06-07-2023 پیش کی ہے۔ لہٰذا عوام الناس کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے اس بارے میں اگر کسی کو کوئی عذر ہو یا اعتراض ہونے کی صورت میں اپنے عذرات اشاعت اشتہار ہذا سے سات یوم عدالت میں آ کر پیش کریں۔ بعد گزرنے معیاد کوئی بھی عذر قابل قبول نہیں ہوگا۔ تاریخ آئندہ عدالت ہذا میں مورخہ 13/7/2023 کو مقرر ہے۔

تحریر الصدر 06/07/2023

جوڈیشل مجسٹریٹ درجہ اول کولگام

### از عدالت پرنسپل ڈسٹرکٹ جج پلوامہ باجلاس نصیر احمد ڈار

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ مسماۃ جواہرہ بانو بیوہ ۲۔ باسط رسول (نابالغ پسر) ۳۔ عاظم رسول (نابالغ پسر) غلام رسول نجار نابالغان بذریعہ والدہ ساکنان زڈورہ پلوامہ (سائیلان) | بنام | ۱۔ توصیف الرسول (پسر) ۲۔ جیمو (دختر) غلام رسول نجار ساکنان زڈورہ پلوامہ ۳۔ عوام الناس (مسئولان) |

**اشتہار بمراد آگاہی ہر خاص و عام**

معاملہ مندرجہ عنوان الصدر میں سائیلان نے ایک درخواست نسبت جانشینی سرٹیفکیٹ متوفی غلام رسول نجار ولد غلام محمد نجار ساکن زڈورہ پلوامہ عدالت مقدار میں دائر کی ہے۔ لہٰذا عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر اس نسبت کسی شخص یا اشخاص کو کوئی عذر داری ہو تو وہ مورخہ 20-07-2023 تک تحریری طور عدالت ہذا میں پیش کریں۔ واضح رہے کہ بعد گزرنے معیاد کوئی عذر داری قابل قبول نہ ہوگی۔ تحریر

پرنسپل ڈسٹرکٹ جج پلوامہ

### از نیابت پلوامہ اول باجلاس نائب تحصیلدار فسٹ مشتاق احمد ملک

مضمون درخواست: اویس مشتاق ولد مشتاق احمد کمار ساکن مورن تحصیل پلوامہ بمراد عطائی سرٹیفکیٹ OBC تحت SRO294 بحق سائل

**اشتہار بمراد آگاہی ہر خاص عام**

بمعاملہ مندرجہ عنوان الصدر میں ایک درخواست سائل/ سائلہ دفتر ہذا کو بغرض تحقیقات و رپورٹ مرسل ہوا ہے۔ معاملہ زیر بحث کے نسبت رپورٹ پٹواری و دیگر نقولات و بیان سائل/ سائلہ و بیان گواہاں سے عیاں ہے کہ سائل/ سائلہ ریاست جموں و کشمیر کا پشتینی باشندہ ہے۔ جو کہ موضع مورن میں رہائش پذیر ہے۔ سائل/ سائلہ کا کنبہ بذیل افراد پر مشتمل ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۔ مشتاق احمد پسر عبدالرزاق کمار | 50سال | سرکاری ملازم | |
| ۲۔ اویس مشتاق پسر مشتاق احمد کمار | 20سال | زیر تعلیم | |
| ۳۔ اقراء مشتاق دختر مشتاق احمد | 16سال | زیر تعلیم | |
| ۴۔ انشاء دختر مشتاق احمد | 14سال | زیر تعلیم | |

اسطرح ظاہر ہے کہ سائل کا کنبہ 4 افراد پر مشتمل ہے۔ جن میں ایک فرد سرکاری ملازم ہے۔ سائل نے دہ ہذا میں یا دہ ہذا کے باہر کوئی بھی مکان/ دوکان زیر کرایہ نہیں دیا ہے۔ سائل/ سائلہ کے نام/ سائل/ سائلہ کے باپ نے نام دہ ہا میں کل رقبہ تعدادی 10 کنال۔ مرلہ زیر قبضہ و کاشت ہے۔ اس کے علاوہ دہ ہذا کے باہر کوئی بھی زیر قبضہ کاشت نہیں ہے۔ سائل کی سالانہ آمدنی تمام زرعی و غیر زرعی سے تخمیناً -/10,57000 روپے تک ہے۔ سائل/ سائلہ پیدائشی کمار ذات سے تعلق رکھتا ہے اور OBC سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کا حقدار ہے۔ لہٰذا اس بارے میں اگر کسی شخص یا اشخاص کو کوئی عذر یا اعتراض ہو تو 03 دن تک دفتر ہذا میں تحریری طور اپنا عذر یا اعتراض پیش کرے۔ معیاد گزرنے کے بعد کوئی بھی عذر یا اعتراض قابل قبول نہیں ہوگا۔ تحریر الصدر

نائب تحصیلدار پلوامہ۔ا

### از عدالت پرنسپل ڈسٹرکٹ جج پلوامہ باجلاس نصیر احمد ڈار

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ نرگس بشیر بیوہ نذیر احمد ڈار ۲۔ ایمن نذیر (نابالغ دختر) ۳۔ مجیب الاسلام (نابالغ پسر) نذیر احمد ڈار ساکن لال پورہ قہہ ہل ترال پلوامہ (سائلان) | بنام | ۱۔ عبدالغنی ڈار ولد عبدالاحد ڈار ۲۔ مالا بیگم زوجہ عبدالغنی ڈار (والدین نذیر احمد ڈار) ساکنان لال پورہ قہہ ہل ترال پلوامہ ۳۔ عوام الناس |

**اشتہار بمراد آگاہی ہر خاص و عام**

معاملہ مندرجہ عنوان الصدر میں سائیلان نے ایک درخواست نسبت جانشینی سرٹیفکیٹ متوفی نذیر احمد ڈار ولد عبدالاحد ڈار ساکن لال پورہ قہہ ہل ترال پلوامہ عدالت مقدار میں دائر کی ہے۔ لہٰذا عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر اس نسبت کسی شخص یا اشخاص کو کوئی عذر داری ہو تو وہ مورخہ 15-07-2023 تک تحریری طور عدالت ہذا میں پیش کریں۔ واضح رہے کہ بعد گزرنے معیاد کوئی عذر داری قابل قبول نہ ہوگی۔ تحریر

پرنسپل ڈسٹرکٹ جج پلوامہ

## وزیراعظم کا آج سے فرانس اور عرب امارات دورہ

# میکرون کے ساتھ باضابطہ بات چیت کریں گے

یو این آئی

نئی دہلی// وزیراعظم نریندر مودی 13 سے 15 جولائی تک فرانس اور متحدہ عرب امارات (یو اے ای) کا دورہ کریں گے اور فرانس کے قومی دن کی پریڈ میں بطور مہمان خصوصی شرکت کریں گے۔ وزارت خارجہ کے مطابق وزیراعظم فرانس کے صدر ایمانوئل میکرون کی دعوت پر 13 سے 14 جولائی کو پیرس کا دورہ کریں گے۔ وزیراعظم 14 جولائی 2023 کو بیسٹل ڈے پریڈ میں مہمان خصوصی ہوں گے۔ ہندوستان کی تینوں فوجوں کا مشترکہ دستہ بھی پریڈ میں شرکت کرے گا۔ اس دوران وزیراعظم مودی فرانسیسی صدر میکرون کے ساتھ باضابطہ بات چیت کریں گے۔ صدر میکرون وزیراعظم کے اعزاز میں ایک سرکاری ضیافت کے ساتھ ساتھ نجی عشائیہ کی میزبانی کریں گے۔ وزیراعظم مودی کا فرانس کے وزیراعظم کے ساتھ وہاں سینٹ اور قومی اسمبلی کے صدور سے ملاقات کرنے کا بھی پروگرام ہے۔ وہ فرانس میں ہندوستانی تارکین وطن، ہندوستانی اور فرانسیسی کمپنیوں کے سی ای اوز اور ممتاز فرانسیسی شخصیات سے الگ الگ بات چیت کریں گے۔ اس سال ہندوستان-فرانس اسٹریٹجک پارٹنرشپ کی 25 ویں سالگرہ ہے اور وزیراعظم کا دورہ اسٹریٹجک، ثقافتی، سائنسی، تعلیمی اور اقتصادی تعاون جیسے مختلف شعبوں میں شراکت داری کے مستقبل کے لیے ایک روڈ میپ تیار کرنے کا موقع فراہم کرے گا۔ اس کے بعد وزیراعظم 15 جولائی کو ابوظہبی کا دورہ کریں گے۔ وزیراعظم مودی متحدہ عرب امارات کے صدر اور ابوظہبی کے حکمران شیخ محمد بن زید النہیان کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ وزارت خارجہ کا کہنا ہے کہ ہندوستان-متحدہ عرب امارات جامع اسٹریٹجک پارٹنرشپ مضبوط ہو رہی ہے۔



## چندریان 3 ہندوستان کے قد میں اضافہ کرے گا: جتیندر سنگھ

# امریکہ کے ساتھ ٹیکنالوجی میں شراکت داری کا روڈ میپ تیار

یو این آئی

نئی دہلی// سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ خلائی مشن چندریان 3 سائنس، ٹیکنالوجی، اختراعات اور اسٹارٹ اپ کے میدان میں بین الاقوامی تعاون کے لحاظ سے ہندوستان کے قد میں اضافہ کرے گا۔ ڈاکٹر سنگھ بدھ کو انڈیا یو ایس سائنس اینڈ ٹیکنالوجی فورم کے ایک پروگرام سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر ہندوستان میں امریکی سفیر ایرک گارسیٹی بھی موجود تھے۔ تقریب میں لوگوں کی زندگیوں کو بدلنے کیلئے کوانٹم ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت کے شعبے میں تعاون کے لیے شراکت داری پر زور دیا گیا۔ ڈاکٹر سنگھ نے کہا کہ یہ قدم وزیراعظم نریندر مودی کے دورہ امریکہ کے بعد اٹھایا گیا ہے۔ مودی نے اس دورے کے دوران دوطرفہ اور عالمی اسٹریٹجک شراکت داری میں ایک نئے باب کے آغاز پر زور دیا۔ مرکزی وزیر نے کہا کہ یہ خوشی کی بات ہے کہ دونوں ممالک نے اسے نافذ کرنے کیلئے فوری کارروائی کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان اور امریکہ نے نئی توانائی اور نئی سمت کے ساتھ مستقبل کے لئے ٹیکنالوجی کے میدان میں شراکت داری کا روڈ میپ تیار کیا ہے۔ اس شراکت داری سے دونوں ممالک کے تعلقات میں نئی مضبوطی بھی آئے گی۔ مرکزی وزیر نے کہا کہ مصنوعی ذہانت اور کوانٹم ٹیکنالوجی کے میدان میں سرمایہ کاری سے لوگوں کے معیار زندگی میں تبدیلی آئے گی اور اس کا اثر صحت، زراعت، موسمیاتی تبدیلی اور دیگر شعبوں میں دیکھا جائے گا۔ مشترکہ اپیل کے تحت 31 اگست تک دونوں ممالک کے مشترکہ منصوبے سرمایہ کاری سے متعلق تجاویز پیش کر سکیں گے۔



### راجیہ سبھا انتخابات

### بی جے پی نے 3 امیدواروں کا اعلان کیا

یو این آئی

نئی دہلی// بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کی مرکزی انتخابی کمیٹی نے بدھ کو



گجرات اور مغربی بنگال میں ہونے والے راجیہ سبھا انتخابات کے لیے امیدواروں کے ناموں کا اعلان کردیا۔ بی جے پی کے قومی جنرل سکریٹری اور ہیڈ کوارٹر انچارج ارون سنگھ نے بابو بھائی جیسانگ بھائی دیسائی اور کیسری دیوی سنگھ زالا اور مغربی بنگال کے اننت مہاراج کو امیدوار بنائے جانے کا اعلان کیا۔

## عرب کے ساتھ تعلقات کو اہمیت دیتے ہیں

# صدر جمہوریہ کی مسلم ورلڈ لیگ کے سیکرٹری جنرل سے ملاقات



یو این آئی

نئی دہلی// مسلم ورلڈ لیگ کے سکریٹری جنرل ڈاکٹر محمد بن عبدالکریم العیسیٰ جو ہندوستان کے دورے پر ہیں، نے بدھ کو راشٹرپتی بھون میں صدر دروپدی مرمو سے ملاقات کی۔ ڈاکٹر العیسیٰ کا اپنے پہلے سرکاری دورے پر خیر مقدم کرتے ہوئے صدر نے کہا کہ ہندوستان رواداری پر مبنی مذاہب اور اقدار کے درمیان مکالے کو فروغ دینے میں مسلم ورلڈ لیگ کے کردار کی تعریف کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان ایک ایسا ملک ہے جو کثیر ثقافت، کثیر زبان، ذاتوں اور مذاہب کے تنوع کے اتحاد کا جشن منا رہا ہے۔ ہندوستان میں 200 ملین مسلمان بھائی بہن رہتے ہیں اور ہمارا ملک دنیا میں دوسری سب سے بڑی مسلم آبادی والا ملک ہے۔ مرمو نے کہا کہ ہندوستان سعودی عرب کے ساتھ اپنے تعلقات کو بہت اہمیت دیتا ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان تجارتی اور عوام سے عوام کے رابطوں پر مبنی خوشگوار تعلقات کی ایک طویل تاریخ ہے۔ صدر نے کہا کہ ہندوستان اور سعودی عرب دونوں ہی دہشت گردی کی ہر طرح کی مذمت کرتے ہیں اور دہشت گردی کے خلاف 'زیرو ٹالرنس' کی پالیسی رکھتے ہیں۔ دونوں رہنماؤں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ دہشت گردی اور انتہا پسندی سے نمٹنے کے لیے ایک جامع نقطہ نظر کی ضرورت ہے اور یہ لبرل خیالات سے ہی ممکن ہے۔ صدر نے انتہا پسندی، دہشت گردی اور تشدد کے خلاف ڈاکٹر العیسیٰ کے موقف کی بھی تعریف کی۔ انہوں نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ ڈاکٹر العیسیٰ کے دورہ ہندوستان سے مسلم ورلڈ لیگ کے ساتھ تعاون کے مواقع کھلیں گے۔

## جمنا کے پانی کی سطح میں اضافہ

### کیجریوال کی مرکزی حکومت سے مداخلت کی اپیل

یو این آئی

نئی دہلی// دہلی کے وزیر اعلیٰ اروند کیجریوال نے راجدھانی میں جمنا کے پانی کی سطح میں اضافہ کیلئے ہریانہ حکومت کو ذمہ دار قرار دیتے ہوئے مرکزی حکومت سے اس معاملے میں مداخلت کرنے کی اپیل کی ہے۔ کیجریوال نے ٹویٹ کیا کہ "مرکزی آبی کمیشن نے رات کو جمنا کے پانی کی سطح 207.72 میٹر تک پہنچنے کی پیش گوئی کی ہے۔ یہ دہلی کے لیے اچھی خبر نہیں ہے۔ دہلی میں پچھلے دو دنوں سے بارش نہیں ہوئی ہے، لیکن ہریانہ کی طرف سے ہتھنی کنڈ بیراج سے بھاری مقدار میں پانی چھوڑنے سے جمنا کی سطح آب بڑھ رہی ہے۔ مرکز سے اپیل ہے کہ وہ اس معاملے میں مداخلت کرے اور ہریانہ حکومت سے اس بات کو یقینی بنائے کہ جمنا کے پانی کی سطح مزید نہ بڑھے"۔ انہوں نے کہا کہ دہلی میں جمنا کی اونچائی آج 207.55 میٹر تک پہنچ گئی، جس نے 1978 میں قائم 207.49 میٹر کا اپنا ہی ریکارڈ توڑ دیا۔ وزیر اعلیٰ نے جمنا کے پانی کی سطح میں اضافہ کے پیش نظر ہنگامی میٹنگ بلائی ہے۔ آبپاشی اور سیلاب کنٹرول کے وزیر سوربھ بھاردواج نے کل کہا تھا کہ دہلی حکومت کسی بھی صورت حال سے نمٹنے کے لیے تیار ہے اور زیر آب علاقے سے لوگوں کا انخلاء شروع کر دیا گیا ہے۔ متاثرہ علاقوں میں رہنے والے لوگوں کو دہلی کے مختلف اضلاع میں قائم کیمپوں میں منتقل کیا جا رہا ہے۔ اس کے علاوہ محکمانہ افسران کو حساس علاقوں میں چوکس رہنے اور ضروری کارروائی کرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔

## بچوں کی دیکھ بھال اور علاج

# اپولو نے 'اپولو چلڈرنز' شروع کیا




یو این آئی

نئی دہلی// ملک میں آنے والی نسل کو بہتر علاج فراہم کروانے کیلئے انٹی گریٹیڈ ہیلتھ سروسز دینے والے نیٹ ورک اپولو نے بدھ کو 'اپولو چلڈرنز' لانچ کیا جہاں مختلف بیماریوں کے سلسلے میں بچوں کی دیکھ بھال، جانچ، علاج وغیرہ کی سہولیات دستیاب ہے۔ اپولو کے چیئرمین ڈاکٹر سی ریڈی نے کہا کہ بچوں کی دیکھ بھال کی بات کریں تو گزشتہ 40 سال میں اپولو ایک شاندار شناخت بنانے میں قابل رہا ہے۔ ہماری کوششوں کی وجہ سے اپولو میں نہ صرف ہندوستان بلکہ 50 سے زیادہ ملکوں کے بچوں کو عالمی سطح پر دیکھ بھال کی جا رہی ہے۔ ہمارے ماہر امراض اطفال کے ساتھ اپولو چلڈرن کو ایک ون اسٹاپ ڈسٹی نیشن کے طور پر ڈیزائن کیا ہے جہاں بچوں کو ان کے صحت کے تمام پہلوؤں کے اعلیٰ معیار والی دیکھ بھال ملے گی۔ بچوں کی ترقی کے پورے اسپیکٹرم کو کور کرنے کی ضرورت ہے۔ اسلئے ہمارا مقصد بچوں کو کثیر جہتی اور سب سے اعلیٰ دیکھ بھال فراہم کرنا ہے تاکہ نئے ایام قائم کئے جاسکیں۔ اپولو کی ورکنگ نائب صدر ڈاکٹر پریتا ریڈی نے کہا کہ اپولو میں ہم جو بھی محنت کرتے ہیں اس کا اصل مرکز مریض اور اس کی دیکھ بھال ہے۔ اطفال امراض کے ماہرین کی سب سے بڑی تعداد، ہماری وراثت اور اعلیٰ تکنیک کے ساتھ ہندوستان میں بچوں کی دیکھ بھال کے علاقہ میں ایک انقلاب لانے کے لئے مکمل طور پر تیار ہیں۔

## جی 20 کلچرل ورکنگ گروپ

### تیسرا اجلاس ہمپی میں اختتام پذیر



نئی دہلی// ہندوستان کی زیر صدارت جی-20 فورم کے کلچرل ورکنگ گروپ کا تیسرا اجلاس بدھ کے روز کرناٹک کے ہمپی میں اختتام پذیر ہوا، جس میں سابقہ دو اجلاسوں میں غور و خوض کے بعد پیش کی جانے والی سفارشات پر توجہ مرکوز کی گئی۔ مرکزی وزارت ثقافت کی طرف سے جاری کردہ بیان کے مطابق پیر کے روز شروع ہونے والی میٹنگ کا آخری سیشن، جی 20 ثقافتی وزراء کی آئندہ میٹنگ کے حوالے سے تازہ اطلاعات اور پیش رفت پر بات چیت کے ساتھ اختتام پذیر ہوا۔ جی 20 ثقافتی وزراء کی اگلی میٹنگ 26 اگست کو بنارس میں ہوگی۔ وزارت ثقافت کی طرف سے بیان میں کہا گیا ہے کہ کلچرل ورکنگ گروپ (CWG) ہندوستان کی جی 20 کی صدارت میں پالیسی سازی کے مرکز میں ثقافت کو رکھنے کی کوشش کی گئی ہے۔ بیان کے مطابق، کلچرل ورکنگ گروپ کی تیسری میٹنگ میں، بالترتیب کھجوراہو اور بھونیشور میں منعقد ہونے والی سابقہ دو میٹنگوں کے بعد پیش کی جانے والی سفارشات پر اتفاق رائے پیدا کرنے پر توجہ مرکوز کی گئی"۔

## حج 2023

# چیئر پرسن دہلی حج کمیٹی نے بغیر محرم خواتین کا استقبال کیا

یو این آئی

نئی دہلی// حج 2023 کی ادائیگی کے بعد حجاج کرام کی وطن واپسی کا سلسلہ بدستور جاری ہے۔ اس درمیان دہلی ایمبارکیشن پوائنٹ سے ادائیگی حج کے لیے جانے والے حجاج کرام سعودی ایئر لائنس کی پروازوں سے مسلسل وطن عزیز کو واپس آ رہے ہیں۔ دہلی اسٹیٹ حج کمیٹی کے ایگزیکٹو آفیسر اشفاق احمد عارفی کی جانب سے فراہم کردہ اطلاع کے مطابق اب تک 37 پروازوں سے 13073 حجاج کی واپسی مکمل ہو چکی ہے جبکہ سعودی ایئر لائنس کی فلائٹ نمبر SV-3770 سے 101 بغیر محرم کے خاتون حجاج کی واپسی پر دہلی اسٹیٹ حج کمیٹی کی چیئر پرسن کوثر جہاں نے بدھ کو اندرا گاندھی انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر خواتین حجاج کا خیر مقدم کیا۔ اس موقع پر حج کمیٹی کے ممبر ابھی موجود تھے۔ کوثر جہاں نے دہلی واپس لوٹنے والی بغیر محرم کے خواتین حجاج سے ذاتی طور پر ملاقات کرتے ہوئے پھول مالاؤں سے ان کا والہانہ استقبال کیا۔ اب تک وطن واپس آنے والے کل 13073 حجاج ہیں۔ ان میں بغیر محرم کے خواتین حجاج کی تعداد 101 ہے۔

## گھریلو ملازمین کے حقوق: آئی ایل او نے دہلی میں مہم شروع کی

یو این آئی

نئی دہلی// انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن (آئی ایل او) نے دہلی میں گھریلو ملازمین کے حقوق کے بارے میں بیداری پھیلانے کے لیے ٹریڈ یونینوں، صنعتی انجمنوں اور سول سوسائٹی کی تنظیموں کے ساتھ مل کر ایک عوامی مہم 'دہلی میٹرو' شروع کی ہے۔ آئی ایل او نے بدھ کو یہاں کہا کہ دہلی میٹرو مہم 'گھریلو کام نگہداشت کا کام ہے'۔ ہندوستان میں اقوام متحدہ کے رہائشی کوآرڈی نیٹر شومبے شارپ نے منگل کو دہلی میٹرو کے سلطان پور میٹرو اسٹیشن سے شروع کیا۔ اس موقع پر ہندوستان میں آئی ایل او کے ڈپٹی ڈائریکٹر ساتوشی ساساکی اور ہندوستان میں کینیڈا کے ہائی کمشنر بھی موجود تھے۔ اس موقع پر تقریباً 50 افراد کے ایک گروپ نے بھی جور باغ میٹرو اسٹیشن کا سفر کیا۔

## مانڈویہ دہرادون میں سواستھ چنتن کیمپ کا افتتاح کریں گے

یو این آئی

نئی دہلی// مرکزی وزیر صحت اور خاندانی بہبود ڈاکٹر مانڈویہ جمعہ کو اتراکھنڈ کے دہرادون میں سواستھ چنتن کیمپ کا افتتاح کریں گے۔ صحت اور خاندانی بہبود کی مرکزی وزارت نے بدھ کو یہاں بتایا کہ دو روزہ سواستھ چنتن شیویر کا انعقاد صحت اور خاندانی بہبود کی مرکزی کونسل کے ساتھ مل کر کیا جائے گا۔ صحت اور خاندانی بہبود کے مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر بھارتی پروین پوار اور پروفیسر ایس پی سنگھ بگھیل اس پروگرام میں شامل ہوں گے۔ اس میں مختلف ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے وزرائے صحت کے ساتھ ساتھ وزارت صحت اور ریاستوں کے سینئر عہدیداروں کے شامل ہونے کی امید ہے۔ دو روزہ پروگرام کی شروعات صحت اور خاندانی بہبود کی سنٹرل کونسل کی 14 ویں کانفرنس کی کارروائی رپورٹ پیش کرنے کے ساتھ ہوگا۔ اس کے بعد ملک میں صحت کی دیکھ بھال کے مختلف پہلوؤں پر توجہ مرکوز کرنے والے سیشن ہوں گے۔ یہ سیشن آیوشمان بھارت کے چار پہلوؤں پر روشنی ڈالیں گے، جن میں آیوشمان بھارت، پردھان منتری جن آروگیہ یوجنا (پی ایم جے اے وائی)، آیوشمان بھارت ڈیجیٹل مشن (اے بی ڈی ایم)، صحت اور تندرستی کے مرکز، ساتھ ہی پردھان منتری آیوشمان بھارت ہیلتھ انفراسٹرکچر مشن (پی ایم-اے بی ایچ آئی ایم) شامل ہیں۔ دیگر سیشن قومی تپ دق کے خاتمے کے پروگرام، خسرہ، روبیلا کے خاتمے اور ہندوستان میں پی سی پی این ڈی ٹی ایکٹ کے نفاذ پر مرکوز ہوں گے۔

### یونیفارم سول کوڈ

### جمعیت علماء ہند کا احتجاج جاری

### جمعہ کو 'یوم دعا' کا اعلان

نئی دہلی// یونیفارم سول کوڈ (یو سی سی) نافذ کرنے کی کوششوں پر جمعیۃ علماء ہند نے مخالفت تیز کر دی ہے۔ جمعیت نے یونیفارم سول کوڈ کو لے کر پرامن اور اجتماعی احتجاجی مظاہرہ درج کرانے کیلئے جمعہ کو 'یوم دعا' منانے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس کے لیے جمعیت کی طرف سے مقامی کمیونٹی گروپس، علماء اور مساجد کے ائمہ کرام کو اپنے اپنے علاقوں میں خصوصی دعاؤں کا اہتمام کرنے کے لیے کہا گیا ہے۔ جمعیۃ علماء ہند کے جنرل سکریٹری حکیم الدین قاسمی نے کہا کہ "ہم امن اور اتحاد کیلئے یوم دعا منعقد کرنے جا رہے ہیں"۔ جمعیۃ کے اتر پردیش سکریٹری قاری ذاکر حسین قاسمی نے کہا "ہم یونیفارم سول کوڈ کو منظور نہیں کریں گے۔

## انتخابی اداروں کا عالمی اجلاس

# ایک دوسرے کے تجربات ہمیں سیکھنے کے قابل بناتے ہیں: چیف الیکشن کمشنر

یو این آئی

نئی دہلی// چیف الیکشن کمشنر راجیو کمار نے کہا ہے کہ گلوبل فیڈریشن آف الیکشن مینجمنٹ باڈیز (ای ایم بی ایس) مختلف ممالک کے انتخابی انتظامی اداروں کے درمیان تعاون کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے اور اس سلسلے میں ایک دوسرے کے تجربات اور بہترین عمل ہمیں سیکھنے کے قابل بناتے ہیں۔ کارٹاجینا، کولمبیا میں ایسوسی ایشن آف ورلڈ الیکشن باڈیز (اے۔ڈبلیو ای بی) کے ایگزیکٹو بورڈ کے 11 ویں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کمار نے اس بات پر زور دیا۔ ڈبلیو ای بی جیسے پلیٹ فارم کے ذریعے انتخابی ادارے جعلی خبروں جیسے سنگین چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے مل کر کام کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کے چیلنجز دنیا بھر میں انتخابات کی شفافیت کو متاثر اور متاثر کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ فیڈریشن آف ورلڈ الیکشن باڈیز دنیا بھر میں انتخابی انتظامی اداروں کی سب سے بڑی انجمن ہے، جس میں 119 ای ایم بی اراکین اور 20 علاقائی فیڈریشنز/تنظیمیں بطور ایسوسی ایٹ ممبر ہیں۔ کمار نے اس دورے کے دوران الیکشن کمیشن کے تین رکنی وفد کی قیادت کی۔ جمعرات کو نیشنل سول رجسٹری، کولمبیا کی جانب سے "علاقائی انتخابات 2023 کے چیلنجز پر ایک عالمی تناظر" کے موضوع پر ایک بین الاقوامی کانفرنس بھی منعقد کی جائے گی۔ ایگزیکٹو بورڈ کی میٹنگ میں ہونے والی بات چیت کے دوران، شرکاء نے 2023-24 کے دوران اے۔ڈبلیو ای بی کے ذریعے شروع کیے جانے والے پروگراموں اور سرگرمیوں پر تبادلہ خیال کیا، اے۔ڈبلیو ای بی کی سالانہ پیش رفت رپورٹ اور اے۔ڈبلیو ای بی انڈیا سینٹر سمیت اس کے علاقائی دفاتر، بجٹ اور رکنیت اور متعلقہ موضوعات سمیت مختلف مسائل پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ کمار نے ای سی آئی کی ان تجاویز کو میٹنگ میں ایجنڈا کے دیگر آئٹمز کے علاوہ ایک A-ویب پورٹل قائم کرنے کے لیے اٹھایا جو انتخابی انتظام کے مختلف پہلوؤں میں ممبر ای ایم بی کی طرف سے اٹھائے گئے انتخابی بہترین طریقوں اور اقدامات کے ذخیرے کے طور پر کام کرے گا۔ دوسرا، ای ایم بی کے لیے اے۔ڈبلیو ای بی گلوبل ایوارڈز قائم کرنا جنہوں نے جمہوری عمل میں اہم شراکت کی ہے اور اہم اقدامات کیے ہیں۔ دونوں تجاویز کو ایگزیکٹو بورڈ نے منظور کر لیا۔ ای سی آئی کے وفد میں ڈپٹی الیکشن کمشنر منوج ساہو، ڈپٹی الیکشن کمشنر شری انوج چانڈک، جوائنٹ ڈائریکٹر بھی شامل تھے۔ میٹنگ کے دوران ساہو نے 2022-23 کے دوران انڈیا اے-ویب سنٹر کی سرگرمیوں پر ایک مختصر پیشکش کی۔

## یوکرین کوکلسٹر بموں کی فراہمی

# ٹرمپ کی مخالفت، جو بائیڈن پر تنقید

عظمیٰ نیوز ڈیسک

دبئی// سابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے یوکرین کو کلسٹر ہتھیاروں کی فراہمی کی مخالفت کا اعلان کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ امریکی صدر جو بائیڈن کو یوکرین کو کلسٹر گولہ بارود فراہم کر کے ہمیں تیسری جنگ عظیم کے طرف نہیں دھکیلنا چاہئے"۔سابق صدر کے میڈیا آفس کی طرف سے جاری کردہ ایک بیان میں کہا گیا ہے یوکرین کو کلسٹر ہتھیاروں کی فراہمی کے خطرناک نتائج سامنے آسکتے ہیں۔خیال رہے کہ ٹرمپ آئندہ سال امریکا میں ہونے والے صدارتی الیکشن میں حصہ لینے کی مہم چلا رہے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ "صدر کو جنگ کو روکنے اور ایک نااہل انتظامیہ کی وجہ سے ہونے والی خوفناک موت اور تباہی کو روکنے کی کوشش کرنی چاہیے۔"ٹرمپ نے کہا کہ اگر کلسٹر گولہ بارود کی ترسیل امریکا میں روایتی جنگی سازوسامان کی کمی کی وجہ سے تھی تو یہ اسے فوری طور پر بند ہونا چاہیے۔ٹرمپ نے مزید کہا کہ "اس کا یقینی طور پر مطلب یہ ہے کہ ہمیں اپنے آخری ذخیرے کو ایسی صورتحال میں یوکرین نہیں بھیجنا چاہئے جہاں بدعنوان جو بائیڈن کے مطابق ہمارے اپنے اسلحہ خانے کو خطرناک حد تک کم کردیا گیا ہے۔"امریکی قومی سلامتی کے مشیر جیک سلیوان نے کل منگل کو ایک بیان میں کہا تھا کہ نیٹو کے بہت سے رکن ممالک یوکرین کو کلسٹر گولہ بارود فراہم کرنے کے امریکی فیصلے سے متفق نہیں ہیں، لیکن یہ اتحاد کی صفوں میں تقسیم کا باعث نہیں بنتا۔

## ہمارے کلسٹر بم امریکی

# کلسٹر بموں سے زیادہ طاقتور ہیں: روس

یو این آئی

ماسکو// روس کے وزیر دفاع سرگے شوئے گو نے کہا ہے کہ "روس کے کلسٹر بم زیادہ طاقتور ہیں۔اگر امریکہ نے یوکرین کو کلسٹر بم بھیجے تو جواباً روس مسلح افواج بھی یوکرین مسلح افواج کے خلاف یہی اسلحہ استعمال کرنے پر مجبور ہو جائے گی"۔روس ذرائع ابلاغ کے لئے جاری کردہ بیان میں شوئے گو نے کہا ہے کہ یوکرینی فوج جوابی حملوں کے معاملے میں کسی بھی حوالے سے اپنے اہداف تک نہیں پہنچ سکی۔انہوں نے کہا ہے کہ 4 جون سے اب تک دشمن 26 ہزار سے زائد فوجیوں کی ہلاکت کا اور 3 ہزار سے زائد متفرق اسلحے کی تباہی کا نقصان برداشت کر چکا ہے۔اس زمانی عرصے میں روسی فوج نے یوکرین کے 21 طیارے، 5 ہیلی کاپٹر، 1244 ٹینک اور بکتر بند گاڑیاں، جرمن ساختہ 17 لیپرڈ ٹینک، فرانس ساختہ 5 ٹینک اور امریکہ ساختہ 12 محارب بکتر بند گاڑیاں تباہ کردی ہے۔ان کے علاوہ 914 اسپیشل فوجی گاڑیاں، 2 یئر ڈیفنس میزائل سسٹم، 25 ملٹی بیرل راکٹ لانچر، پولینڈ، امریکہ اور فرانس کی بنی ہوئی 403 ہوٹزر اور مارٹر توپوں کو بھی تباہ کردیا گیا ہے۔

## قرآن کی بے حرمتی کیخلاف

# انسانی حقوق کونسل میں قرارداد منظور

نیویارک// اقوام متحدہ کی کونسل برائے انسانی حقوق میں اسلامی ممالک کی جانب سے مذہبی منافرت کے خلاف پیش کی جانے والی قرارداد پر منگل کو ہونے والی بحث کے بعد بدھ کو ووٹنگ کے ذریعے قرارداد منظور کرلی گئی ہے۔خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق قرارداد کے حق میں 28 ممالک نے ووٹ دیا، 12 نے مخالفت کی جبکہ سات ممالک نے ووٹنگ کے عمل میں حصہ نہیں لیا۔رائٹرز کے مطابق اس قرارداد کی امریکہ اور یورپی یونین نے مخالفت کی، جن کا کہنا ہے کہ یہ انسانی حقوق اور آزادی اظہار کے بارے میں ان کے نقطہ نظر سے متصادم ہے۔کونسل برائے انسانی حقوق کے ہنگامی اجلاس میں منگل کو سویڈن میں قرآن کو نذر آتش کیے جانے کے واقعے پر بحث ہوئی تھی جس میں پاکستان، سعودی عرب اور ایران سمیت دیگر اسلامی ممالک نے مسلمانوں کی مقدس کتاب کی بے حرمتی کو مذہبی منافرت کو ہوا دینے کے مترادف قرار دیتے ہوئے جوابدہی کا مطالبہ کیا تھا۔پاکستان کی قرارداد کے مسودے میں مذہبی منافرت کے تمام مظاہر کی مذمت کی گئی ہے اور ذمہ داروں کو احتساب کے کٹہرے میں لانے کی ضرورت پر زور دیا گیا ہے۔اس قرارداد میں ریاستوں پر زور دیا گیا ہے کہ وہ مذہبی منافرت کی کارروائیوں اور حمایت سے نمٹنے، اسے روکنے اور ان پر مقدمہ چلانے کے لیے قوانین اپنائیں جو کہ امتیازی سلوک، دشمنی یا تشدد پر اکسانے کے مترادف ہیں'۔اس میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ اقوام متحدہ کے کونسل برائے انسانی حقوق کے سربراہ وولکر ترک منگل کو ہوئی بحث کی روشنی میں ممالک کے قوانین میں خامیوں کی نشاندہی کریں۔اظہار رائے کی آزادی کے بارے میں فکرمند 47 رکنی کونسل کے کچھ مغربی ممالک نے نظرثانی شدہ الفاظ کا مطالبہ کیا تھا۔فرانسیسی خبر رساں ایجنسی اے ایف پی کے مطابق پاکستان کی جانب سے پیش کی گئی قرارداد پر منگل کو بحث کے بعد امریکہ، برطانیہ سمیت یورپی ممالک نے قرآن کو نذر آتش کرنے کی مذمت کرتے ہوئے ووٹنگ سے خود کو باہر کرلیا تھا جبکہ لندن اور واشنگٹن نے کہا کہ اگر وہ ووٹ کرتے تو قرارداد کے مسودے کے خلاف کرتے۔چار گھنٹے کی بحث کے بعد منگل کو ووٹنگ ہونے ہی والی تھی، تاہم، وقت ختم ہوگیا، جس کے بعد اب بدھ کو صبح 10:00 بجے کونسل کا اجلاس دوبارہ شروع ہوگا۔پاکستان کے وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے بذریعہ ویڈیو لنک جنیوا کونسل کو بتایا کہ 'ہمیں یہ واضح طور پر دیکھنا چاہیے کہ یہ کیا ہے؟ مذہبی منافرت پر اکسانے، امتیازی سلوک اور تشدد کو ہوا دینے کی کوشش'۔ویڈیو لنک کے ذریعے سیشن سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 'قرآن پاک کی جان بوجھ کر بے حرمتی حکومتی اجازت کے تحت اور معافی کے احساس بغیر جاری ہے' اور یہ کہ اس طرح کی کارروائیاں 'زیادہ سے زیادہ اشتعال انگیزی' کے لیے کی گئیں۔انہوں نے کہا کہ 'ہمیں اس کی مذمت میں اکٹھا ہونا چاہیے اور نفرت کو ہوا دینے والوں کو الگ تھلگ کرنا چاہیے'۔بلاول بھٹو نے مزید کہا کہ 'قرآن پاک کی بے حرمتی کے سرعام اور سوچے سمجھے عمل سے مسلمانوں کو پہنچنے والے گہرے نقصان کو سمجھنا ضروری ہے۔یہ ان کے ایمان پر حملہ ہے'۔ایران، سعودی عرب اور انڈونیشیا کے وزرا کی طرف سے اس کی حمایت کی گئی اور اسے 'اسلام فوبیا' کا فعل قرار دیا گیا۔جرمنی کی سفیر کیتھرینا سٹاش نے قرآن نذر آتش کرنے کے عمل کو 'خوفناک اشتعال انگیزی' قرار دیتے ہوئے اس کی مذمت کی۔ساتھ ہی انہوں نے کہا: 'آزادی اظہار کا مطلب بعض اوقات ایسی رائے کو برداشت کرنا بھی ہوتا ہے جو تقریباً ناقابل برداشت لگتی ہیں'۔فرانس کے ایلچی نے کہا کہ انسانی حقوق لوگوں کے تحفظ سے متعلق ہیں نہ کہ مذاہب اور ان کی علامتوں کے۔اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کے سربراہ وولکر ترک نے کونسل کو بتایا کہ مسلمانوں کے علاوہ دیگر مذاہب یا اقلیتوں کے خلاف اشتعال انگیز کارروائیاں 'جارحانہ، غیر ذمہ دارانہ اور غلط' ہیں۔



# نیٹو نے یوکرین کو ہری جھنڈی دکھادی

بیلجیم/ یو این آئی/ نیٹو میں شامل ممالک نے یوکرین کو فوجی اتحاد میں شمولیت کے لیے کوئی ٹائم فریم دینے سے واضح انکار کردیا ہے۔غیر ملکی میڈیا کے مطابق نیٹو کا سربراہی اجلاس یورپی ملک لیتھوینیا میں جاری ہے جس میں نیٹو ممبر ممالک نے یوکرین کو فوجی اتحاد میں شمولیت کا ٹائم فریم دینے سے یکسر انکار کردیا ہے۔نیٹو نے واضح کیا ہے کہ جیسے ہی یوکرین نیٹو میں شمولیت کی شرائط پر پورا اترے گا تو اتحادی ارکان کی منظوری سے یوکرین کو اس فوجی اتحاد کی رُکنیت دے دی جائے گی۔دوسری جانب یوکرینی صدر زیلنسکی نے نیٹو رُکنیت میں تاخیر کو غیر منطقی قرار دیدیا ہے۔

## جنوبی کوریا اور نیٹو ایک نیا اتحاد بنانے پر متفق

سیول/ یو این آئی/ جنوبی کوریا اور نیٹو ایک نیا اتحاد بنانے پر متفق ہو گئے ہیں۔یونہاپ کی خبر کے مطابق جنوبی کوریا کے صدر یون سک۔یول اور نیٹو کے سیکرٹری جنرل ژینز اسٹالٹن برگ کے درمیان، دہشت گردی کے خلاف جدو جہد اور سائبر دفاع سمیت 11 مختلف شعبوں میں تعاون کے لئے ایک نیا اتحاد بنانے کے موضوع پر سمجھوتہ طے پا گیا ہے۔خبر کے مطابق جنوبی کوریا صدارتی دفتر نے جاری کردہ بیان میں لتھوانیا کے دارالحکومت ویلنیوس میں منعقدہ نیٹو سربراہی اجلاس کے دوران صدر یون اور سیکرٹری جنرل ژینز اسٹالٹن برگ کے درمیان ملاقات کا اعلان کیا ہے۔صدارتی دفتر نے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ یون اور اسٹالٹن برگ نے باہمی تعاون کو اتحاد کی سطح پر لانے کے لئے انسداد دہشت گردی، سائبر سیکورٹی اور جوہری اسلحے کے سدباب سمیت 11 مختلف شعبوں میں تعاون کے فروغ کے لئے ایک نئے اتحاد کی تشکیل کا سمجھوتہ طے کیا ہے۔بیان کے مطابق تعاون کے فروغ سے جنوبی کوریا، نیٹو کی انسداد دہشت گردی مشقوں میں شامل ہو سکے گا اور نیٹو کے ساتھ مشاورتی یونٹ قائم کر سکے گا۔علاوہ ازیں انڈو۔پیسیفک علاقے میں سکیورٹی کے فروغ کے لئے جاپان، آسٹریلیا، نیوزی لینڈ اور نیٹو کے ساتھ ہمیشہ سے کہیں زیادہ تعاون کیا جا سکے گا۔مزید کہا گیا ہے کہ سمجھوتے کے ذریعے نیٹو اور جنوبی کوریا کے درمیان سیاسی و عسکری مشاورت کی جائے گی، اعلیٰ سطحی اجلاس کئے جائیں گے اور جدید ٹیکنالوجی اور سائبر دفاع کے بارے میں نیٹو مذاکرات میں جنوبی کوریا کی فعال شرکت کو یقینی بنایا جائے گا۔

## اردگان۔سانچز ملاقات

انقرہ/ یو این آئی/ ترکیہ کے صدر رجب طیب اردگان نے لتھوانیا کے دارالحکومت ویلنیوس میں منعقدہ نیٹو سربراہی اجلاس کے دوران اسپین کے وزیر اعظم پیدرو سانچز کے ساتھ ملاقات کی۔مذاکرات لائٹ ایکسپو کنونشن سینٹر میں ہو رہے ہیں اور نیٹو سربراہی اجلاس کے دوسرے دن بھی جاری ہیں۔دوطرفہ وفود کی شرکت سے منعقدہ مذاکرات میں ترکیہ کا وفد، وزیر خارجہ خاقان فیدان، قومی خفیہ ایجنسی کے سربراہ ابراہیم قالن، صدارتی محکمہ اطلاعات کے سربراہ فخر الدین آلتون اور صدارتی مشیر عاکف چغتائی قلیچ پر مشتمل ہے۔


### GOVERNMENT OF JAMMU & KASHMIR
### OFFICE OF THE EXECUTIVE ENGINEER, TRANS. LINE MAINTT. DIVISION-7
### JKPTCL BEMINA, SRINAGAR-190010

**EXTENSION NOTICE-III**

Due to poor response, the last date for submission of bids in respect of e-NIT No.TLMD-7/04 of 2023 dated: 27-05-2023 for Execution of Civil works viz Development of inner road, Lawn development, Compound walling, Canopy and up-gradation of Water supply at 132/33kV Grid Station Patushahi Bandipora (Under PMRP-05) is hereby extended with revised critical dates as under.

| | | |
|---|---|---|
| 1 | Existing end date for e-bid submission | 10-07-2023 (14:00 Hrs) |
| 2 | Revised e-bids submission end date and time | 17-07-2023 (14:00 Hrs) |
| 3 | Online techno commercial e-bid opening date and time | 18-07-2023 (16:00 Hrs) |

All other terms and conditions of e-NIT will remain same.

DIPK-NB-1914-23
DT: 12-07-2023

Sd/ Executive Engineer
TLMD-7 Srinagar



### GOVERNMENT OF JAMMU & KASHMIR
### OFFICE OF THE DIVISIONAL FOREST OFFICER
### SEED DEVELOPMENT DIVISION, SRINAGAR

**EXTENSION NOTICE**

**Reference to:- e-NIT NO: - 05 OF 2023-24 DATED: 17-06-2023**

**Name of Work:- Collection of viable seed**

| Sr. No | Particulars of Work | Adv. cost (Rs. in Lakh) |
|---|---|---|
| 1 | Collection of 170 Kgs of viable seed of current year from the approved / established seed production areas of Kashmir Valley Forests and supply of the same to Divisional Officer Seed Development Division, SFRI Complex, Sonwar, Srinagar. (CAPEX) | 1.70 |
| 2 | Collection of 150 Kgs of viable seed of current year from the approved / established seed production areas of Kashmir Valley Forests and supply of the same to Divisional Officer Seed Development Division, SFRI Complex, Sonwar, Srinagar. (CAPEX) | 1.50 |

Due to poor response the critical dates for above noted works are hereby extended as per the schedule mentioned below: -

| | |
|---|---|
| Bid submission End Date: | 21-07-2023 up to 04:00 PM |
| Date of Opening of Technical Bid through online: | 22-07-2023 at 04:00 PM in the office of the Divisional Forest Officer Seed Development Division Srinagar |
| Date of Opening of Financial Bid through online: | To be opened (Online) at any convenient date and time after complete evaluation of Technical Bids received |

All other terms and conditions shall remain same.

DIPK-5002-23
DT: 12-07-2023

Sd/ Divisional Forest Officer
Seed Development Division
Srinagar


# سوڈان کے ایک بازار میں گولہ باری، 34 ہلاک

عظمیٰ نیوز ڈیسک

دبئی// سوڈان میں فوج کے دو متحارب فریقین کے درمیان جاری لڑائی کے دوران خرطوم ریاست میں وزارت صحت نے اطلاع دی ہے کہ ام درمان کے ایک مشہور بازار میں اندھا دھند گولہ باری سے بچوں سمیت 34 افراد ہلاک ہو گئے ہیں۔دوسری طرف سوڈان کی سرکاری فوج اور منحرف سریع الحرکت فورسز (آر ایس ایف) نے اس حملے میں ایک دوسرے کو مورد الزام ٹھہرایا ہے۔خبر رساں ادارے 'رائیٹرز' کے مطابق محکمہ صحت کے حکام نے بتایا کہ مرنے والوں میں زیادہ تر (الملجہ) مارکیٹ کے تاجر اور ٹرانسپورٹ گاڑیوں کے مالک تھے۔ایک متعلقہ سیاق وسباق میں العربیہ اور الحدث کینامہ نگار نے بتایا کہ "سوڈانی پولیس فورسز ام درمان کے کرری علاقے میں واپس آگئی ہیں۔اس علاقے میں حالیہ جھڑپوں کے دوران ریپڈ سپورٹ فورسز پسپا ہوگئی ہیں۔ویڈیوز اور تصاویر میں علاقے میں متعدد فورسز کی تعیناتی کو دکھایا گیا ہے۔سوڈانی فوج کی مسلسل معیاری کارروائیوں اور ام درمان کے جنوب میں تقریباً روزانہ کی تلاشی کی وجہ سے 'آر ایس ایف' کے جنگجوؤں کو پسپائی پر مجبور کیا ہے۔ام درمان میں جاسوسی طیارے بھی پرواز کر رہے ہیں تاہم مجموعی طور پر یہ علاقہ اکا دکا جھڑپوں کے سوا نسبتا پرسکون ہے۔ام درمان کے جنوب میں واقع علاقے "الشقلہ" کے مرکزی ٹرانسپورٹ اسٹیشن سے آنے والوں کا کہنا تھا کہ اسٹیشن خالی تھا۔


ازعدالت ایڈیشنل سپیشل موبائل مجسٹریٹ کولگام باجلاس منیر احمد بٹ

اشتہار برائے آگاہی ہر خاص وعام

| | | |
|---|---|---|
| محمد مقبول رینہ | بنام | Registrar Births & Deaths BDO Kulgam |

درخواست بغرض اندارج تاریخ پیدائش 1950-05-11 بحق محمد مقبول رینہ شوہر حسین بانو ساکن ارہ کولگام

معاملہ مندرجہ عنوان الصدر میں سائل/ سائلہ عدالت ہذا میں ایک درخواست بشمول بیان حلفی بغرض اندراج تاریخ پیدائش حسین بانو زوجہ محمد مقبول رینہ ساکن ارہ کولگام مورخہ 07-07-2023 پیش کی ہے۔لہذا عوام الناس کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے۔اس بارے میں اگر کسی کو کوئی عذر ہو یا اعتراض ہونے کی صورت میں اپنے عذرات اشاعت اشتہار ہذا سے سات یوم عدالت میں آکر پیش کریں۔بعد گزرنے معیاد کوئی بھی عذر قابل قبول نہیں ہوگا۔تاریخ آئندہ عدالت ہذا میں مورخہ 19-07-23 کو مقرر ہے۔تحریر الصدر

ایڈیشنل سپیشل موبائل مجسٹریٹ کولگام



**از عدالت جوڈیشل مجسٹریٹ درجہ اول ٹنگڈار کرناہ**

**باجلاس: فیضان نظر صاحب**

نفیزہ بیگم زوجہ غلام نبی پرے ساکنہ حاجی ناڑ کرناہ

**بنام**: رجسٹرار برتھ اینڈ ڈیتھس

**درخواست بغرض اندراج تاریخ پیدائش**

نام: محمد عثمان پرے ولد غلام نبی پرے ساکنہ حاجی ناڑ


تاریخ پیدائش: 10-03-2015

معاملہ مندرجہ عنوان الصدر میں سائل / سائلہ نے عدالت ہذا میں درخواست بغرض اندراج تاریخ پیدائش محمد عثمان پرے مورخہ 26-06-2023 پیش کی ہے۔لہٰذا عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ نسبت درخواست کوئی عذر یا اعتراض ہونے کی صورت میں عذرات اشاعت اشتہار کے اندر دس یوم عدالت ہذا میں آکر پیش کرے۔بعد از گزرنے معیاد کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔تاریخ آئندہ 25-07-2023 مقرر ہے۔

**تحریر الصدر** جوڈیشل مجسٹریٹ درجہ اول ٹنگڈار کرناہ


# عالمی مالیاتی فنڈ کا پاکستان کو انتباہ

## شرائط پر عمل نہ کیا تو آئندہ اس سے زیادہ سخت شرائط ہونگی



یو این آئی

اسلام آباد// پاکستانی وزارت خزانہ اور عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے درمیان گردشی قرضہ کنٹرول کرنے کا پلان طے ہوگیا، آئی ایم ایف نے شرائط مکمل نہ ہونے کی صورت میں آئندہ معاہدے کے لیے بھی خبردار کردیا۔ذرائع کے مطابق رواں مالی سال پاور سیکٹر کا گردشی قرضہ 2340 ارب روپے پر روکا جائے گا، گردشی قرضہ کم کرنے کے لیے 400 ارب سے زائد جاری کرنے کی منظوری دی گئی ہے، گردشی قرضہ کم کرنے کے لیے یہ رقم اقساط میں جاری کی جائے گی۔ذرائع وزارت خزانہ کا کہنا ہے کہ مجموعی طور پر رواں مالی سال گردشی قرضے میں 122 ارب روپے کا اضافہ ہوگا تاہم آئندہ مالی سال گردشی قرضے میں کوئی اضافہ نہ ہونے کا پلان آئی ایم ایف کو دیا گیا ہے۔ذرائع کے مطابق گردشی قرضہ کنٹرول کرنے کے لیے بجلی کی قیمتوں میں اضافہ اور ریکوریز بہتر کی جائیں گی، آئی ایم ایف کے ساتھ شیئر پلان کے مطابق بجلی کی قیمتوں میں اضافہ کیا جا رہا ہے۔ذرائع نے بتایا ہے کہ آئی ایم ایف نے وزارت خزانہ کا گردشی قرضہ روکنے کا پلان منظور کرلیا ہے۔تاہم آئی ایم ایف نے خبردار بھی کیا ہے کہ گردشی قرضہ کنٹرول نہ کیا تو معاہدے کی خلاف ورزی ہوگی اور شرائط پر عمل درآمد نہ کیا گیا تو آئندہ معاہدے کے لیے اس سے زیادہ سخت شرائط ہوں گی۔خیال رہے کہ پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان 9 ماہ کے لیے 3 ارب ڈالر کا اسٹینڈ بائی معاہدہ طے پایا ہے جس کے تحت آئی ایم ایف کا ایگزیکٹو بورڈ پاکستان کے لیے 1.1 ارب ڈالر کی قسط جاری کرنے کی منظوری دے گا۔


### NATIONAL INSTITUTE OF TECHNOLOGY
**SRINAGAR HAZRATBAL SRINAGAR (J&K)-1900067**

RESULT NOTIFICATION NO. 150/NIT/Ph.D./FOE/ECE/2023

DATED: 07-07-2023



It is hereby notified that Mr. Suhail Ahmad, S/o Mohammad Shafi, Enrolment No: 2015-Ph.D.-FOE-Autumn-53, bearing Registration No. NIT-Ph.D.-201-2015, pursued Research Programme in the Department of Electronics & Communication Engineering, National Institute of Technology Srinagar, Hazratbal, (J&K). He has submitted his thesis entitled "Enhancing Reliability and Security in Software Defined Networks" under the supervision of Dr. Ajaz Hussain Mir, Professor (HAG), Department of Electronics & Communication Engineering, NIT, Srinagar. He is declared qualified for the award of Ph.D. Degree in the Faculty of Engineering (FOE), National Institute of Technology Srinagar.

**Date of Viva-Voce: 22-06-2023**

**Errors & Omissions Excepted**

**No. NIT/ADE/Ph.D/Result/23/1700-15** **Dated: 10-07-2023**

**Sd/- Associate Dean Examination**

A.C



**از عدالت جوڈیشل مجسٹریٹ درجہ اول ٹنگڈار کرناہ**

**باجلاس: فیضان نظر صاحب**

منظور احمد پرے

**بنام**: رجسٹرار برتھ اینڈ ڈیتھس

**درخواست بغرض اندراج تاریخ پیدائش**

نام: عطیہ منظور دختر منظور احمد پرے ساکنہ حاجی ناڑ کرناہ

تاریخ پیدائش: 29-04-2016

معاملہ مندرجہ عنوان الصدر میں سائل / سائلہ نے عدالت ہذا میں درخواست بغرض اندراج تاریخ پیدائش عطیہ منظور مورخہ 26-06-2023 پیش کی ہے۔لہٰذا عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ نسبت درخواست کوئی عذر یا اعتراض ہونے کی صورت میں عذرات اشاعت اشتہار کے اندر دس یوم عدالت ہذا میں آکر پیش کرے۔بعد از گزرنے معیاد کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔تاریخ آئندہ 24-07-2023 مقرر ہے۔

**تحریر الصدر** جوڈیشل مجسٹریٹ درجہ اول ٹنگڈار کرناہ


## ترکیہ کا مضبوط فضائیہ نیٹو کے مفاد میں: امریکہ

یو این آئی

واشنگٹن// امریکہ کے وزیر خارجہ انتھونی بلنکن نے کہا ہے کہ "ترکیہ کے پاس جدید ایف۔ 16 طیاروں کی موجودگی امریکہ اور نیٹو کے مفاد میں ہے"۔بلنکن نے، ویلنیوس میں نیٹو سربراہی اجلاس کے دوران امریکی ٹیلی ویژن ایم ایس این بی سی کے لئے انٹرویو میں ترکیہ کو ایف۔ 16 طیاروں کی فراہمی اور اس کے لئے امریکی کانگریس کی منظوری سے متعلق سوالات کے جواب دیئے ہیں۔بلنکن نے کہا ہے کہ "ترکیہ کا یہ طیارے حاصل کرنا امریکہ اور نیٹو کے مفاد میں ہے۔پورے اتحاد میں جو ہم کررہے ہیں وہ بھی ٹھیک یہی تو ہے کہ تمام اتحادی ممالک کے پاس وہ سب ٹیکنالوجی موجود ہو جس کی وہ ضرورت محسوس کررہے ہیں"۔اس سوال کے جواب میں کہ ترکیہ کے ہاتھ ایف۔ 16 کی فروخت کے بارے میں کانگریس کے ہر دو شاخوں کی طرف سے اٹھائے گئے اعتراضات کو کیسے حل کیا جائے گا؟

# جوکووچ 24 ویں گرینڈ سلیم سے دو قدم دور

عظمیٰ سپورٹس ڈیسک

لندن// سربیا کے تجربہ کار ٹینس کھلاڑی نوواک جوکووچ نے سال کے تیسرے اور مجموعی طور پر 24 ویں گرینڈ سلیم ٹائٹل کی طرف ایک قدم بڑھاتے ہوئے ومبلڈن 2023 کے سیمی فائنل میں رسائی حاصل کرلی ہے۔ منگل کو کھیلے گئے کوارٹر فائنل میں جوکووچ نے پچھڑ کر واپسی کرتے ہوئے روس کے آندرے روبلیو کو 4—6، 6—1، 6—4، 6—3 سے شکست دی۔ فائنل میں جگہ کے لیے جوکووچ کا مقابلہ آٹھویں سیڈ اٹلی کے جینک سینر سے ہوگا۔ سینر نے روس کے رومن سیفیولین کو 6—4، 3—6، 6—2، 6—2 سے شکست دے کر اپنے پہلے گرینڈ سلیم سیمی فائنل میں جگہ بنائی۔ جوکووچ اپنے 46 ویں



بڑے سیمی فائنل میں کھیل رہے ہیں، سب سے زیادہ سیمی فائنل میں شرکت کے لیے راجر فیڈرر کے مینز سنگلز ریکارڈ کی برابری کریں گے۔ دوسری جانب 25 سالہ روبلیو اپنے آٹھویں بڑے کوارٹر فائنل میں کھیل رہے تھے لیکن پھر بھی وہ اپنے پہلے سیمی فائنل کی تلاش میں ہیں۔ کسی کھلاڑی نے اوپن دور میں جیت کے بغیر اتنے گرینڈ سلیم کوارٹر فائنل نہیں کھیلے۔ روبلیو کا آسٹریلین اوپن کے کوارٹر فائنل میں بھی جوکووچ سے مقابلہ ہوا جہاں سربیا نے کامیابی حاصل کی۔ جوکووچ نے روبلیو کے بارے میں کہا کہ "جب میں نے گرینڈ سلیم میں ان کا سامنا کیا تو وہ اپنی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کر رہے تھے۔ یہ وہ چیز ہے جس کی ان جیسے کھلاڑی سے توقع کی جاتی ہے۔ وہ کھیل کے لیے بہت وقف ہے اور ہمیشہ بہتری کے لیے کوشاں رہنے کی کوشش کرتے ہیں۔" انہوں نے کہا کہ میں بلاشبہ ان کے کھیل میں بہتری دیکھ سکتا ہوں۔ میرے خیال میں اس نے آج بہت اچھا ٹینس کھیلا ہے۔ وہ بہت دباؤ ڈال رہا تھا، بہت تیز کھیل رہا تھا۔

## ویمن ایونٹ کے کوارٹر فائنلز میں اپ سیٹ

عظمیٰ سپورٹس ڈیسک

نئی دہلی// ومبلڈن ٹینس چمپئن شپ کے ویمن ایونٹ کے کوارٹر فائنلز میں اپ سیٹ ہوگئے۔ ایونٹ کی ٹاپ سیڈ اور عالمی نمبر ایک ایگا سیویا ٹیک اور نمبر چار سیڈ جیسیکا پیگیولا ان سیڈڈ کھلاڑیوں سے ہار گئیں۔ لندن کے آل انگلینڈ کلب میں جاری ایونٹ میں منگل کو ویمن ایونٹ کے دو کوارٹر فائنلز ہوئے جوسنسنی خیز مقابلوں کے بعد ان سیڈڈ کھلاڑیوں کی جیت پر ختم ہوئے۔ عالمی نمبر ایک اور ٹاپ سیڈ پولینڈ کی ایگا سیویا ٹیک کو ان سیڈڈ



یوکرین کی ایلینا سویتولینا نے تین سیٹ کے مقابلے کے بعد 5—7، 7—6 اور 2—6 سے شکست دی۔ ایک اور کوارٹر فائنل میں نمبر چار سیڈ جیسیکا پیگیولا ان سیڈڈ پلیئر مارکیٹا وونڈروسووا سے 4—6، 6—2، 6 اور 4—6 سے شکست کھاگئیں۔ دونوں فاتح کھلاڑی سیمی فائنل میں مدمقابل آئیں گی۔

## 2027 کے بعد ون ڈے کرکٹ نہ کے برابر رہیگی
### توجہ ٹیسٹ اور ٹی۔20 کرکٹ پر مرکوز ہوگی

عظمیٰ سپورٹس ڈیسک

لندن// کرکٹ کے قوانین کے نگہبان میریلیبون کرکٹ کلب (ایم سی سی) نے ٹیسٹ کرکٹ اور خواتین کرکٹ کو بچانے کے لئے زیادہ فنڈ فراہم کرنے کا مطالبہ کرنے کے ساتھ ساتھ 2027 کے بعد ون ڈے کرکٹ کو "نمایاں طور پر کم کرنے" کا



مشورہ دیا ہے۔ کرکٹ کو درپیش مسائل پر بحث کے لیے سال میں دو بار اجلاس کرنے والی ایم سی سی ورلڈ کمیٹی کے چیئرمین مائیک گیٹنگ نے کہا ہے کہ "عالمی کھیل کو بحال کرنے کا وقت آ گیا ہے"۔ کمیٹی کے موجودہ اور سابق کھلاڑیوں کے مطابق کرکٹ کھیلنے والے ممالک کے درمیان موجود مالی عدم توازن ہندوستان، انگلینڈ اور آسٹریلیا سے باہر ٹیسٹ کرکٹ کی عملداری پر دباؤ ڈال رہا ہے۔ ٹیسٹ کے انعقاد کی لاگت کے بارے میں کافی اعداد و شمار کی کمی کی وجہ سے ایم سی سی نے انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) سے سفارش کی کہ وہ ایسے ممالک کی شناخت کے لیے مالیاتی آڈٹ کرائے جن کو مدد کی ضرورت ہے۔ ایم سی سی کی عالمی کمیٹی نے اس مسئلے کو حل کرنے اور فارمیٹ کے "تقدس کے تحفظ" کے لیے ایک علیحدہ ٹیسٹ فنڈ بنانے کی سفارش کی۔

## جموں و کشمیر میں ملک کے تمام حصوں سے زیادہ سپورٹس انفراسٹرکچر : سرمد حفیظ

عظمیٰ سپورٹس ڈیسک

سری نگر// سکریٹری یوتھ سروسز اینڈ سپورٹس سرمد حفیظ کا کہنا ہے کہ جموں وکشمیر میں ملک کے تمام حصوں سے زیادہ سپورٹس انفراسٹرکچر موجود ہے اور اس کی ترقی کی رفتار بھی سب سے زیادہ تیز ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو تمام تر سپورٹس سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں تاکہ وہ کھیل کے مختلف شعبوں میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا سکیں۔ موصوف سکریٹری نے ان باتوں کا اظہار بدھ کو یہاں نامہ نگاروں کے ساتھ بات کرنے کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا: جہاں جہاں سپورٹس سامان کی کمی ہے وہاں یہ سامان بھیجا جا رہا ہے فٹ بال، باسکٹ بال وغیر کا سامان بھیجا جا رہا ہے جس کی کافی ڈیمانڈ ہے※۔ ان کا کہنا تھا کہ جموں وکشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کی ہدایات پر سپورٹس کے بنیادی ڈھانچے کو مستحکم کیا جا رہا ہے۔ سرمد حفیظ نے کہا کہ ملک میں شاید کوئی ایسی جگہ نہیں ہوگی جہاں سپورٹس کا شعبہ اس قدر تیزی سے ترقی کر رہا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں سب سے زیادہ سپورٹس انفراسٹرکچر جموں وکشمیر میں موجود ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ نوجوانوں کو سپورٹس کی تمام تر سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں تاکہ وہ اپنی صلاحیتوں کا منوا سکیں۔ سکریٹری نے کہا کہ جموں وکشمیر میں گذشتہ تین برسوں کے دوران سپورٹس شعبے نے غیر معمولی ترقی کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سال جہاں نئی سہولیات کو دستیاب رکھا جا رہا ہے وہیں پرانی سہولیات کو بھی مستحکم کیا جا رہا ہے۔




## بانڈی پورہ میں شمالی کشمیر کی شمولیتی کھیل تقریب




عظمیٰ سپورٹس ڈیسک

بانڈی پورہ// ڈسٹرکٹ ڈس ایبلیٹیشن سنٹر (ڈی ڈی آر سی) بانڈی پورہ نے ضلع انتظامیہ بانڈی پورہ کے اشتراک سے ایس کے سپورٹس سٹیڈیم بانڈی پورہ میں شمالی کشمیر میں شمولیتی سپورٹس ایونٹ کا انعقاد کیا۔ اس عظیم الشان تقریب کا افتتاح ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ ڈاکٹر اویس احمد نے کیا۔ نوڈل آفیسر کوارڈی نیشن محمد اشرف حقاق سمیت ضلع انتظامیہ بانڈی پورہ کے ممتاز معززین اور عہدیداروں نے شرکت کی۔ اس اقدام کا مقصد متنوع برادریوں کے درمیان شمولیت، اتحاد اور کھیل کو فروغ دینا ہے۔ ایونٹ میں متعدد سرگرمیوں کی نمائش کی گئی جس میں شامل کرکٹ، کیرم، شطرنج، اور وہیل چیئر ریس نے شرکاء اور تماشائیوں کو مسحور کر دیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر اویس نے کہا کہ نارتھ کشمیر انکلوسیو سپورٹس ایونٹ معذور افراد کے لیے ایک پلیٹ فارم پیش کرتا ہے، جس سے وہ اپنی صلاحیتوں، عزم اور ناقابل تسخیر جذبے کا مظاہرہ کر سکتے ہیں۔

## مغربی بنگال سونار پور آروہی کلب
# مقامی نوجوان برہما 1 چوٹی فتح کرنے نکلے




عظمیٰ سپورٹس ڈیسک

کشتواڑ// مغربی بنگال سونار پور آروہی کلب جس میں 12 ہنرمند کوہ پیماؤں کی ایک ٹیم شامل ہے، جس میں معروف کوہ پیما رودر پرساد ہلدر اور ستیارپ سدھانتا شامل ہیں، ماؤنٹ برہما— 1 کی چوٹی کو سر کرنے کے مہتواکانکشی مقصد کے ساتھ کشتواڑ خطے میں پہنچے ہیں۔ 6416 میٹر کی زبردست اونچائی پر کھڑا یہ پہاڑ اپنی تاریخ میں صرف چار کامیاب چڑھائیوں کا گواہ ہے، آخری مرتبہ 43 سال قبل 1980 میں ہوا تھا۔ اگر ٹیم کامیاب ہوتی ہے تو وہ ہندوستانی کوہ پیمائی کی تاریخ میں پہلا نام لکھے گا۔ ٹیم، جو کہ تجربہ کار اور جونیئر کوہ پیماؤں کے متنوع مرکب پر مشتمل ہے، اس چیلنجنگ مہم میں مدد کے لیے چھ شیرپا بھی شامل ہوئے ہیں۔ یہ چڑھائی برماسر وور یاترا کے ساتھ ملتی ہے، جو اس علاقے کی طرف بے شمار عقیدت مندوں کو اپنی طرف متوجہ کرتی ہے۔ کبرنالہ میں برماسر یاترا کمیٹی کے اراکین نے دل کھول کر ٹیم کو رہائش اور کھانے کی پیشکش کی ہے، ان کے اس کام کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ اس مہم کو مقامی کمیونٹی اور انتظامیہ کی جانب سے زبردست حمایت حاصل ہوئی ہے۔ کشتواڑ کے علاقے کے کوہ پیما، جنہوں نے حال ہی میں جواہر انسٹی ٹیوٹ آف ماؤنٹینیرنگ میں تربیت حاصل کی ہے، ٹیم کو بنیادی ڈھانچہ اور انتظامی مدد فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر کشتواڑ، ڈاکٹر دیونش یادو اور اے ڈی سی، اندرجیت سنگھ پریہار نے کوہ پیماؤں کے لیے پریشانی سے پاک سفر کو یقینی بنانے کے لیے مقامی انتظامیہ کی جانب سے غیر مشروط حمایت کی ہے۔ محکمہ جنگلی حیات اور جنگلات، ساؤنڈر میں 17 آر آر، اور مقامی پولیس اسٹیشن نے بھی اہم معلومات اور بنیادی ڈھانچے کی مدد فراہم کی ہے۔ ڈی سی کشتواڑ ڈاکٹر دیونش یادو کی درخواست پر فوج نے مہم کے دوران ضرورت پڑنے پر ریسکیو مدد کی یقین دہانی کرائی ہے۔

□□□

## ہندوستانی ٹیم یورپ کے دورے پر روانہ

عظمیٰ سپورٹس ڈیسک

بنگلورو// ہندوستانی خواتین کی ہاکی ٹیم بدھ کو ایشیائی کھیلوں کی تیاری کے لیے اپنے یورپی دورے پر روانہ ہوگئی۔ سویتا پونیا کی ٹیم تین میچوں کی سیریز کے لیے سب سے پہلے جرمنی جائے گی، جس کے بعد وہ اسپینش ہاکی فیڈریشن کی 100 ویں سالگرہ کے لیے اسپین روانہ ہوگی۔ جرمنی میں ہندوستان کی مہم چین کے خلاف 16 جولائی کو لمبرگ میں شروع ہوگی۔ اس کے بعد سویتا کی ٹیم 18 اور 19 جولائی کو ویزباڈن اور رسل شیم میں میزبان جرمنی سے مقابلہ کرے گی۔ اس کے بعد ہندوستانی ٹیم ہسپانوی ہاکی فیڈریشن کے 100 ویں سالگرہ کے بین الاقوامی ٹورنامنٹ کے لیے 20 جولائی کو ٹیراسا، اسپین جائے گی۔ ہندوستان اپنی مہم کا آغاز 25 جولائی کو میزبان اسپین کے خلاف کرے گا جبکہ اس کا اگلا میچ 27 جولائی کو جنوبی افریقہ کے خلاف ہوگا۔ ہندوستان کا آخری گروپ میچ 28 جولائی کو انگلینڈ کے خلاف ہوگا۔ ہندوستانی ٹیم اب تک بنگلورو میں اسپورٹس اتھارٹی آف انڈیا (سائی) کے مرکز میں نیشنل کوچنگ کیمپ میں تربیت حاصل کر رہی تھی۔ ہندوستانی ٹیم کی روانگی سے قبل کپتان سویتا نے کہا کہ ہم واقعی اس دورے کے منتظر ہیں۔ ایشین گیمز سے قبل اچھی ٹیموں کے خلاف کھیلنا ہمارے لیے سیکھنے کا اچھا تجربہ ہوگا۔ یہ میچز آئندہ ایشین گیمز کی تیاری کے لیے اہم ہوں گے۔ گزشتہ چند مہینوں میں اپنی طاقتوں اور کمزوریوں پر کام کرنے کے بعد ہم جرمنی اور اسپین میں اپنی بہترین کارکردگی کا ارادہ رکھیں گے۔



## نہ جے شاہ، نہ بھارتی ٹیم پاکستان جائے گی: آئی پی ایل چیئرمین

عظمیٰ سپورٹس ڈیسک

نئی دہلی// انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) کے چیئرمین ارون دھومل نے انکشاف کیا ہے کہ پاک بھارت بورڈ سربراہان کی ملاقات کے باوجود بھارت ایشیا کپ کیلئے پاکستان کا دورہ نہیں کرے گا۔ دھومل کا کہنا ہے کہ جنوبی افریقہ میں پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین ذکا اشرف اور بھارتی کرکٹ بورڈ کے سربراہ جے شاہ کے درمیان ملاقات ہوئی تھی تاہم ایسی کوئی بات نہیں ہوئی کہ بھارتی ٹیم پاکستان کا دورہ کرے گی یا ہمارے سیکریٹری پاکستان جائیں گے۔

## وین نیف ممبئی سٹی میں شامل ہوئے

عظمیٰ سپورٹس ڈیسک

ممبئی// ممبئی سٹی ایف سی نے بدھ کو نیدرلینڈ کے مڈفیلڈر یوئل وین نیف سے معاہدہ کرنے کی تصدیق کی۔ وین نیومئی 2025 تک دوسالہ معاہدے پر ممبئی سٹی میں شامل ہوں گے۔ نیدرلینڈز کے شہر گرونگن میں پیدا ہوئے وین نیف نے اپنے آبائی شہر کلب ایف سی گرونگن میں شامل ہونے سے پہلے اپنے کیریئر کا آغاز ایس سی کمبور سے کیا تھا۔ گرونگن کی اکیڈمی اور نوجوانوں کی ٹیموں کے ذریعے ترقی کرنے کے بعد وان نیو نے سینئر ٹیم میں شمولیت اختیار کی۔ وان نیف نے ایف سی گرونگن کے لیے 100 میچ کھیلے اور 2014-15 میں کلب کے ساتھ کے این وی بی کپ جیتا۔

# سوپور کی ابھرتی ہوئی خاتون کرکٹر قومی ٹیم کی نمائندگی کی خواہاں

طارق رحیم

سوپور// پچھلے کچھ سال کے دوران کشمیر بھر میں نوجوان خواتین مختلف قسم کے کھیلوں کو کھیلنے میں سرگرم عمل ہیں۔ ان میں سے کچھ نے تو کھیلوں کو کیریئر کے آپشن کے طور پر بھی چنا ہے، ایسی ہی ایک مثال وار پورہ سوپور کی ایک ابھرتے ہوئے کرکٹر سنوبر سمندر کی ہے۔ سنوبر نے پورے کشمیر میں اپنی پہچان حاصل کرنے والے ایک قائم بلے باز کی مہارتوں کو نوازا ہے۔ گورنمنٹ ڈگری کالج فار ویمن سوپور میں 5 ویں سمسٹر کی طالبہ سنوبر نے اپنے سکول کے دنوں میں ہی کرکٹ کھیلنا شروع کی۔ دسویں جماعت پاس کرنے کے بعد وہ گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری سکول سوپور میں کھیل کے میدان کی کمی کی وجہ سے دوسال تک کرکٹ نہیں کھیل سکی جہاں سے اس نے بارہویں جماعت پاس کی لیکن کالج میں وہ سرگرمی سے کرکٹ کھیل رہی ہے۔ سنوبر نے کہا کہ وہ گزشتہ دو سالوں سے بارہمولہ گیم سوئنگرز کرکٹ کلب سے منسلک ہیں۔ انکا کہنا تھا "میں اپنی ٹیم میں ایک اوپنر کے طور پر کھیل رہا ہوں جو مجھے زیادہ سے زیادہ ڈیلیوری کا سامنا کرنے کے لیے کافی وقت دیتا ہے۔ میں نے پورے کشمیر میں منعقدہ بڑے ٹورنامنٹس میں اپنی ٹیم کی نمائندگی کی ہے اور حال ہی میں مجھے نارتھ کشمیر ویمنز پریمیئر لیگ میں زیادہ سے زیادہ 178 رنز بنانے پر اورنج کیپ ہولڈر ہونے کا اعزاز حاصل ہوا ہے"۔ میڈیکل شاپ کے سیلز مین کی بیٹی، سنوبر ہندوستانی قومی خواتین کرکٹ ٹیم کی نمائندگی کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔ وہ ہندوستانی خواتین کی کرکٹ ٹیم کی کپتان ہرمن پریت کور کو آئیڈیل کرتی ہیں۔ سنوبر کو اب تک انفراسٹرکچر اور کوچنگ کے حوالے سے بہت سی رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ انہوں نے مزید کہا "چونکہ میں کسی معروف انسٹی ٹیوٹ سے کوچنگ حاصل کرنا چاہتی تھی، اس لیے دوسال پہلے میں اس کے لیے سری نگر گئی۔ اگرچہ وہاں کوچنگ مفت تھی، مجھے بورڈنگ اور قیام کے لیے ادائیگی کرنا پڑی اور مالی مجبوریوں کی وجہ سے میں صرف دو ماہ کے اخراجات برداشت کر سکی جس کے بعد مجھے واپس جانا پڑا"۔ سنوبر نے اپنے علاقے میں ایک خاتون کرکٹ کھلاڑی کے طور پر پیش آنے والی مشکلات کو تسلیم کیا لیکن اپنے مقاصد کو حاصل کرنے میں ان کی مدد کرنے کے لیے خاندان کے ثابت قدم تعاون کی تعریف کی۔ سنوبر نے حکام سے مالی مدد طلب کی ہے تاکہ وہ کرکٹ کھیلنے کا شوق جاری رکھ سکے۔



